اے حبیب الٰہ میری دستگیری فرماؤ نہیں ہے میرے عجز کے لیے تمہارے سوا کوئی سہارا

كُنْ رَّحِیْمًا لِّذِلَّتِیْ وَاشْفَعْ ❊ یَا شَفِیْعَ الْوَرٰی اِلَی الصَّمَدِ

مہربان رہیئے میری لغزش پر بھی اور شفاعت کیجئے بارگاہ صمدیت میں اے ساری مخلوق کے شفیع

اِعْتِصَامِیْ سِوَا جَنَابِكَ لِیْ ❊ لَیْسَ یَا سَیِّدِیْ اِلَی الْاَحَدِ

آپ کی بارگاہ کے علاوہ میری عصمت کا موجب کوئی نہیں ہے اے میرے آقا

غَیْرُ عُرْوَتِكَ لَیْسَ فِی الدَّارَیْنِ ❊ لِعَلِیْلٍ ذَلِیْلٍ مُعْتَمِدِیْ

سوائے تیرے مضبوط حلقہ کے دونوں جہان میں نہیں ہے اس بیمار و بیچارہ کے لیے جائے اعتماد

صَلَوَاتِیْ عَلَیْكَ فِی الْمَلَوَیْنِ ❊ كَانَ مُتَجَاوِزًا عَنِ الْعَدَدِ

میرے درود و صلوات ہوں آپ پر دونوں جہانوں میں گنتی و شمار سے زیادہ

اَللّٰهُمَّ بِقَبُوْلِكَ فِیْ كُلِّ حَالِنَا بِلَا نَظَرٍ حَسَنَاتِنَا بِمَحْضِ اِحْسَانِكَ

اے اللہ تیری قبولیت ہمارے شامل حال ہے تمام احوال میں بغیر نظر کئے طرف ہماری نیکیوں کے محض اپنے احسان

Marfat.com

وَفَضْلِكَ الْعَظِيْمِ ۚ كَيْفَ وَلَيْسَ مِنَّا حَسَنَةٌ لَّائِقٌ لِّقَبُوْلِكَ يَا سَيِّدَنَا

وفضل عظیم سے کیونکر ایسے نہ ہو جبکہ نہیں ہماری کوئی نیکی لائق اے ہمارے سید و مولیٰ تیری قبولیت کے

يَا مَوْلٰنَا لَكَ تَيْسِيْرٌ بِالْوَاقِعِ كُلَّ مَا شِئْتَ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ

تیری طرف سے ہی توفیق ہے فی الواقع ہر اس امر میں جو تو چاہے، میں تیرا ناقص بندہ ہوں۔ اور ناقص بندے کا بیٹا

وَاِنْ كَانَ اَنَا عَبْدٌ اٰبِقٌ مُّذْنِبٌ عَاصٍ بِذُنُوْبٍ كَثِيْرٍ كَثِيْرٍ لٰكِنْ

اگرچہ میں بھاگا ہوا گناہگار عاصی بندہ ہوں بے حد گناہوں کے ساتھ لیکن

لَيْسَ لَنَا اَحَدٌ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ اَوْلٰى لَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا اَنْتَ وَلِيُّنَا وَاَنْتَ

نہیں ہمارا کوئی بھی سوائے تیرے تو زیادہ رحیم ہے ہم پر بنسبت ہمارے نفوس کے۔ تو ہمارا کارساز اور

مَوْلٰنَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا مَوْلٰنَا حِلْمُكَ وَرَحْمَتُكَ وَقَبُوْلُكَ وَ

متولی امور ہے دنیا و آخرت میں اے ہمارے مولیٰ تیری بردباری اور رحمت۔ قبولیت اور

شَفَاعَتُكَ اَوْسَعُ وَاَعْظَمُ لِلْعَفْوِ وَالشَّفَاعَةِ لِجَمِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَ

شفاعت زیادہ وسیع و عظیم ہے تمام گناہگاروں کی بخشش اور شفاعت کے لئے اور

لِلْقَبُوْلِ وَلِلْوَسِيْلَةِ لِجَمِيْعِ الْمُلْتَمِسِيْنَ الرَّاجِيْنَ وَالْعَاجِزِيْنَ

قبولیت توسل کے لیے واسطے تمام اہل التماس امیدواروں۔ عاجزوں۔

الْمُتَحَيِّرِيْنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازٰى نَبِيًّا

حیرت زدوں اور کمزوروں کے لیے۔ جزا دے اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے افضل ترین جزا بنسبت

عَنْ اُمَّتِهٖ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝

اس جزاء کے جو کسی بھی نبی کو اُمت کی طرف سے دی۔ بے شک آپ کا اجر نہ ختم ہونے والا ہے۔ اور آپ خلق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

عظیم پر حاوی ہو۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ جن کے اسم مبارک کو

حَجَبَ اللّٰهُ اِسْمَهٗ اَنْ يُّسَمّٰى بِهٖٓ اَحَدٌ مِّنْ عِبَادِهٖ قَبْلَ ظُهُوْرِهٖ وَمِيْلَادِهٖ

تو نے محفوظ رکھا اس سے کہ کوئی اس سے موسوم ہو آپ کے ظہور و ولادت سے قبل۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَا یَدْخُلُ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ نہیں داخل ہو گا

النَّارَ مِنَ الْاَنَامِ مَنْ یُّسَمّٰی بِاسْمِہٖ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ لَوْ کَانَتْ نَفْسُنَا فِیْ کُلِّ

آتش دوزخ میں جوان کے نام سے موسوم ہوگا یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔ اگرچہ ہمارا نفس ہر

حَالٍ اَذْنَبَ الْمُذْنِبِیْنَ وَاَحْیَرَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَاَجْھَلَ الْجَاھِلِیْنَ وَاَضَلَّ

حال میں سب سے گناہگار تر اور سب حیرت زدگان سے زیادہ حیرت والا۔ سب جاہلوں سے جاہل تر

الْمُضِلِّیْنَ وَاَخْیَبَ الْخَآئِبِیْنَ وَاَعْصَی الْعَاصِیْنَ فَلَا تَحْرِمْنَا فَارْزُقْنَا

اور گمرہوں سے گمراہ تر اور رسواؤں سے رسوا تر اور نافرمانوں سے نافرمان تر ہے پھر بھی ہمیں محروم نہ فرما اور ہمیں

مِنْ کَمَالِ شَفَاعَتِہٖ وَدَلَالَتِہٖ وَذَخِیْرَتِہٖ وَوَسِیْلَتِہٖ وَھِدَایَتِہٖ وَ

نصیب فرمان کی شفاعت کاملہ اور رہنمائی اور ذخیرہ سے اور ان کے وسیلہ، ہدایت اور

عِنَایَتِہٖ وَحِفْظِہٖ بِفَضْلِکَ الْعَظِیْمِ وَاِحْسَانِکَ الْکَرِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

عنایت و حفاظت سے اپنے فضل عظیم اور احسان کریم کے ساتھ۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعَلَامَۃِ وَالْغَمَامَۃِ وَالنُّبُوَّۃِ وَالرِّسَالَۃِ اَللّٰھُمَّ

فرما سیدنا محمد پر جو امتیازی علامت اور سایہ فگن بادل اور نبوت و رسالت والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ یُنَادٰی یَوْمَ

درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ جنہیں ندا دی جائے گی قیامت کے دن

الْقِیٰمَۃِ اِکْرَامًا لِّعُلُوِّ قَدْرِہٖ وَعَظْمَتِہٖ لَیَدْخُلَنَّ الْجَنَّۃَ مَنْ یُّسَمّٰی بِاسْمِہٖ

ان کے علو قدر اور عظمت کے اکرام کے طور پر چاہیئے کہ جنت میں داخل ہو جائے جو موسوم ہے ان کے نام نامی سے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَنْ قَبَّلَ

اے اللہ درود و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر کہ جس نے ان کے نام کا بوسہ لیا

اِسْمَہٗ فِیْ کِتَابٍ رُفِعَ عَنْہُ الْعَذَابُ یَا اَللّٰہُ اِذَا اسْتَغْفَرَ اٰدَمُ بِحَقِّہٖ فَغَفَرْتَ لَہٗ

کتاب میں تو اس سے عذاب اٹھا لیا گیا۔ اے اللہ جب آدم نے مغفرت طلب کی ان کے توسل سے تو تو نے انہیں بخش دیا

Marfat.com

فَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا لَا بِعِلْمِنَا وَعَمَلِنَا وَوَفِّقْنَا لِمَرْضِيَّاتِكَ وَثَبِّتْنَا

پس ہم سے بھی درگزر فرما اور ہمیں بخش اور رحم فرمانہ ساتھ ہمارے علم وعمل کے۔ اور ہمیں توفیق دے اپنے پسندیدہ امور کی اور

عَلٰى دِيْنِكَ وَعَلٰى طَاعَتِكَ بِخَيْرِ الْخَيِّرِيْنَ بِكُلِّ قَوْلِنَا وَفِعْلِنَا وَحَالِنَا بِحَقِّهٖ وَ

ثابت رکھ اپنے دین اور طاعت پر بطفیل بہترین خلائق کے ہمارے ہر قول وفعل اور حال میں بحق محمد اور

بِحَقِّ حِلْمِهٖ وَاِحْسَانِهٖ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ مَوْلٰنَا وَاَنَا عَبْدٌ عَاجِزٌ بِالْفِعْلِ وَ

بطفیل ان کے حلم واحسان کے۔ یا اللہ یا اللہ یا اللہ تو ہی ہمارا مولیٰ ہے اور میں عاجز بندہ ہوں فعل و

الْقُوَّةِ بِذَاتِنَا وَصِفَاتِنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ وَالظّٰلِمِيْنَ وَالْجَابِرِيْنَ

قوت میں باعتبار اپنی ذات وصفات کے پس ہمیں مدد دے کافروں۔ ظالموں ۔ جابروں ۔

وَالْجَآئِرِيْنَ وَالْمُتَكَبِّرِيْنَ وَالْجَاهِلِيْنَ وَعَلٰى كُلِّ حَاسِدِيْنَ وَعَلٰى كُلِّ مُعَانِدِيْنَ

اہل جور اور متکبر وجاہل قوم پر اور تمام اہل حسد و اہل عناد پر بطفیل تمام

بِحُرْمَةِ جَمِيْعِ الْمَقْبُوْلِيْنَ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ كَانَتْ لَيْسَ

مقبولین انبیاء و مرسلین اور صالحین کے اگرچہ ہم میں

لَنَا قَابِلِيَّةٌ بِاَدَآءِ الدُّعَآءِ الْمَقْبُوْلِ لٰكِنْ اَنْتَ وَلِيُّ التَّوْفِيْقِ وَالْاِجَابَةِ الْكَامِلَةِ

قابلیت نہیں ہے مقبول دعا کی ادائیگی کی لیکن تو مالک ہے توفیق کا اور کامل اجابت کا

تَقَبَّلْنَا بِحُرْمَةِ وَعِزَّةِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ وَبِحُرْمَةِ وَعِزَّةِ جَمِيْعِ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ

پس ہمیں قبولیت بخش اپنے حبیب محمد کی حرمت وعزت کے طفیل اوران کے مقبول آل واصحاب اور

اَتْبَاعِهِ الْمَقْبُوْلِيْنَ الْاَقْبَلِيْنَ بِاجْتِبَآئِكَ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اتباع کی حرمت وعزت کے طفیل جو مقبول ترین ہیں تیرے اجتباء کریم کے سبب سے۔ اے اللہ درود وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ خَلَقَ اللّٰهُ لِاَجْلِهٖ مَلَآئِكَةً سَيَّاحِيْنَ

سیدنا محمد و آل محمد پر کہ جن کے لیے اللہ نے سیاح ملائکہ پیدا فرمائے ہیں ہمیشہ زیارت کرنے

مَدَّ الْاَبَدِ لِزِيَارَةِ كُلِّ دَارٍ فِيْهَا اِسْمُهٗ اَحْمَدُ وَمُحَمَّدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے لیے اس مکان کی جس میں احمد و محمد نام والا شخص ہو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

Marfat.com

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اِقْتَعَدَ غَارِبَ الْجُوْدِ مِنْ مَّکَامِنِہٖ

سیدنا محمد و آل محمد پر جو متمکن ہوئے جود و نوال کی گردن پر اس کے خفیہ ٹھکانے

وَخَزَآئِنِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ

اور مخزن سے۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو مختص ہیں

بِالْقَسَمِ بِہٖ عَلٰی مَوْلَاہُ دُوْنَ مَخْلُوْقٍ سِوَاہُ اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ وَالْاَجْسَادِ

قسم کے ساتھ اپنے مولیٰ کی طرف سے بغیر دوسرے انسانوں کے۔ اے اللہ۔ اے مالک ارواح اور بوسیدہ

الْبَالِیَۃِ اَسْئَلُکَ بِطَاعَۃِ الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَۃِ اِلٰٓی اَجْسَادِھَا وَبِطَاعَۃِ الْاَجْسَادِ

اجسام کے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل اطاعت ان ارواح کے جو اپنے اجسام کی طرف لوٹنے والے ہیں اور بطفیل ان

الْمُلْتَئِمَۃِ بِعُرُوْقِھَا وَبِکَلِمَاتِکَ النَّافِذَۃِ فِیْھِمْ وَاَخْذِکَ الْحَقَّ مِنْھُمْ وَالْخَلَآئِقُ

اجسام کی اطاعت کے جو اپنی رگوں سے ملنے والے ہیں اور بطفیل تیرے کلمات کے جو ان میں مؤثر ہیں اور بطفیل تیرے ان سے حق وصول کرنیکے

بَیْنَ یَدَیْکَ یَنْتَظِرُوْنَ فَصْلَ قَضَآئِکَ وَیَرْجُوْنَ رَحْمَتَکَ وَیَخَافُوْنَ عِقَابَکَ

جب کہ خلائق تیرے سامنے تیری قضاء و فیصلہ کے منتظر ہونگے تیری رحمت کے امیدوار اور تیرے عذاب سے خوفزدہ ہونگے

اَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَذِکْرَکَ بِاللَّیْلِ وَالنَّھَارِ عَلٰی لِسَانِیْ وَعَمَلًا صَالِحًا

کہ پیدا کرے نور میری نگاہ میں اور اپنا ذکر شب و روز میری زبان پر جاری کرے اور عمل صالح

فَارْزُقْنِیْ اَللّٰھُمَّ اَفْرِدْنِیْ لِمَا خَلَقْتَنِیْ وَلَا تُشْغِلْنِیْ بِمَا تَکَفَّلْتَ لِیْ بِہٖ وَلَا

نصیب فرمائے۔ اے اللہ مجھے یکسوئی بخش مقصد تخلیق کے لیے اور مجھے مشغول نہ فرما ان امور میں جن کا تو کفیل

تَحْرِمْنِیْ وَاَنَا اَسْئَلُکَ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ وَاَنَا اَسْئَلُکَ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُکَ

ہو چکا اور محروم نہ رکھ حالانکہ میں تجھی سے سوال کرتا ہوں۔ اور مجھے عذاب نہ دینا جبکہ میں تجھی سے سائل ہوں اور مجھے عذاب نہ دینا

اَللّٰھُمَّ اَحْیِ قَلْبِیْ وَاَمِتْ نَفْسِیْ حَتّٰٓی اَحْیَا بِکَ حَیَاۃً طَیِّبَۃً فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ

جبکہ میں تجھی سے استغفار کرتا ہوں۔ اے اللہ میرا دل زندہ فرما اور میرا نفس مار تاکہ میں تیرے طفیل حیات طیبہ حاصل کرلوں دنیا و آخرت

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

میں بیشک تو ہر شئی پر کامل دسترس والا ہے۔ اے اللہ درود و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

Marfat.com

مُحَمَّدٍ سُلَّمِ الرِّضَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

پر جو حصول رضا کی سیڑھی ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدٍ رَفْرَفِ الْاِصْطِفَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

پر جو اصطفاء کا رفرف ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِدْرَةِ الْاِنْتِھَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

محمد پر جو منتہائے کمالات کے لیے سدرہ ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَمْسِ الْعَالَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

محمد پر جو آفتاب جہانتاب ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَدْرِ الْکَمَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کی آل پر جو کمالات کے ماہ تمام ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَجْمِ الْھُدٰی اٰیَةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کی آل پر جو ہدایت کے روشن ستارے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَوْھَرِ الْکَوْنَیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کی آل پر جو دونوں جہان کی اصل ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَلِیْلِكَ الْاَقْدَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کی آل پر جو محبوب تیرے قدیم ترین خلیل ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ الْاَکْرَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کی آل پر جو حبیب مکرم ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سُلْطَانِكَ الْاَقْوَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کی آل پر جو تیرے مضبوط ترین سلطان ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ الْقَآئِمِ بِاَمْرِكَ اَللّٰھُمَّ لَیْسَ اَنْتَ بِغَآئِبٍ نَنْتَظِرُہٗ وَلَا بِغَافِلٍ

آپ کی آل پر جو تیرے امر کو قائم رکھنے والے عبد ہیں۔ اے اللہ تو غائب نہیں کہ ہم انتظار کریں اور غافل نہیں

Marfat.com

نُذَكِّرُهٗ وَلَا بِنَائِحٍ نَزْعَجُهٗ وَلَا بِعَاجِزٍ نَهْجُرُهٗ يَا تَوَّابُ اَنْتَ التَّوَّابُ عَلٰى مَنْ

کہ یاد دہانی کرائیں۔ اور سویا ہوا نہیں کہ اٹھائیں اور عاجز نہیں کہ چھوڑ دیں اے تواب تو ہی توبہ قبول کرنے والا ہے

تَابَ وَالْمُقَرِّبُ لِمَنْ اَنَابَ وَاَنْتَ الَّذِیْ بَسَطْتَّ نُوْرَ كَرَمِكَ عَلٰى قُلُوْبِ الطُّلَّابِ

اہل توبہ کی اور قربت بخشنے والا ہے اہل انابت کو اور تونے ہی اپنے نور کرم کو اہل طلب کے قلوب پر پھیلایا

وَاَنْتَ الَّذِیْ اَحْيَيْتَ اَرْوَاحَ اَهْلِ الرُّوْحِ وَطَابَ حَتّٰى رَجَعُوْا اِلَيْكَ وَهَادُوْا

تونے ہی ذی روحوں کے روحوں کو زندگی بخشی اور پاکیزگی دی حتی کہ وہ تیری طرف لوٹے اور مائل ہوئے

اِلَيْكَ بِسَرَآئِرِهِمْ وَنَابُوْا اِلَيْكَ بِقُلُوْبِهِمْ وَمَالُوْا اِلَيْكَ بِظَوَاهِرِهِمْ مِنْكَ

اپنے سرائر کے ساتھ اور نائب ہوئے تیری طرف اپنے قلوب کے ساتھ اور راغب ہوئے اپنے اجسام کے ساتھ

الْخَوْفُ وَالتَّائِيْدُ وَاِلَيْكَ مَالُ الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِنُوْرِ التَّوْبَةِ

تیری طرف سے ہی خوف اور تقویت ہے اور تیری طرف ہی بازگشت ہے قریب و بعید کی میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

وَضِيَآءِ الْاَدْمَةِ وَكَمَالِ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ الْاِيَابَ اِلَيْكَ سِرًّا وَّ

اے اللہ بطفیل نور توبہ اور رجوع الی اللہ کی ضیا کے اور کمال رافت و رحمت کے کہ مجھے عطا کرے اپنی طرف رجوع خفیہ اور

جَهْرًا وَالْوُقُوْفَ لَدَيْكَ حُكْمًا وَّاَمْرًا وَاحْفَظْنِیْ مِنْ كَرَمِكَ حَتّٰى لَآ اَنْقَهْقِرَ اِلٰى

اور علانیہ اور اپنے ہاں ٹھہرنا از روئے حکم و امر کے اور محفوظ فرما مجھے اپنے کرم کے ساتھ تاکہ نہ واپس لوٹوں

مَحَالِ التَّفْرِقَةِ عِقَابًا وَّقَهْرًا وَّاجْبُرْنِیْ بِنَظْرَةٍ مِّنْكَ لَا نَالَ سِرَّ قَوْلِكَ سَيَجْعَلُ

مقام تفرقہ کی طرف از روئے عقاب و قہر کے اور میری کوتاہی دور فرما اپنی نظر کرم سے تاکہ میں پاؤں تیرے اس قول کا راز حقیقت

اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ

عنقریب پیدا فرمائے گا اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد سہولت۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں رضا کا بعد قضا کے اور پسندیدہ

الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَشَوْقًا اِلٰى لِقَآئِكَ فِیْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّ

گزران کا بعد موت کے اور تیری ذات کی طرف نظر کی لذت کا اور تیرا شوق لقاء بغیر کسی ضرر رساں امر کے

لَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ سُقْ اِلَيْنَا مِنْ رَّحْمَتِكَ مَا يُغْنِيْنَا وَاَنْزِلْ عَلَيْنَا

اور گمراہ کن فتنہ کے۔ اے اللہ چلا ہماری طرف اپنی رحمت سے جو ہمیں بے نیاز کر دے اور نازل فرما ہم پر

Marfat.com

مِنْ بَرَكَاتِكَ مَا يُكْفِيْنَا وَادْفَعْ عَنَّا مِنْ بَلَآئِكَ مَا يُبْلِيْنَا وَاَلْهِمْنَا مِنَ الْعَمَلِ

اپنی برکات سے جو ہمیں کفایت کریں۔ اور دور کر ہم سے اپنی بلیات کو جو ہمیں بوسیدہ کردیں اور ہمیں الہام فرما

الصَّالِحِ مَا يُنْجِيْنَا وَجَنِّبْنَا مِنَ الْعَمَلِ السَّيِّئِ مَا يُرْدِيْنَا وَاَفِضْ عَلَيْنَا مِنْ

عمل صالح کا جو ہمیں نجات دلائے۔ اور دور فرما ہمیں اس برے عمل سے جو ہلاکت میں ڈالے۔ اور ہم پر فیضان فرما

نُّوْرِ هِدَايَتِكَ مَا يُقَرِّبُنَا مِنْ مَّحَبَّتِكَ وَيُدْنِيْنَا وَادْفَعْ عَنَّا مِنْ مَّقْتِكَ مَا

اپنے نور ہدایت سے جو ہمیں تیری محبت کے قریب و نزدیک کردے اور دور فرما ہم سے اپنی ناراضگی جو

يُؤْذِيْنَا وَاقْذِفْ فِيْ قُلُوْبِنَا مِنْ نُّوْرِ مَعْرِفَتِكَ مَا يُحْيِيْنَا وَارْزُقْنَا مِنَ

ہمیں ایذاء دے اور ڈال دے ہمارے دلوں میں اپنے نور معرفت سے جو ہمیں زندگی بخشے اور عطا کر ہمیں

الْيَقِيْنِ مَا يُثَبِّتُ بِهٖ اَفْئِدَتَنَا وَيَشْفِيْنَا وَعَافِنَا ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا مِّنْ كُلِّ مَا

اتنا یقین کہ ثابت رکھے اس کے ساتھ ہمارے قلوب اور ہمیں شفا و عافیت دے ظاہر و باطن کے لحاظ سے جملہ عوارض

فِيْنَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

سے جو ہم میں ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو آخری نبی

وَصَادِقِ الْوَعْدِ الْاَمِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

سچے وعدہ والے اور امین ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدِنِ الشَّفِيْعِ الْكَرِيْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

پر جو قیامت کے دن شفیع کریم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعِزِّ الشَّامِخِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

آپ کی آل پر جو ہمالہ صفت عزت والے ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدِنِ الْمَجْدِ الْبَازِخِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

پر جو کہ نمایاں بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر

النُّوْرِ الطَّامِحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَقِّ

جو بلند و بالا نور ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو سراپا واضح

Marfat.com

الْوَاضِحِ اِلٰهِیْ حَسَنَاتِیْ مَعَ فَقْرِیْ اِلَیْهَا لَوَهَبْتُكَ اِیَّاهَا وَاَنَا عَبْدُكَ فَكَیْفَ

حق ہیں۔ اے اللہ میری نیکیاں باوجود میری ان کی طرف محتاجی کے میں نے تجھے پیش کردیں حالانکہ میں تیرا بندہ ہوں پس

لَمْ تَهَبْ لِیْ سَیِّاٰتِیْ مَعَ غِنَآئِكَ عَنْهَا وَاَنْتَ رَبِّیْ اِلٰهِیْ اَمَرْتَنَا اَنْ لَّا نَرُدَّ

کیسے نہ بخشے گا میری خاطر میری برائیاں باوجود بے نیازی کے حالانکہ تو میرا رب ہے۔ اے اللہ تو نے ہمیں حکم دیا کہ مساکین کو اپنے

الْمَسَاكِیْنَ عَنْ اَبْوَابِنَا وَنَحْنُ مَسَاكِیْنُكَ فَلَا تَرُدَّنَا عَنْ بَابِكَ یَا كَرِیْمُ

دروازوں سے نہ ٹھکراؤ اور ہم تیرے ساکین ہیں لہٰذا تو بھی ہمیں نہ ٹھکرانا اپنے در اقدس سے اے کریم

وَاَمَرْتَنَا اَنْ نَّتَصَدَّقَ عَلٰی فُقَرَآئِنَا وَنَحْنُ فُقَرَآئُكَ فَتَصَدَّقْ عَلَیْنَا وَ

اور تو نے حکم دیا کہ ہم فقراء پر صدقہ کریں اور ہم تیرے فقیر ہیں لہٰذا تو ہمیں صدقہ وخیرات دے اور

اَمَرْتَنَا اَنْ نُّعْتِقَ مَنْ شَابَ فِیْ مُلْكِنَا فَاَعْتِقْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَحِیْمُ وَ

تو نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اپنے بوڑھے مملوک کو آزاد کر دیں پس تو بھی ہمیں آزاد فرما اے رحیم۔ اور

اَمَرْتَنَا اَنْ نَّعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنَا وَقَدْ ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا فَاعْفُ عَنَّا بِرَحْمَتِكَ

تو نے ہمیں حکم دیا کہ ہم درگزر کریں ظلم کرنے والوں سے اور ہم نے اپنے نفوس پر ظلم کیا ہے پس ہم سے درگزر

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَرَّفْتُ رَجَآئِیْ اِلٰی وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ وَاَحْسَنْتُ

فرما اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ میں نے اپنی امید کو تیری ذات کریم کی طرف متوجہ کیا اور اچھا کیا ہے

ظَنِّیْ فِیْ عَفْوِكَ الْعَظِیْمِ فَارْحَمْنِیْ وَارْحَمْ وَالِدَیَّ وَاِخْوَانِیْ وَالْمُنْتَسِبِیْنَ

اپنا گمان تیری عظیم عفو میں پس مجھ پر رحم فرما اور میرے والدین اور بھائیوں اور میرے اہل نسبت پر

اِلَیَّ وَارْضَ عَنِّیْ وَعَنِ الْمُنْعِمِیْنَ عَلَیَّ وَلَا تَصْرِفْ رَجَآئِیْ عَنْ وَّجْهِكَ

اور مجھ سے راضی ہو اور مجھ پر انعام کرنے والوں سے اور میری امید کو اپنی ذات کریم سے

الْكَرِیْمِ خَآئِبًا وَلَا تَجْعَلْ حُسْنَ ظَنِّیْ فِیْ عَفْوِكَ الْعَظِیْمِ كَاذِبًا اِلٰهِیْ كَیْفَ

نامراد نہ لوٹانا اور میرے حسن ظن کو اپنی عفو عظیم کے متعلق جھوٹا نہ بنانا۔ اے میرے الٰہ میں کیسے

اَصْدُرُ عَنْ بَابِكَ خَآئِبًا وَقَدْ وَرَدْتُّهٗ عَلٰی ثِقَةٍ وَكَیْفَ تُوْئِسُنِیْ مِنْ عَطَآئِكَ

لوٹوں نامراد تیرے در اقدس سے جبکہ میں پر وارد ہوا ہوں وثوق کے ساتھ۔ اور تو کیسے مایوس فرمائیگا اپنی عطا سے

Marfat.com

وَقَدْ اَمَرْتَنِیْ بِدُعَآئِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِیْ بِهَا

جبکہ تو نے ہی مجھے حکم دیا ہے دعا کا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری مخصوص رحمت کا جس کے طفیل

قَلْبِیْ وَتَجْمَعُ بِهَآ اَمْرِیْ وَتَلُمُّ بِهَا شَعْثِیْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِیْنِیْ وَتَقْضِیْ بِهَا

میرے دل کو ہدایت دے اور امور کو جمعیت اور پراگندگی کی اصلاح فرمائے اور حاجات پوری فرما دے

حَاجَتِیْ وَتَحْفَظُ بِهَا غَآئِبِیْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِیْ وَتُبَیِّضُّ بِهَا وَجْهِیْ

اور حفاظت فرمائے میرے غائب کی اور بلندی بخشے میرے حاضر کو اور روشن کرے بسبب اس کے میرے چہرے کو

وَتُزَكِّیْ بِهَا عَمَلِیْ وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رُشْدِیْ وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِیْ وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا

اور پاکیزہ فرمائے عمل کو اور الہام فرمائے رشد و بھلائی کا اور لوٹائے میری الفت کو اور بچائے مجھے ہر

مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ وَتَغْفِرُ لِیْ بِهَا مِنْ كُلِّ ذَنْۢبٍ كَبِیْرٍ وَّصَغِیْرٍ یَآ اَللّٰهُ یَا رَبِّ

برائی سے اور بخشے میرا ہر گناہ صغیرہ و کبیرہ۔ اے اللہ اے ربّ

اِرْحَمْ مَنْ ضَاقَتْ عَلَیْهِ الْاَكْوَانُ وَلَمْ تُؤْنِسِ الثَّقَلَانِ وَقَدْ اَصْبَحَ

رحم فرما اس پر جس پر جہان تنگ ہو گئے اور جن و انس اس سے مانوس نہ ہوئے اور وہ صبح

وَاَمْسٰی مُوْلِهًا حَیْرَانَ وَاَضْحٰی غَرِیْبًا وَلَوْ كَانَ بَیْنَ الْاَهْلِ وَالْاَوْطَانِ

و شام سرگردان و حیران ہے اور غریب الوطن ہو چکا اگرچہ بظاہر اہل و تعارب اور وطنوں

مُنْزَعِجًا لَّا یَاْوِیْهِ مَكَانٌ قَلِقًا لَّا یُلْهِیْهِ عَنْ بَثِّهٖ وَحُزْنِهٖ تَغَیُّرُ الْاَزْمَانِ

میں ہے۔ بے قرار ہے کوئی مکان اسے جگہ نہیں دیتا۔ مضطرب ہے اسے ملال و حزن سے غافل نہیں کرتا

مُسْتَوْحِشًا لَّا یَاْنَسُ قَلْبُهٗ بِاِنْسٍ وَّلَا جَآنٍّ رَبِّ هَلْ فِی الْوُجُوْدِ رَبٌّ

زمانوں کا تغیر، وحشت زدہ ہے نہیں انس گیر ہوتا اس کا دل کسی انسان و جن کے ساتھ۔ اے میرے رب کیا تیرے سوا کوئی رب

سِوَاكَ فَیُدْعٰی اَمْ فِی الْمَمْلَكَةِ اِلٰهٌ غَیْرُكَ فَیُرْجٰی اَمْ هَلْ كَرِیْمٌ غَیْرُكَ

موجود ہے؟ تاکہ اسے پکارا جائے یا مملکت میں تیرے علاوہ کوئی الٰہ ہے تاکہ اس سے امید رکھی جائے یا کوئی کریم

فَیُطْلَبُ مِنْهُ الْعَطَا اَمْ هَلْ ثَمَّ جَوَادٌ سِوَاكَ فَیُسْئَلُ مِنْهُ الْفَضْلُ وَالنُّعْمَآءُ

تیرے علاوہ ہے جس سے عطا کی طلب کی جائے یا تیرے علاوہ کوئی صاحب جود ہے جس سے انعام و فضل کا رواں کیا جائے

Marfat.com

اَمْ هَلْ حَاكِمٌ غَيْرُكَ فَيُرْفَعُ اِلَيْهِ الشَّكْوٰى ثُمَّ يُحَالُ الْعَبْدُ الْفَقِيْرُ عَلَيْهِ

یا تیرے علاوہ کوئی حاکم ہے جس کے پاس شکایت کی جائے پھر عبد فقیر کو اس کے حوالے کیا جائے

اَمْ هَلْ ثَمَّ مَنْ تُبْسَطُ الْاَكُفُّ وَتُرْفَعُ الْحَاجَاتُ اِلَيْهِ فَلَيْسَ لَنَآ اِلَّا

یا کہیں کوئی ہے کہ دست سوال اس کے سامنے پھیلائے جائیں اور حاجات پیش کی جائیں پس نہیں ہے ہمارے لیے

كَرَمُكَ وَجُوْدُكَ يَا مَنْ لَّا مَلْجَاَ اِلَّآ اِلَيْهِ يَا مَنْ يُّجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ

مگر صرف تیرا کرم اور جود۔ اے کہ نہیں ہے جائے پناہ مگر طرف اسی کے۔ اے کہ جو پناہ دیتا ہے اور اس پر پناہ

اَهَاهُنَا كَرِيْمٌ غَيْرُكَ فَيُرْجٰى اَمْ مَّنْ سِوَاكَ جَوَادًا فَيُسْئَلُ مِنْهُ الْعَطَا

نہیں دی جاتی۔ کیا یہاں تیرے سوا کوئی کریم ہے تاکہ اس سے امید کی جائے یا تیرے علاوہ کوئی صاحب جود ہے جس سے عطا کا

رَبِّ قَدْ جَفَانِيَ الْحَبِيْبُ وَمَلَّنِيَ الطَّبِيْبُ وَشَمِتَ بِيَ الْعَدُوُّ وَالْقَرِيْبُ

سوال کیا جائے۔ اے میرے رب مجھ پر دوستوں نے جفا کی اور طبیبوں نے ملال ظاہر کیا اور میرا دشمن اور قریبی میری وجہ سے

وَاشْتَدَّ بِيَ الْكَرْبُ وَالنَّحِيْبُ وَاَنْتَ الْوَدُوْدُ الْقَرِيْبُ الرَّءُوْفُ الْمُجِيْبُ

خوش ہوا۔ اور سخت ہوگیا میرا اندوہ اور نالہ و فریاد۔ اور تو ہی بہت محبت والا قریب مہربان اور دعائیں قبول فرمانے والا ہے

رَبِّ اِلٰى مَنْ اَشْكُوْا حَالَتِيْ وَاَنْتَ الْعَلِيْمُ الْقَادِرُ اَمْ بِمَنْ اَسْتَنْصِرُ

اے میرے رب میں کس کے سامنے اپنی شکایت حال کروں حالانکہ تو علیم و قادر ہے یا میں کس سے نصرت طلب کروں

وَاَنْتَ الْوَلِيُّ النَّاصِرُ اَمْ بِمَنْ اَسْتَغِيْثُ وَاَنْتَ الْوَلِيُّ النَّاظِرُ اَمْ اِلٰى مَنْ

جبکہ تو ولی و ناصر ہے۔ یا میں کس سے فریادرسی کی اپیل کروں جبکہ تو ولی و ناظر ہے۔ یا میں کس کی پناہ

اَلْتَجِئُ وَاَنْتَ الْكَرِيْمُ السَّاتِرُ اَمْ مَّنْ ذَا الَّذِيْ يَجْبُرُ كَسْرِيْ قَلْبِيْ وَاَنْتَ

ڈھونڈوں جبکہ تو کریم و پردہ پوش ہے یا کون ہے وہ جو میرے ٹوٹے دل کو جوڑے جبکہ تو ہی ہے

لِلْقُلُوْبِ جَابِرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ٹوٹے دل جوڑنے والا ہے۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر

مُحَمَّدٍ جُوْدِ الْاَكْرَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جو صاحب جود و کرم ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

Marfat.com

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الْاَفْخَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد پر جو بزرگ نور ہیں۔ اے اللہ درود و سلام نازل ہو سیدنا محمد

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْعِزِّ الْاَعْظَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

و آل محمد پر جو مجسم عزت اور عظیم ترین ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُطْبِ رَحَی النَّبِیِّیْنَ وَنُقْطَةِ

محمد و آل محمد پر جو انبیاء کی چکی کے قطب اور

دَآئِرَةِ الْمُرْسَلِیْنَ اَللّٰھُمَّ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَغْفِرُ عَظِیْمَ ذَنْبِیْ وَاَنْتَ

مرسلین کے دائرہ کا مرکزی نقطہ ہیں۔ اے اللہ کون ہے جو میرے عظیم گناہوں کو بخشے جبکہ تو

الرَّحِیْمُ الْغَافِرُ یَا عَالِمُ بِمَا فِی السَّرَآئِرِ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

رحیم۔ بخشنے والا ہے۔ اے حقیات امور کے جاننے والے۔ پس یقین رکھو کہ نہیں ہے معبود برحق مگر اللہ

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰهُ

اور استغفار کیجئے اپنے لیے اور مومنین و مومنات کے گناہوں کے لیے اور اللہ تعالیٰ

یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ

جانتا ہے تمہارے محل گردش کو اور محل قرار کو۔ وہ اللہ کہ نہیں معبود برحق

اِلَّا هُوَ ۚ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ

مگر وہی۔ جاننے والا ہے غیب اور شہادت کا۔ وہی

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝

رحمٰن رحیم ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝

فرما دیجئے وہ اللہ یگانہ ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ اس نے جنا (کسی کو) اور نہ وہ جنا گیا

وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نہیں ہے کوئی اس کے مثیل و مشابہ۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ المنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفہ عجائب وھدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرسول

الجزء العشرون ۲۰

فی حبہٖ ومحبوبیتہٖ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خلاصۂ مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمٰن صاحب

ساکن چھوھر شریف ضلع ھری پور

صوبۂ سرحد پاکستان

Marfat.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحُبِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِمَحَبَّةِ بِسْمِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی محبّت کے اور بطفیل بسم اللہ

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِبَلَاغَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ

الرحمٰن الرحیم کی حبّ کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بلاغت کے اور

بِفَصَاحَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِرَاحَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

بطفیل بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم کی فصاحت کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی

الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ

راحت کے۔ تمام حمدیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں جو بہت مہربان۔ رحم فرمانے والا۔ یوم جزاء کا

الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○

مالک ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں راہ راست پر چلا۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

ان کی راہ جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِیْ حَقِّ عِزَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كُنْتُمْ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے اعزاز میں صلی اللہ علیہ وسلم۔ اگر تم

تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اللہ تعالیٰ سے محبّت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو تب اللہ تعالیٰ تمہیں محبوب بنالے گا۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِیْ مَآ اَحْبَبْتَ اَحَدًا اِلَّا بِتَوَسُّطِ حُبِّكَ اِيَّاهُ فَاِنَّهُ الْمَحْبُوْبُ الْمَرْضِیُّ

کہ نہیں محبت کی تو نے کسی شخص سے مگر ان سے اپنی محبّت کے طفیل کیونکہ وہی اصلی محبوب و پسندیدہ

الْمَقْصُوْدُ مِنَ الْمَحْبُوْبِيْنَ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ غَيْرِ عِلَّةٍ وَّفَقْرٍ

اور مقصود ہیں تیرے تمام محبوبین میں سے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ بنائے مجھے بغیر کسی علّت اور فقر

Marfat.com

وَفَاقَةٍ فِیْ اِتِّبَاعِ شَرِیْعَتِكَ الْجَامِعَةِ الْمُحَمَّدِیَّةِ الْاَكْمَلِیَّةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

وفاقہ کے اپنی شریعت کا متبع جو کہ جامع و اکمل محمدی شریعت ہے۔ اے اللہ میں

اُصَلِّیْ عَلٰی حَبِیْبِكَ وَالْمُحِبُّ اِذَا رَاٰی اَحَدًا یُّصَلِّیْ عَلٰی حَبِیْبِهٖ یَرْحَمُ

صلواۃ بھیجتا ہوں تیرے حبیب پر اور محب جب کسی کو اپنے حبیب پر صلواۃ بھیجتے دیکھے تو اس پر رحم

عَلَیْهِ وَیَجْعَلُهٗ فَآئِزًا بِمَقْصُوْدِهٖ فَارْحَمْنِیْ وَهَبْ لِیْ سُؤْلِیْ وَاغْفِرْ لِیْ

کرتا ہے اور اسے مقصود میں کامیاب کرتا ہے پس تو بھی مجھ پر رحم فرما اور مجھے میرا مقصود عطا فرما اور مجھے بخش

وَلِلْمُنْتَسِبِیْنَ اِلَیَّ وَاقْضِ حَاجَتِیْ وَحَاجَةَ كُلِّ مَنِ انْتَسَبَ اِلَیَّ بِحُرْمَةِ

اور میرے تمام اہل نسبت کو اور میری حاجات پوری فرما اور میرے تمام اہل نسبت کی ہر حاجت کو بطفیل محمد

مُحَمَّدٍ وَّعِزَّتِهٖ وَشَرَفِهٖ وَجَاهِهٖ وَقَبُوْلِهٖ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّ

کریم کی حرمت و عزت اور شرف وجاہ اور مقبولیت کے اپنے ہاں۔ اے اللہ پیدا فرما حبّ

مُحَمَّدٍ فِیْ بَدَنِیْ وَفِیْ رُوْحِیْ وَفِیْ نَفْسِیْ وَفِیْ جَسَدِیْ وَفِیْ رَاْسِیْ وَفِیْ

محمدی میرے بدن و روح اور نفس و جسم میں اور میرے سر اور

عَیْنِیْ وَفِیْ بَصَرِیْ وَفِیْ اَنْفِیْ وَفِیْ سَمْعِیْ وَفِیْ فَمِیْ وَلِسَانِیْ وَفِیْ شَفَتَیَّ

آنکھوں اور نگاہوں اور ناک۔ کانوں اور منہ و زبان اور ہونٹوں میں

وَفِیْ شَامَتِیْ وَفِیْ جَبْهَتِیْ وَفِیْ وَجْهِیْ وَفِیْ جِلْدِیْ وَفِیْ لَحْمِیْ وَفِیْ دَمِیْ

اور سونگھنے کی قوت میں اور پیشانی اور چہرہ میں میری جلد۔ گوشت۔ خون۔

وَفِیْ عَظْمِیْ وَفِیْ عَصَبِیْ وَفِیْ جَمِیْعِ اَجْزَآئِیْ وَفِیْ اَعْضَآئِیْ وَفِیْ كُلِّیْ وَ

ہڈیوں اور اعصاب اور تمام اجزاء اور اعضاء میں اور

فِیْ صَدْرِیْ وَفِیْ قَلْبِیْ حُبًّا خَاشِعًا خَاضِعًا بِحَظِّ حُظُوْظِ الْهُوْمَ جَمِیْعِ

میرے تمام وجود اور سینہ و قلب میں ایسی محبت جو خشوع وخضوع والی ہو تیری ذات بحت سے نصیب کامل پانے والی ہو مع

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ طَوِیْلَ الْعُمْرِ فِیْ حُبِّكَ وَاِتِّبَاعِهٖ

تمام مومنین و مومنات کے۔ اے اللہ مجھے بنا دے عمر دراز والا اپنی محبت اور اتباع حبیب میں

Marfat.com

بِصَدْقَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

ان کے صدقہ میں صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الْمَقْصُوْدِ الْمَحْبُوْبِ فِى الْكُلِّ وَمِنَ الْكُلِّ فِىْ عَالَمِ الْاِنْسَانِىِّ الْكَمَالِىِّ

جو مقصود و محبوب ہیں سب میں اور سب سے تمام کامل عالم انسانی میں۔

اَللّٰهُمَّ اشْفِنِىْ مِنْ اَمْرَاضِ الْكَوْنَيْنِ وَقَوِّنِىْ عَنْ ضُعْفِ الدَّارَيْنِ

اے اللہ مجھے تمام موجودات کی بیماریوں سے شفا بخش۔ اور مجھے تقویت بخش دونوں جہان میں ضعف و ناتوانی سے

بِحُرْمَتِهٖ وَبِعِزَّتِهٖ وَقَبُوْلِهٖ وَشَرَفِهٖ عِنْدَكَ وَصَحِّحْنِىْ وَثَبِّتْنِىْ عَلَى

بطفیل ان کی حرمت و عزت اور قبولیت و شرف کے اپنے ہاں اور میری درستگی فرما اور ثابت رکھ محمدی

الشَّرِيْعَةِ الْغَرَّآءِ الْمُحَمَّدِيَّةِ الْاَكْمَلِيَّةِ الْاَنْوَرِيَّةِ الْاَجْمَعِيَّةِ وَالْحَقِيْقَةِ

روشن و کامل تر شریعت پر جو بہت نورانی اور جامع ترین ہے اور حقیقت

الْحَقِيْقِيَّةِ وَالْمَعْرِفَةِ الْعَارِفِيَّةِ الْعِرْفَانِيَّةِ وَثَبِّتْنِىْ عَلَى السُّنَّةِ السَّنِيَّةِ

واقعیہ اور معرفت کاملہ اکملہ اور مجھے ثابت قدم رکھ عالی شان سنت پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَعْدَنِ اَنْوَارِكَ وَمَخْزَنِ اَسْرَارِكَ وَمَحَلِّ

اے اللہ درود و سلام نازل فرما اپنے انوار کی معدن و مکان پر اور اسرار کے خزانہ اور عنایات

عِنَايَاتِكَ وَتَجَلِّيَاتِكَ وَسَعَادَاتِكَ وَظُهُوْرَاتِكَ مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ لَا نُوْرَ

و تجلیات اور سعادات و ظہورات کے محل و مرکز محمد پر کہ نہیں کوئی نور

اِلَّا هُوَ ط لَا ظُهُوْرَ اِلَّا هُوَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى عَيْنِ مُحَمَّدٍ وَّبَصِيْرَتِهٖ فِى الْبَصَآئِرِ

مگر وہی اور نہیں کوئی ظہور مگر انہیں کا۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمد کریم کی چشم روشن اور نگاہ بصیرت پر تمام

الثَّاقِبَةِ وَعَلٰى قَلْبِهٖ فِى الْقُلُوْبِ الْجَلِيَّةِ وَعَلٰى شَمِّهٖ فِى النَّفَحَاتِ الْغَيْبِيَّةِ

روشن بصیرتوں میں اور آپ کے قلب انور پر روشن قلوب میں اور ان کے سونگھنے پر غیبی قدسی

الْقُدْسِيَّةِ وَعَلٰى ذَوْقِهٖ فِى الْاَذْوَاقِ الْاِلٰهِيَّةِ وَالتَّجَلِّيَاتِ الذَّوْقِيَّةِ وَيَتَوَجَّهُ

قدسی خوشبوؤں کو اور ان کے چکھنے پر الٰہی اذواق میں اور ذوقی تجلیات میں۔ اور انہیں کی طرف توجہ کرتا

Marfat.com

اِلَیْہِ کُلُّ مُتَوَجِّہٍ وَیُحِبُّہٗ کُلُّ مُحِبٍّ وَیُسْتَشْفٰی مِنْہُ وَبِہٖ کُلُّ مَرَضٍ

ہے ہر توجہ والا۔ اور انہیں سے محبت رکھتا ہے ہر محب اور انہیں سے اور ان کے طفیل شفا پاتا ہے ہر

جَسَدِیٍّ اَوْرُوْحِیٍّ اَوْ قَلْبِیٍّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مِیْمِ مُحَمَّدِنِ الْمُحِیْطِ

جسمانی۔ روحانی اور قلبی مرض والا۔ اے اللہ درود وسلام ہو محمدؐ کی میم پر جو محیط ہے اپنی پائیدار

بِمَعِیَّتِہِ الْمُتَثَبِّتَۃِ لِسَآئِرِ الْمَعْلُوْمَاتِ الْمُتَعَیِّنَۃِ فِی الْعِلْمِ وَالْعَیْنِ وَعَلٰی

معیت کے ساتھ تمام معلومات کو جو متعین ہیں علم میں اور نگاہ میں اور محمدؐ کی

حَآءِ مُحَمَّدِنِ الْحَاوِیْ لِکُلِّ الْحَقَآئِقِ بِسِرِّ حَیَاتِہِ الْحَقِیْقِیَّۃِ الْحَسِیَّۃِ

حاء پر جو حاوی ہے تمام حقائق کو ان کی حیات واقعیہ حقیقیہ

الْکَافِیَۃِ الشَّافِیَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مِیْمِ مُحَمَّدِنِ الْمَاحِیْ لِلْاَمْرَاضِ وَ

کافیہ شافیہ کے رمز وباطن کے ساتھ۔ اے اللہ درود وسلام بھیج محمدؐ کے میم پر جو امراض وآفات کو

الْاٰفَاتِ عَنِ الْاَرْوَاحِ وَجُوْدَاتِ الْمُحِبِّیْنَ الْمُخْلِصِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

مٹانے والا ہے محبوں مخلصوں کے وجود وشخص کی تختیوں سے۔ اے اللہ درود وسلام بھیج

عَلٰی دَالِ مُحَمَّدِنِ الدَّالِ دَلَالَۃً قَطْعِیَّۃً لِّضَلَالَۃِ دَلَآئِلِنَا الْعَقْلِیَّۃِ الْعَمْیَآءِ

محمدؐ کی دال پر جو قطعی دلالت کرنے والی ہے ہمارے اپنے عقلی بے بصیرت دلائل کی ضلالت سے

لِدِیْنِ الْاِسْلَامِ الرَّبَّانِیِّ الْمَنَّانِیِّ الْمُحَمَّدِیِّ الْاَکْمَلِیِّ اَللّٰھُمَّ اَقِمْنِیْ فِیْ مَقَامِ

طرف دین اسلام کے جو رب منان کا دین ہے اور محمدؐ اکمل کا دین ہے۔ اے اللہ مجھے قائم فرما مقام

التَّوَکُّلِ وَالرِّضَآءِ عَنِ الدُّنْیَا وَاَھْلِھَا وَالْحُبِّ الْحَقِیْقِیِّ الْمَرْضِیِّ الْمُخْتَصِّ

توکل ورضا میں دنیا اور اہل دنیا سے اور حب حقیقی کے مقام میں جو پسندیدہ تر اور مختص ہے

بِمَقَامِ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی وَالْمَخْصُوْصِ بِالْوَحْدَۃِ الْکُبْرٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ

قاب قوسین اوادنی کے مقام سے اور مخصوص ہے ساتھ وحدت کبریٰ کے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا لَانِھَایَۃَ لِذِکْرِکَ وَعَدَدِ ذِکْرِکَ

فرما سیدنا محمدؐ و آل محمدؐ پر جیسے کہ انہیں انتہاء تیرے ذکر اور اس کے اعداد کی۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا لَا نِھَایَۃَ لِحُبِّکَ

اے اللہ بے حد درود و صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ و آل محمدؐ پر جیسے کہ نہیں حد تیری محبت

وَعَدَدِ حُبِّکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا لَا

اور اعداد محبّت کی۔ اے اللہ بیحد صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ و آل محمدؐ پر جیسے کہ نہیں

نِھَایَۃَ لِحُبِّہٖ وَعَدَدِ حُبِّہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

حد ان کی محبّت اور اعداد محبّت کی۔ اے اللہ بیحد صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ و آل محمدؐ

مُحَمَّدٍ کَمَا لَا نِھَایَۃَ لِمَحَبَّتِکَ وَعَدَدِ مَحَبَّتِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

پر جیسے کہ نہیں حد تیری محبّت اور اعداد محبّت کی۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا لَا نِھَایَۃَ لِمَحَبَّتِہٖ وَعَدَدِ مَحَبَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا دَآئِمًا وَّاِسْلَامًا

و آل محمدؐ پر جیسے کہ نہیں حد ان کی محبت اور اعداد محبّت کی۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے دائمی ایمان اور

بَاقِیًا وَّاِحْسَانًا مُّسْتَمِرًّا وَّالْجَوَارِحَ مَحْفُوْظَۃً وَّالسُّلُوْکَ عَلٰی طَرِیْقِکَ وَعَمَلًا

پائیدار اسلام کا اور ہمیشہ کے احسان کا اور محفوظ اعضاء کا اور اپنے راہ پر چلانے کا، عمل مقبول

مَّقْبُوْلًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا وَّلِسَانًا ذَاکِرًا وَّعَیْنًا دَامِعًا وَّخَدًّا رُطْبًا فِیْ حُبِّکَ وَ

اور خشوع والے قلب کا۔ ذکر والی زبان اور رونے والی آنکھ کا اور اپنی محبت اور

حُبِّ حَبِیْبِکَ وَالْوُقُوْفَ عَلٰی حُدُوْدِکَ وَالتَّوْفِیْقَ لِطَاعَتِکَ وَالنَّجَاۃَ مِنْ

حبیب کی محبت سے تروتازہ رخسار کا اور تیری قائم کردہ حدود پر ٹھہرنے کا اور تیری اطاعت کی توفیق اور موت وحیات کے

فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْقَبْرِ وَسُوَالِہٖ وَالسَّلَامَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا

فتنہ سے نجات کا اور قبر اور اس کے سوال کے فتنہ سے نجات کا اور دین و دنیا

وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحَاسِبَنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا وَّاَنْ تُعْطِیَنِیْ کِتَابِیْ

اور آخرت میں سلامتی کا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھ سے آسان حساب لینا اور مجھے میرا نامۂ اعمال

بِیَمِیْنِیْ وَاَنْ تُبَیِّضَ وَجْھِیْ وَاَنْ تُرَجِّحَ مِیْزَانِیْ بِفَضْلِکَ وَاَنْ تَحْشُرَنِیْ

دائیں ہاتھ میں دینا۔ میرے چہرے کو روشن کرنا اور میرے میزان کو اپنے فضل سے وزنی کرنا اور مجھے اپنے حبیب کی

Marfat.com

فِیْ زُمْرَةِ حَبِیْبِكَ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَخَاصَّتِهٖ وَاَنْ تُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ

جماعت میں اور ان کے پرچم تلے اور خواص میں اٹھانا اور مجھے جنّت میں داخل فرمانا

بِشَفَاعَتِهٖ مَعَ اَهْلِ مَحَبَّتِهٖ وَرِضَآئِهٖ وَاَوْلِیَآئِهٖ وَاَخِصَّآئِهٖ بِرِضَاكَ وَرِضَاهُ

ان کی شفاعت کے ساتھ بمع تمام اہل محبّت اور اہل رضا اور ان کے اولیاء وخواص کے ساتھ اپنی رضا اور ان کی رضا

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ وَ

کے۔ صلی اللہ علیہ و آلہ اجمعین ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد و آل محمّد

بَارِكْ عَلٰی هٰذَا الْحَبِیْبِ الْمُحِبِّ الْمَحْبُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

پر اور سلامتی و برکت نازل فرما اس حبیب اور محب ومحبوب پر۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیّدنا محمّد

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی هٰذَا الصَّفِیِّ الطَّالِبِ الْمَطْلُوْبِ اَسْئَلُكَ اَنْ

و آل محمّد پر اور سلامتی و برکت نازل فرما اس مصفیٰ طالب ومطلوب پر۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

تُعْطِیَنِیْ كَمَالَ حُبِّهٖ اِلٰی خُلُوْصِ ذَاتِكَ وَاَكْمَلَ الشَّوْقِ السِّرِّیِ اِلٰی لِقَآئِكَ دَآئِمًا

کہ مجھے عطا فرمائے ان کی محبّت کاملہ بمع اپنے اخلاص ذات کے اور شوق باطنی کامل کے طرف اپنی لقاء کے جو دائمی

اَبَدًا لَّا مُنْقَطِعًا اِلٰهِیْ اِذَا سَاَلَكَ مُحِبٌّ بِاسْمِ مَحْبُوْبٍ مُحِبٍّ وَلَهٗ قُوَّةُ اِعْطَآءٍ

ابدی ہو اور ختم ہونے والا نہ ہو۔ اے میرے الٰہ جب کوئی محب سوال کرے کسی محب سے اس کے محبوب کے نام سے اور وہ

فَلْیُعْطِهٖ وَمُحَمَّدٌ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ كَمَا یَنْبَغِیْ لِكَمَالِهٖ مِنْكَ وَمِنْ جَمِیْعِ

دینے پر قادر ہو تو ضرور دیتا ہے اور محمّد ان پر صلواۃ وسلام ہو جیسے کہ لائق ہے ان کے کمال کے تیری طرف سے اور تیرے تمام

عِبَادِكَ مُحِبُّكَ وَحَبِیْبُكَ وَرَسُوْلُكَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِهٖ فَاَعْطِنِیْ مَآ اَسْئَلُكَ

عباد کی طرف سے تیرے محب وحبیب اور رسول ہیں میں ان کے نام سے تجھ سے سوال کرتا ہوں لہٰذا مجھے میرا مطلوب عطا

وَاقْضِ حَاجَاتِیْ كُلَّهَا اِیْمَانًا دَآئِمًا وَّیَقِیْنًا صَادِقًا لَّیْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ

کر اور میری تمام حاجات پوری فرما۔ مجھے ایمان دائم اور یقین صادق بخش جس کے بعد کفر نہ ہو بطفیل محمّد کے

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَمَا یَنْبَغِیْ لِكَمَالِهٖ مِنْكَ وَجَمِیْعِ عِبَادِكَ وَكَیْفَ لَمْ تَغْفِرْ لَهٗ

بھیجے اللہ ان پر درود اور سلام جیسے کہ لائق ہے ان کی شان کے اپنی طرف سے اور تمام عباد کی طرف سے اور کیسے نہ بخشے گا

Marfat.com

وَلَمْ تَرْضَ عَنْهُ وَاَنْتَ قُلْتَ فِیْ شَاْنِ حَبِیْبِكَ مِنْ لَّدُنِ الْعَرْشِ اِلٰی تَحْتِ

اور راضی نہ ہوگا ان سے حالانکہ تو نے فرمایا ہے اپنے حبیب کی شان میں کہ عرش سے لے کر زمینوں کی

الْاَرَضِیْنَ كُلُّهُمْ یَطْلُبُوْنَ رِضَآئِیْ وَاَنَا اَطْلُبُ رِضَآئَكَ یَا مُحَمَّدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا

تہ تک سبھی میری رضا طلب کرتے ہیں اور اے محمد میں تیری رضا طلب کرتا ہوں۔ اللہ کے لیے حمد ہے کہ نہیں

انْقِضَآءَ لَهٗ فِیْ كُلِّ اِحْسَانِهٖ وَاِنْعَامِهٖ لَا انْتِهَآءَ لَهٗ لِمَوْجُوْدِیَّةِ وُجُوْدِنَا وَكُلِّ

اختتام اس کے لیے اس کے تمام احسانات وانعامات ہیں۔ نہیں انتہا اس کے لیے ہماری موجودگی تک اور اس کے

تَوَابِعِ وُجُوْدِنَا لِجَمِیْعِ الْحَالَاتِ لِاِقْتِضَآءِ حُضُوْرٍ وَّحُصُوْلٍ وَّاِزْدِیَادِ مَرَاتِبَ

تمام توابع کی موجودگی تک تمام حالات میں واسطے طلب حضور و حصول کے اور زائد ہونے مراتب

الْاِیْمَانِ وَالْاِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ هُوَ

ایمان و اسلام کے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو

خَیْرُ الْمُحِبِّیْنَ وَخَیْرُ الْمَحْبُوْبِیْنَ اَنْ تَنْظُرَنِیْ بِعَیْنِ الْحُبِّ وَتُحِبَّنِیْ حُبًّا كَامِلًا

سب محبوں اور محبوبوں سے بہتر و برتر ہیں کہ مجھ پر نگاہ محبت فرمائے اور مجھے محبوب بنائے محبت کاملہ کے ساتھ

شَامِلًا لِلظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ وَتُصَحِّحَنِیْ وَتُقَوِّیَنِیْ لِلْمَحَبَّةِ الْحَقِیَّةِ وَتُزِیْلَ عَنِّیْٓ

جو ظاہر و باطن کو شامل ہو اور مجھے صحت بخشے اور سچی محبت کی طاقت بخشے اور مجھ سے ہجر و فراق کی

اَمْرَاضَ الْهِجْرَةِ وَاُوْمِنَ مِنَ الْحَرَارَةِ الْفُرْقَةِ وَالْبُرُوْدَةِ الْوَصْلَةِ بِحُرْمَتِهٖ

امراض زائل کرے اور میں امن میں رہوں فرقت کی حرارت سے اور وصل کی برودت سے بطفیل حرمت

رَحْمَةً نَاشِئَةً مِّنْ مَّحْضِ فَضْلِكَ دُوْنَ عَمَلٍ مِّنِّیْ بِتَمَنٍّ حَاصِلٍ مِّنْ

حبیب کے از روئے رحمت کے جو پیدا ہوتے والی ہو تیرے خالص فضل سے بغیر میرے عمل کے ساتھ اس تمنا کے جو حاصل

عَیْنِ لُطْفِكَ دُوْنَ سَبَبٍ مِنْ اَحَدٍ غَیْرِكَ اَللّٰهُمَّ لَوْ جَعَلْتَ لِاَحَدٍ مِّنْ

تیرے عین لطف سے بغیر کسی دوسرے کے واسطہ کے۔ اے اللہ اگر تو بنائے کسی کے لیے اپنی محبت اور

اَسْبَابِ رِضَآءِ حُبِّكَ وَحُبِّهٖ فَهٰذَا مِنْ عَیْنِ لُطْفِكَ دُوْنَ سَبَبٍ فَاَنْتَ الْمُسَبِّبُ

ان کی محبت و رضاء کے اسباب تو یہ تیرا عین لطف ہے بغیر کسی سبب کے کیونکہ تو ہی اسباب

Marfat.com

وَالْاَسْبَابُ مِنْكَ وَهِيَ اَسْبَابُ حُبِّكَ وَحُبِّ حَبِيْبِكَ وَاكْتِسَابُ مَحَبَّتِكَ وَ

بنانے والا ہے اور وہ تجھ سے ہی ہیں اور یہ اسباب ہیں تیری حب کے اور تیرے حبیب کی حب کے اور حصول و کسب ہے تیری

مَحَبَّةِ مَحْبُوْبِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى حَبِيْبِكَ

محبت اور تیرے محبوب کی محبت کا صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صلواۃ بھیجنے کا اپنے مخصوص حبیب

الصَّفِيِّ الرَّضِيِّ الْمَرْضِيِّ الْمَالِكِ مُخْتَارِكَ مُصْطَفٰكَ مُحَمَّدِ نِ الْهَادِيْ لِلدِّيْنِ

پر جو چنے ہوئے، پسندیدہ، مالک اور تیرے مختار و مصطفےٰ محمدؐ ہیں جو دین قدیم

الْقَدِيْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ اَلْمُوْصِلِ لِلطَّالِبِيْنَ اِلٰى مَطْلُوْبِهِمْ وَالسَّالِكِيْنَ

اور صراط مستقیم کی طرف ہادی ہیں، جو طالبین کو ان کے مطالب تک اور سالکین کو ان

اِلٰى مَقْصُوْدِهِمْ اَقْوَى الدَّلَآئِلِ وَاَعْلَى الْوَسَآئِلِ وَالنُّوْرِ الشَّرِيْفِ الْمُضِيِّ

کے مقاصد تک پہنچانے والے ہیں۔ قوی ترین دلیل ہیں اور اعلیٰ ترین وسیلہ اور بزرگ نور جو تمام

لِلْعٰلَمِيْنَ وَالْجَوْهَرِ اللَّطِيْفِ الْمُنَوِّرِ بِالْهِدَايَةِ لِلْغَافِلِيْنَ وَهُوَ الْمَظْهَرُ الْاَتَمُّ

جہانوں کو ضیاء بخشنے والے ہیں۔ اور پاکیزہ جوہر ہیں جو غافلوں کو ہدایت سے منور کرنے والے ہیں اور وہی مظہر اتم

الْاَكْمَلُ لِاَلْطَافِكَ وَعِنَايَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَسْبَ عَظَمَةِ

و اکمل ہیں تیرے الطاف و عنایات کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما محمد کریم پر ان کی عالی مرتبت

حَقِيْقَتِهِ الْعَلِيَّةِ وَبِعَدَدِ صُوَرِكَ الْعِلْمِيَّةِ الْاِلٰهِيَّةِ وَالْكَوْنِيَّةِ وَبِعَدَدِ

حقیقت کی عظمت کے مطابق اور اپنی پیدا کردہ علمی الٰہی اور کونی صورتوں کے مطابق اور اپنے پیدا کردہ

اَرْوَاحِكَ اللَّطِيْفَةِ الْمُجَرَّدَةِ الْعَقْلِيَّةِ وَالنَّفْسِيَّةِ وَبِعَدَدِ الصُّوَرِ الْمِثَالِيَّةِ

ارواح لطیفہ مجردہ عقلیہ و نفسیہ کی مقدار۔ اور صُوَر مثالیہ

الْمُطْلَقَةِ وَالْمُقَيَّدَةِ وَبِعَدَدِ صُوَرِ الْاَجْسَامِ الْحِسِّيَّةِ الشَّهَادِيَّةِ وَاَحْوَالِهَا وَ

مطلقہ اور مقیدہ کی تعداد کے مطابق۔ اور اجسام محسوسہ شہودہ کی صورتوں اور ان کے احوال و

اَعْرَاضِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَا وُجِدَ وَ

اعراض کی تعداد کے مطابق۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جو موجود ہو چکی ہیں

Marfat.com

سَيُوجَدُ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِیْ وَصَحِّحْنِیْ وَقَوِّنِیْ وَاجْعَلْنِیْ طَوِیْلَ الْعُمْرِ فِیْ

اور جو ہوں گی۔ اے اللہ مجھے شفا و تندرستی اور تقویت بخش اور مجھے طویل العمر بنا اپنی

حُبِّكَ وَاِتِّبَاعِهٖ بِحُرْمَتِهٖ وَبِعِزَّتِهٖ وَبِشَرَفِهٖ وَبِقَبُوْلِهٖ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ

محبت میں اور محبوب کی اتباع میں بطفیل ان کی حرمت وعزت اور شرف وقبولیت کے اپنے ہاں۔ اے اللہ

اَجِبْ وَلَا تَرُدَّ فَاِنْ رَدَدْتَّ فَمَنْ لِّیْ اَسْئَلُهٗ سِوَاكَ وَمَنْ لِّیْ سِوَاهُ

قبول فرما اور رد نہ فرما پس اگر تو رد کرے تو کون ہے میرا تیرے سوا جس سے میں سوال کروں اور کون ہے میرا سوا ان کے

اَتَوَسَّلُ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ حُبًّا بِحُبِّ حُبِّ الْحَقِّیِّ وَبِحُبِّ حَقِیْقَةِ

جسے وسیلہ بناؤں۔ اے اللہ مجھے عطا فرما محبت (بطفیل حب حقی کے اور حقیقت

الْمُحَمَّدِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ قَلْبِیْ وَفِیْ سِرِّیْ وَفِیْ حَالِیْ وَفِیْ

محمدیہ کی حب کے صلی اللہ علیہ وسلم) میرے دل میں اور سرّ و باطن میں اور حال و

خَیَالِیْ بِحُرْمَةِ حُبِّكَ وَحُبِّ حَبِیْبِكَ وَحُبِّ مَحْبُوْبِكَ وَحُبِّ حَبِیْبِكَ

خیال میں بطفیل اپنی حب اور اپنے حبیب و محبوب کی حب اور اپنے حبیب ہونے کی

وَحُبِّ مَحْبُوْبِیَّتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی الْمَحْبُوْبِ الْمُقَدَّسِ عَنْ اَنْ

اور محبوبیت کی حب کی حرمت کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما اپنے محبوب پر جو پاک ہیں اس سے کہ کوئی

یُّحِبَّهٗ اَحَدٌ اَوْ یَعْرِفَهٗ اَحَدٌ كَمَا یَلِیْقُ بِشَانِهِ الْعَزِیْزِ الْاَعْلٰی اِلَّا اَنْتَ

ان سے محبت کرے یا ان کی معرفت حاصل کرے جیسے کہ لائق ہے ان کی شان عزیز و اعلیٰ کے سوائے تیرے

فَهُوَ خَاصُّكَ وَمَخْصُوْصُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ یَّتَمَسَّكُ

کیونکہ وہ تیرے خاص اور مخصوص ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما ان پر جن کے حلقہ سے

بِعُرْوَتِهٖ كُلُّ طَالِبٍ صَادِقٍ وَیَتَشَبَّثُ بِذَیْلِهٖ كُلُّ مُحِبٍّ هَائِمٍ مُحَمَّدِیْنِ

چنگل مارتا ہے ہر طالب صادق اور ان کے دامن سے وابستہ ہوتا ہے ہر حیرت زدہ محب یعنی محمد پر

الدَّلِیْلِ الْقَاطِعِ وَالْبُرْهَانِ السَّاطِعِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ

جو دلیل قاطع اور برہان غالب ہیں اور ان کے سب آل و اصحاب اور اتباع پر۔

Marfat.com

كَآفَّةً اَللّٰهُمَّ اِمْلَأْ بِنُوْرِ مَحَبَّتِهٖ وَمَعْرِفَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نُصَلِّیْ عَلَيْهِ

اے اللہ بھر دے میرے دل کو ان کی محبّت اور معرفت کے نور سے۔ اے اللہ ہم ان پر صلواۃ بھیجتے ہیں

فَاِنَّهٗ مَحْبُوْبُكَ وَالْمُحِبُّ اِذَا رَاٰی اَحَدًا یُّصَلِّیْ عَلٰی مَحْبُوْبِهٖ وَیَدْعُوْ

کیونکہ وہ تیرے محبوب ہیں اور محب جب کسی کو اپنے محبوب پر صلواۃ بھیجتے اور ان کے لیے دعا کرتے دیکھے

لَهٗ فَاِنَّهٗ یَرْحَمُ عَلَيْهِ وَیَجْعَلُهٗ فَآئِزًا بِمَقْصُوْدِهٖ وَعَلٰی اَتْبَاعِهٖ بِقَبُوْلِهٖ

تو اس پر رحم کرتا ہے اور اسے مقصد میں کامیاب کرتا ہے اور ان کے اتباع پر واسطے ان کی قبولیت

وَمَحَبَّتِهٖ فِیْ مَحَبَّتِكَ وَهُوَ مَحْبُوْبُكَ فَلَا بُدَّ لِیْ مِنَ الرَّجَآءِ الْقَوِیِّ

و محبت کے بسبب تیری محبّت کے جبکہ وہ تیرے محبوب ہیں تو لازم ہے میرے لیے قوی

الْقَطْعِیِّ فِیْمَا تُحِبُّهٗ وَیُحِبُّهٗ وَتَرْضَاهُ وَیَرْضَاهُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ ذَاتَكَ

و قطعی امید اس میں جو تو پسند کرے اور وہ پسند کریں اور جس پر تو راضی ہو اور وہ راضی ہوں۔ اے اللہ تیری ذات

سَرْمَدِیَّةٌ وَاَسْمَآءَ ذَاتِكَ سَرْمَدِیَّةٌ لَّا حُدُوْثَ فِیْهَا وَلَا تَجَدُّدَ وَ

اور صفات ذات اور اسماء ذات سرمدی ہیں ان میں نہ حدوث و تجدد ہے اور

لَا تَكَثُّرَ فِیْهَا وَلَا تَعَدُّدَ فَكَیْفَ یُدْرِكُكَ مَنْ هُوَ فِیْ عَيْنِ الْحُدُوْثِ

نہ تکثر و تعدد تو تیرا احاطہ کس طرح کر سکتا ہے جو عین حدوث (تخلیق کا محتاج) ہے

دَآئِمًا وَّفِیْ مَحْضِ التَّجَدُّدِ ثَابِتًا اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلٰی شَرِیْعَتِكَ الْغَرَّآءِ

ہمیشہ اور محض تغیر میں ہے۔ اے اللہ مجھے ثابت رکھ اپنی شریعت پر جو

الْمُحَمَّدِیَّةِ الْاَكْمَلِیَّةِ وَطَرِیْقَتِكَ الْمُوْصِلَةِ اِلَی الْمَقَامِ الْاَحَدِیِّ التَّوْحِیْدِیِّ

نورانی۔ محمدی۔ کامل ترین ہے اور اپنی طریقت پر جو مقام احدی توحیدی تک پہنچانے والی ہے

بِحُرْمَتِهٖ وَعِزَّتِهٖ وَشَرَفِهٖ وَقَبُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

بطفیل ان کی حرمت و عزت اور شرف و قبولیت کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ میں

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا وَقِبْلَتِنَا حَبِیْبِكَ الصَّفِیِّ الرَّضِیِّ الْمَرْضِیِّ

سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ صلواۃ بھیجے ہمارے سید و قبلہ اپنے حبیب، صفی، رضی، مرضی،

Marfat.com

الْمَالِكِ مُخْتَارِكَ مُصْطَفٰكَ مُحَمَّدِ نِ الْهَادِیْ لِلدِّیْنِ الْقَدِیْمِ وَالصِّرَاطِ

مالک اور مختار و مصطفٰے محمدؐ پر جو ہادی ہیں دین قدیم اور صراط

الْمُسْتَقِیْمِ الْمُوْصِلِ لِلطَّالِبِیْنَ اِلٰی طَلَبِهِمْ وَالسَّالِكِیْنَ اِلٰی مَقْصُوْدِهِمْ

مستقیم کے، پہنچانے والے ہیں اہل طلب کو ان کے مطالب تک اور اہل سلوک کو ان کے مقاصد تک

اَقْوَی الدَّلَآئِلِ وَاَعْلَی الْوَسَآئِلِ وَالنُّوْرِ الشَّرِیْفِ الْمُضِیْٓءِ لِلْعٰلَمِیْنَ

جو قوی ترین دلیل۔ اعلیٰ ترین۔ اعلیٰ ترین وسیلہ اور بزرگ نور ہیں جو سب جہان کے لیے ضیاء بخش

وَالْجَوْهَرِ اللَّطِیْفِ الْمُنَوِّرِ بِالْهِدَایَةِ لِلْغٰفِلِیْنَ وَهُوَ الْمَظْهَرُ الْاَتَمُّ الْاَكْمَلُ

اور جو پر لطیف ہیں جو غافلوں کو ہدایت سے منوّر کرنے والے ہیں اور وہ مظہر اتم و اکمل ہیں

لِاَلْطَافِكَ وَعِنَایَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَا وُجِدَ

تیرے الطاف و عنایات کے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جو موجود ہو

وَسَیُوْجَدُ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ عُذْرِیْ وَتَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَثَبِّتْ عَلَیَّ بِالْعِنَایَةِ

چکیں اور جو موجود ہوں گی۔ اے اللہ میرا عذر قبول فرما اور توبہ قبول کر اور مجھ پر عنایت خاصہ کی

الْخَآصَّةِ بِحُرْمَةِ حَبِیْبِكَ الَّذِیْ لَا یُشَارِكُهٗٓ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

نظر فرما اپنے حبیب کے صدقہ میں جن کا کوئی مثیل نہیں ہے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ فِی الْقُدْسِیِّ یَا بْنَ اٰدَمَ اِذَا كَانَ اللّٰهُ تَعَالٰی

سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے حدیث قدسی میں فرمایا۔ اے ابن آدم جب اللہ تعالےٰ

قَدْ یَكْفُلُ لَكَ بِالرِّزْقِ فَطُوْلُ اِهْتِمَامِكَ لِمَاذَا وَاِذَا كَانَ الْخَلْقُ مِنِّیْ

تیرے رزق کا ضامن ہو چکا تو تیرے طویل اہتمام کی ضرورت کیا ہے اور جب تخلیق مجھ سے ہونا

حَقًّا فَالْبُخْلُ لِمَاذَا وَاِذَا كَانَ اِبْلِیْسُ عَدُوًّا فَالْغَفْلَةُ لِمَاذَا وَاِذَا كَانَ

برحق ہے تو پھر بخل کس لیے اور جب ابلیس دشمن ہے تو پھر اس سے غفلت کیونکر۔ اور جب

الْحِسَابُ وَالْمُرُوْرُ عَلَی الصِّرَاطِ حَقًّا فَالْجَمْعُ لِمَاذَا وَاِذَا كَانَ عِقَابُ

محاسبہ اور پلصراط پر گذرنا برحق ہے تو پھر جمع کرنے کا باعث کیا، اور جب اللہ کا عقاب

Marfat.com

اللّٰہِ تَعَالٰی حَقًّا فَالْمَعْصِیَۃُ لِمَاذَا وَاِذَا کَانَ ثَوَابُ اللّٰہِ فِی الْجَنَّۃِ حَقًّا

برحق ہے تو پھر معصیت کس لیے۔ اور جب جنّت میں اللہ کا ثواب برحق ہے

فَالْاِسْتِرَاحَۃُ لِمَاذَا وَاِذَا کَانَ کُلُّ شَیْءٍ بِقَضَآئِیْ وَقَدَرِیْ فَالْجَزْعُ لِمَاذَا

تو پھر سستی کس لیے ہے؟ اور جب ہر شئ میری قضا و تقدیر سے ہے تو پھر بے صبری

لِکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰکُمْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کس لیے؟ تاکہ نہ افسوس کرو اس پر جو تم سے فوت ہوا اور نہ خوشی مناؤ اس پر جو تمہیں دیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ فِی الْقُدْسِیِّ یَا ابْنَ اٰدَمَ اَکْثِرْ مِنَ الزَّادِ

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے حدیث قدسی میں فرمایا "اے ابن آدم زیادہ زاد سفر جمع کر

فَاِنَّ الطَّرِیْقَ بَعِیْدٌ بَعِیْدٌ وَجَدِّدِ السَّفِیْنَۃَ فَاِنَّ الْبَحْرَ عَمِیْقٌ عَمِیْقٌ وَ

کیونکہ راستہ بہت طویل ہے۔ اور نئی کشتی بنا کیونکہ سمندر بہت گہرا ہے اور

خَفِّفِ الْحِمْلَ فَاِنَّ الصِّرَاطَ دَقِیْقٌ دَقِیْقٌ وَاَخْلِصِ الْعَمَلَ فَاِنَّ

بوجھ ہلکا کر کیونکہ راستہ بہت ہی باریک ہے۔ اور عمل کو خالص کر کیوں کہ

النَّاقِدَ بَصِیْرٌ بَصِیْرٌ وَاَخِّرْ نَوْمَکَ اِلَی الْقَبْرِ وَفَرْحَکَ اِلَی الْمِیْزَانِ

اس کو پرکھنے والا بہت ہی بصیرت والا ہے۔ اور موخر کر اپنی نیند کو قبر تک اور فرحت کو میزان تک

وَشَھْوَتَکَ اِلَی الْجَنَّۃِ وَرَاحَتَکَ اِلَی الْاٰخِرَۃِ وَلَذَّاتِکَ اِلَی الْحُوْرِ الْعِیْنِ

عمار کو خبر دی کہ انہیں باغی جماعت قتل کرے گی تو ان کی وفات ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور

مُعَاوِيَةَ رضی اللہ عنہ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَمَّارًا قَبْلَ

حضرت معاویہ کی جنگ (صفین) میں اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی حضرت عمار کو

حُلُوْلِ الْفِتَنِ اَنَّ اٰخِرَ زَادِهٖ مِنَ الدُّنْيَا شَرْبَةٌ مِّنَ اللَّبَنِ وَصَلِّ

فتنوں کے درپیش ہونے سے قبل کہ ان کا دنیا سے آخری زاد اور طعام دودھ کا ایک کھونٹ ہوگا۔ اور رحمت کاملہ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اُمَّ حَرَامَ بِمَوْتِهَا عَلَى الشَّهَادَةِ

نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی ام حرام کو موت شہادت کی

فَكَانَ مَآ اَخْبَرَهَا بِهٖ وَاَشَارَهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

تو جس طرح آپ نے خبر دی اور اشارہ فرمایا اسی طرح ہوا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

اَخْبَرَ الزُّبَيْرَ رضی اللہ عنہ وَهُوَ مُصَاهِرُهٗ اَنَّهٗ يُقَاتِلُ عَلِيًّا وَّيُحَاصِرُهٗ وَصَلِّ

خبر دی حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو جو کہ آپ کے قریبی رشتہ دار تھے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ حرب و قتال کریں گے اور صلواۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ عَآئِشَةَ رضی اللہ عنہا تَنْفِرُ اِلٰى قِتَالِ عَلِيٍّ

فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کوچ کریں گی حضرت علی کے مقام جنگ کی طرف

Marfat.com

وَتَسِيْرُ وَيَمُوْتُ حَوْلَهَا خَلْقٌ كَثِيْرٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

اور روانہ ہوں گی اوران کے گرد مرے گی بہت سی مخلوق ۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

اَخْبَرَ بَعْضَ صَحَابَتِهٖ بِعَلَامَةِ اُوَيْسِ نِ الْقَرَنِيِّ وَشَفَاعَتِهٖ وَصَلِّ

خبر دی اپنے بعض صحابہ کرام کو اویس قرنی کی علامت مخصوصہ اور شفاعت کے متعلق اور رحمت کاملہ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ السَّيِّدَيْنِ اَنَّهٗ اَشْهَلُ الْعَيْنَيْنِ

سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو کہ اویس سرخی مائل سیاہ آنکھوں والا

بَعِيْدُ مَّا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

اور چوڑے کندھوں والا ہے اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّهٗ مُعْتَدِلُ الْقَامَةِ شَدِيْدُ الْاُدْمَةِ ذُوْ رَافَةٍ وَّرَحْمَةٍ يَّشْفَعُ

کہ وہ میانہ قد بہت گندم گوں ، رحمت و رأفت والا ہے ۔ شفاعت کرے گا

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

اس اُمّت کے بہت سے لوگوں کے حق میں اور رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلایا

فِيْ صَرِيْحِ خَبَرِهٖ اَنَّهٗ ضَارِبٌ بِذَقَنِهٖ اِلٰى صَدْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰى

صریح خبر میں کہ اویس کی ٹھوڑی سینہ کے ساتھ لگی ہو گی اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ فِيْ صَحِيْحِ اَقْوَالِهٖ اَنَّهٗ رَامَ بِبَصَرِهٖ

سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی اپنے صحیح اقوال میں کہ وہ اپنی نظر کو

اِلٰى مَوْضِعِ سُجُوْدِهٖ وَوَضَعَ يَمِيْنَهٗ عَلٰى شِمَالِهٖ وَصَلِّ عَلٰى

سجدہ گاہ میں مرکوز رکھنے والے اور اپنے دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھنے والے ہیں۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ ابْنَ الزُّبَيْرِ جَهْرًا اَنَّهٗ يُقْتَلُ صَبْرًا

سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی حضرت ابن زبیر کو علانیہ طور پر کہ وہ قتل کیے جائیں گے حبس و محاصرہ کی حالت میں۔

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ مَنْ قَرَءَ وَالتِّيْنِ وَ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ جس نے قراءت کی سورۂ والتین ۔

Marfat.com

الزَّيْتُوْنِ جَلَبَتْ لَهٗ رِزْقًا وَّيُسْرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

الزیتون کی تو پھلنج لائے گی اس کے لیے رزق اور سہولت اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی

مُعَاذَ ابْنَ جَبَلٍ وَعَرَّفَهٗ بِالَّذِيْ اُخِذَ لَهُ الطَّعَامُ مِنَ الْغُرْفَةِ وَصَلِّ

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو اور انہیں پہچان کرائی اس کی جس کے لیے کھانا لیا گیا تھا بالاخانہ سے اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَمَّارَ ابْنَ يَاسِرٍ بِمَا اَسَرَّ ابْنُ اُبَيٍّ

سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو جو خفیہ منصوبہ بنایا ابن ابی منافق نے

لِاَصْحَابِهٖ بِتَبُوْكَ وَهُوَ سَائِرٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

آپ کے صحابہ کے لیے تبوک میں جبکہ آپ جا رہے تھے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ فِيْ حَيَاتِهٖ بِنُبَاحِ كِلَابِ جَوْءَبٍ عَلٰى بَعْضِ

خبر دی اپنے صحابہ کو اپنی ظاہری حیات طیبہ میں موءب میں کتوں کے بھونکنے کی بعض ازواج

زَوْجَاتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ قُرَيْشًا وَّالْاَحْزَابَ

نبی پر اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے بتلایا کہ قریش اور ان کے لشکر

لَا يَعُوْدُوْنَ لَهٗ بِغَزْوٍ وَّلَا حِرَابٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

کبھی آج کے بعد ان پر حملہ آور نہیں ہوں گے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے

اَخْبَرَ فِيْ خَبَرِهِ الْكَرِيْمِ اَنَّ بَيْنَ الْقَائِمَتَيْنِ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ

خبر دی اپنی حدیث کریم میں کہ عرش کے پایوں میں سے دو پایوں کے درمیان

خَفَقَانُ الطَّائِرِ الْمُسْرِعِ اَلْفَ عَامٍ بِلَا امْتِرَاءٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیز پرواز پرندے کی ہزار سال کی پرواز ہے بلاشبہ۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ لِعُمَرَ رضی اللہ عنہ فِيْ وَصِيَّتِهِ الْاَثِيْرَةِ اَنَّ قَاتِلَهٗ غُلَامٌ

پر جنہوں نے بتلایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی روشن وصیت میں کہ ان کو شہید کرنے والا

لِلْمُغِيْرَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ الْمِقْدَادَ رضی اللہ عنہ ابْنَ اَسْوَدَ

مغیرہ بن شعبہ کا غلام ہوگا اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے مقداد بن اسود کو خبر دی

Marfat.com

بِالَّذِیْ اَرَادَ اَنْ یَّشْرَبَ مِنْ شَرَابِہِ الَّذِیْ خَبَأَ عِنْدَہٗ وَتَزَوَّدَ

اس کی جس نے ارادہ کیا تھا ان کے پانی سے پینے کا جو آپ نے محفوظ رکھا ہوا تھا اور زاد راہ بنایا ہوا تھا

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَبَا هُرَیْرَةَ رضی جَهْرًا اَنَّهٗ یَمُوْتُ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی ابو ہریرہ کو علانیہ کہ وہ فوت ہوں گے

بِاَرْضِ قَفْرٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَبَا ذَرٍّ رضی بَعْدَ الصَّلٰوةِ

ویران علاقہ میں اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے حضرت ابوذر کو خبر دی نماز کے بعد

اَنَّهٗ یَمُوْتُ بِاَرْضِ فَلَاةٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ

کہ وہ وفات پائیں گے بے آب وگیاہ زمین میں اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے سچی خبر دی

اَبَا اَیُّوْبَ رضی بِاَرْضِ الرُّوْمِ حَقًّا فَکَانَ یُدْعٰی بِقَبْرِہٖ هُنَاکَ وَ

حضرت ابو ایوب رضی کو روم کے علاقہ میں شہید ہونے کی تو وہاں پر آپ کی قبر کے پاس دعا مانگی جاتی ہے اور

یُسْتَسْقٰی وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ فَاطِمَةَ رضی بِصَرِیْحِ

بارش طلب کی جاتی ہے۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو صریح

قَوْلِہٖ بِحُضُوْرِ اَجَلِہٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ فَاطِمَةَ

انداز میں قرب وصال کی خبر دی اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے حضرت سیدہ فاطمہ کو خبر دی

بِاَنَّهَا مِنْ اَوَّلِ اَهْلِ بَیْتِہٖ بِہٖ لُحُوْقًا فَکَانَ مَا اَخْبَرَ بِہٖ مِنْ ذٰلِكَ

کہ وہ اہل بیت رسول میں سے پہلی ہوں گی آپ کے ساتھ لاحق ہونے میں تو جیسے خبر دی ویسے ہی ہوا

تَحْقِیْقًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَصْحَابَہٗ بِمَوْتِ اَهْلِ

واقع میں اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی اپنے صحابہ کرام کو

بِئْرِ مَعُوْنَةَ قَبْلَ اَنْ یَّعْرِفُوْا ذٰلِكَ اَنْ یُّدْرِکُوْنَہٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

بئر معونہ والے حضرات کی شہادت کی قبل اس کے کہ وہ جانیں اپنے شہادت پانے کو اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ اَهْلِ بِئْرِ مَعُوْنَةَ وَاعْتَجَبَ اَنَّهُمْ حُمِلُوْا اِلَی الْجَنَّةِ

محمد پر جنہوں نے خبر دی بئر معونہ کے شہداء کی اور تعجب فرمایا اس پر کہ انہیں اٹھایا گیا جنت کی طرف

Marfat.com

عَلٰی اَسِرَّةِ الذَّهَبِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِمَوْتِ ابْنِ رضہ
سونے کے تختوں پر اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے عبد اللہ بن
رَوَاحَةَ الشَّهِيْدِ وَبِاَخْذِ رَايَتِهٖ خَالِدُ بْنُ وَلِيْدٍ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا
رواحہ رضی اللہ عنہ کی خبر شہادت دی اور پرچم کو خالد بن ولید کے ہاتھ میں لینے کی اور صلواۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَوْحٰی اِلَيْهِ اَنَّ خَالِدًا اَخَذَ الرَّايَةَ مِنْ
محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو وحی کی ہے کہ خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے پرچم اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے
غَيْرِ اَمْرِهٖ فَفُتِحَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ
بغیر آپ کے انہیں امیر بنانے کے پس اللہ نے ان کو فتح دی ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ
جَعْفَرًا رضہ يَطِيْرُ فِی السَّمَآءِ بِجَنَاحَيْنِ مُضَرَّجَيْنِ بِالدِّمَآءِ وَصَلِّ
حضرت جعفر رضی اللہ عنہ آسمان میں محو پرواز ہیں دو خون آلود پروں کے ساتھ۔ اور صلواۃ نازل فرما
عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِمَا اَخْفَی الْكُفَّارُ مِنَ الْكَلَامِ
سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی کفار کی خفیہ گفتگو کے متعلق جو تھی آپ کے (غلاموں پر)
فِیْ فَتْحِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلشَّامِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ
شام کے فتح ہو جانے کے (مژدہ سے) متعلق۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
اَخْبَرَ بِمَقَالَةِ ابْنِ سَلُوْلَ قَبْلَ اَنْ يَّسْمَعَ مِنْهُ ذٰلِكَ الْقَوْلَ وَ
خبر دیدی ابن سلول کے قول کی قبل اس کے سننے کے اس سے۔ اور
صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهُ الْمُكَرَّمِيْنَ اَنَّ قِرْمَانَ
صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی اپنے اصحاب کرام کو کہ قرمان
يَقْتُلُ نَفْسَهٗ بِالسِّكِّيْنِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ
اپنے آپ کو قتل کرے گا خنجر کے ساتھ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ
اَنَّ اَبَا مَظْعُوْنٍ فِیْ عَدَدِ الْاَمْوَاتِ فَمَا بَلَغَ مَنْزِلَهٗ حَتّٰی مَاتَ
ابو مظعون اموات کی گنتی و شمار میں ہے تو وہ اپنے گھر پر نہیں پہنچے تھے کہ فوت ہو گئے

Marfat.com

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِارْتِدَادِ اَشْعَثَ ابْنِ

اور صلواۃ کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی اشعث بن قیس کے مرتد ہو

قَیْسٍ وَّمَا اَلْقٰی اِلَیْهِ اللَّعِیْنُ اِبْلِیْسُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

جانے کی اور جو وسوسہ اسے ابلیس لعین نے ڈالا تھا ۔ اور صلواۃ کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ سَمُرَةَ یُحْرَقُ بِالنَّارِ فَمَاتَ فِیْهَا مِنْ

محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی کہ حضرت سمرہ آگ میں جل کر مریں گے تو وہ مرے اسی میں

غَیْرِ قَصْدٍ وَّلَا اخْتِیَارٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

بغیر اپنے قصد و ارادہ کے ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَیْسٍ یُحْشَرُ مَعَ الشُّهَدَآءِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

خبر دی کہ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ شہداء کے ساتھ اٹھائے جائیں گے قیامت کے دن

فَاسْتُشْهِدَ یَوْمَ الْیَمَامَةِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ

تو وہ شہید ہوئے جنگ یمامہ میں ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی کہ

خِرْسَ بَعْضِ جُلَسَآئِهٖ فِی النَّارِ كَجَبَلِ اُحُدٍ فَكَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَارْتَدَّ

کہ آپ کے بعض ہمنشینوں کی ڈاڑھ آتش دوزخ میں جبل احد کی مانند ہوگی تو وہ اس کے بعد کافر و مرتد ہو گیا

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ الرِّیْحَ هَاجَتْ لِمَوْتِ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی کہ یہ آندھی منافق کے مرجانے پر چلی

مُنَافِقٍ فَصَدَقَ خَبَرُهُ الصَّادِقُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

ہے تو آپ کی یہ خبر صادق سچی نکلی ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی

اَخْبَرَ الزُّبَیْرَ رضی اللہ عنہ وَهُوَ فِی الدَّارِ اَنَّ قَاتِلَهٗ یَلِجُ فِی النَّارِ وَصَلِّ عَلٰی

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو جبکہ وہ گھر میں موجود تھے کہ ان کا قاتل نار جہنم میں داخل ہوگا ۔ اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ حُذَیْفَةَ رضی اللہ عنہ ابْنِ یَمَانٍ بِمَا یَكُوْنُ فِیْ اٰخِرِ

سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے بتلا دیا حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو جو کچھ بعد والے زمانہ میں ہونے والا تھا

Marfat.com

الزَّمَانِ فَكَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَنِ الْحَسَنِ رضی
تو وہ اسی طرح ہوا۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے متعلق
بِالتَّعْيِيْنِ اَنَّ اللّٰهَ يُصْلِحُ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ
خصوصی خبر دی کہ اللہ تعالیٰ صلح کرادے گا ان کی بدولت اہل اسلام کے دو عظیم گروہوں میں
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِقُدُوْمِ الْعِيْرِ قَبْلَ مَجِيْءِ
اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دے دی قافلۂ قریش کی آمد کی خوشخبری سنانے والے کی
الْبَشِيْرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِمَصَارِعِ
آمد سے پہلے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی بدر کے میدان میں کفار کی
الْكُفَّارِ فَكَانَتْ حُفَرَ الْقَرَارِ لَهُمْ فِى النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
قتل گاہوں کی تو وہ مقامات ہو گئے ان کے لیے دوزخ میں استقرار پانے والے گڑھے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
الَّذِيْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهُ الْكُبْرٰى بِفَتْحِ اُمِّ الْقُرٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
جنہوں نے خبر دی اپنے بزرگ صحابہ کو مکہ مکرمہ کے فتح ہونے کی اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ حُذَيْمَ بْنَ يَعْلٰى بِمَا اَخْبَرَتْهُ عَنْهُ الْجِنُّ لَيْلًا
محمد پر جنہوں نے خبر دی حذیم بن یعلیٰ کو جو کچھ بتلایا تھا اسے جن نے آپ کے متعلق رات کو۔
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ رَافِعَ بْنَ عُمَيْرٍ رضی بِمَا
اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی رافع بن عمیر کو جو
رَاٰى فِىْ مَنَامِهٖ فَكَانَ سَبَبَ اِسْلَامِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
دیکھا انہوں نے خواب میں اور ان کے اسلام لانے کا سبب بنا۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاَسْمِ وُهَيْبِ بْنِ السِّمَاعِ وَقُدُوْمِهٖ عَلَيْهِ قَبْلَ
جنہوں نے خبر دے دی وہیب بن سماع کے نام کی اور اس کی آمد کی اس کے
وُصُوْلِهٖ اِلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِالَّذِيْ
پہنچنے سے قبل۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی اس کافر کے متعلق جس نے

Marfat.com

خَبَأَ نَفْسَهٗ مِنَ الْكُفَّارِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِيَرَاهُ حِيْنَ يَخْطُبُ وَيَسْمَعُهٗ

اپنے آپ کو جمعہ کے دن پوشیدہ رکھا تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے وقت دیکھے اور سنے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بَعْضَ حُفَاةِ الْبَوَادِيْ اَنَّ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے خبر دی بعض بادیہ نشین برہنہ پا کو کہ

نَاقَتَهٗ ذَاهِبَةٌ بِبَطْنِ الْوَادِيْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

اس کی اونٹنی فلاں وادی کے درمیان میں جارہی ہے۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے اطلاع دیدی

بِكِتَابِ حَاطِبِ بْنِ اَبِيْ بَلْتَعَةَ قَبْلَ اَنْ يَّرَاهُ وَيَسْمَعَهٗ وَصَلِّ

حاطب بن ابی بلتعہ کے خط کی قبل اس کے کہ اسے دیکھیں اور سنیں اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاِشَارَةِ اَبِيْ لُبَابَةَ حِيْنَ حَذَّرَ

سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی ابولبابہ کے اشارہ سے متعلق جبکہ انہوں نے ڈرایا تھا

اَصْحَابَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ

اپنے ساتھیوں کو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی اپنے نکوکار

الْاَبْرَارَ بِمَا بَيَّتَهُ الْكُفَّارُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاَيْمَانِ

اصحاب کو اس کی جو مشورہ کیا رات میں کفار نے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے خبر دی

الْمُنَافِقِيْنَ قَبْلَ الْحَلْفِ وَالْيَمِيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

منافقین کی قسموں کی ان کی یمین اور حلف سے پہلے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ سَيَقْدُمُ عَلَيْهِ رَجُلٌ يَّتَكَلَّمُ بِلِسَانِ

محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ عنقریب ان کے پاس آئے گا وہ مرد کہ جو شیطان کی زبان سے

شَيْطَانٍ فَظَهَرَ مِنْ حِيْنِهٖ وَاسْتَبَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

بولتا ہے تو وہ اسی وقت ظاہر ہوا اور نمودار ہو گیا اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِيْ اَخْبَرَ عَلِيًّا حِيْنَ قَدِمَ عَلَيْهِ اَنَّ اللّٰهَ يَفْتَحُ لَهٗ وَعَلٰى

جنہوں نے خبر دی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جب بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے کہ اللہ انہیں اور ان کے ہاتھوں پر

Marfat.com

يَدَايْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ رَاٰى سَرِيْرَا صُحَيْمَةَ مِنْ مَّسِيْرَةِ

فتح دے گا اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے دیکھی اصیمہ نجاشی کی میت کی چارپائی

شَهْرَيْنِ بِحَدَقَاتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ عَمَّارًا رضی

دو ماہ کی مسافت سے اپنی آنکھوں کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی عمارؓ کو

بِاَنْ تَقْتُلَهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ فَمَاتَ فِىْ حَرْبِ عَلِىٍّ رضی وَّمُعَاوِيَةَ رضی

کہ انہیں باغی جماعت قتل کرے گی تو وہ شہید ہوئے حضرت علیؓ و حضرت معاویہؓ کی جنگ صفین میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ بِمَوْتِ اَبِىْ اَيُّوْبَ رضی بِاَرْضِ

اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے سچی خبر دی ابوایوب انصاریؓ کے ارض روم میں

الرُّوْمِ حَقًّا فَكَانَ يُدْعٰى بِقَبْرِهٖ هُنَاكَ وَيُسْتَسْقٰى وَصَلِّ عَلٰى

وفات پانے کی تو وہاں ہی ان کی قبر پر دعا مانگی جاتی تھی اور بارش طلب کی جاتی تھی۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا بِمَوْتِ مَنْ يَّمُوْتُ مِنَ

سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے بتلا دیا اول سے آخر تک ان کی موت کے متعلق جو مرے گا

الْمُسْلِمِيْنَ كَافِرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ كُلَّمَا

اہل اسلام میں سے کافر ہو کر۔ اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے خبر دی کہ انہوں نے جب بھی

سَاَلَ رَبَّهٗ اَعْطَاهُ وَبَلَّغَهٗ فِىْ ذٰلِكَ سُؤْلَهٗ وَرِضَاهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اپنے رب سے سوال کیا تو اس نے عطا فرمایا اور انہیں پہنچا اپنے مطلوب و محبوب امر تک اور رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ كُلَّمَا سَاَلَ رَبَّهٗ بِمَا يَسْاَلُ الْمُحِبُّ عَنْ مَّحْبُوْبِهٖ بَلَّغَهٗ

محمدؐ پر جنہوں نے بتلایا کہ انہوں نے جب بھی اپنے رب تعالیٰ سے سوال کیا جو طلب کرتا ہے محب اپنے محبوب سے تو اللہ نے پہنچایا

اللّٰهُ فِىْ ذٰلِكَ غَايَةَ مَطْلُوْبِهٖ وَمَحْبُوْبِهٖ وَاَخْبَرَ قُرَيْشًا بِالَّذِىْ

انہیں اس معاملہ میں غایت مطلوب و مقصود تک۔ اور خبر دی قریش کو اس شخص کی کہ

شَرَدَ لَهٗ مِنْ عِيْرِهِمُ الْبَعِيْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بھاگ گیا اس کا اونٹ قافلہ سے (شب معراج)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

Marfat.com

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ قُرَیْشًا اَنَّ الْقَافِلَةَ یَقْدُمُهُمْ

و آل محمد پر جنہوں نے خبر دی قریش کو کہ قافلہ آئے گا اس حال میں کہ سب سے پہلے

بِبَعِیْرٍ اَبْیَضَ وَفُلَانٌ عَلَیْهِ رَاکِبٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سفید اونٹ ہوگا اور فلاں شخص اس پر سوار ہوگا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِرُؤْیَا اَبَا بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے بتلایا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ان کا خواب

وَاَخْبَرَ اَبَا بَکْرٍ بِمَا اَوَّلَ الرَّاهِبُ رُؤْیَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور بتلایا انہیں جو تعبیر کی تھی ان کے خواب کی راہب نے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَبَا بَکْرٍ بِمَا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی ابوبکر صدیق کو جو انہیں

قَالَ لَهُ الْکَاهِنُ اِنَّ رُؤْیَاکَ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

کہا تھا کاہن نے کہ تیرا خواب بے حقیقت ہے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

الثَّقَفِیَّ وَالْاَنْصَارِیَّ بِالْمَرَامِ وَاَخْبَرَ بِالْحَوَادِثِ الَّتِیْ لَحِقَتْ

ثقفی اور انصاری کو ان کے مقصد کی اور خبر دی ان حادثات کی جو لاحق ہوں گے

بِاَهْلِ بَیْتِهِ الْعِظَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آپ کے اہل بیت عظام کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ هَلَاكَ اُمَّتِیْ عَلٰی یَدَیْ

آل محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ میری اُمت کی ہلاکت قریش کے نوجوانوں کے

غِلْمَةٍ مِّنْ قُرَیْشٍ قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ اِنْ شِئْتَ اُسَمِّیْهِمْ بَنِیْ فُلَانٍ

ہاتھوں پر ہوگی اور فرمایا ابوہریرہ نے اگر میں چاہوں تو ان کا نام لے کر بتلا دوں کہ وہ فلاں

Marfat.com

وَّبَنِیْ فُلَانٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

فلاں کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِاَنْ یُّفْتَحَ لِجَیْشٍ یَّکُوْنُ فِیْھِمْ وَاحِدٌ مِّنْ اَصْحَابِہٖ

پر جنہوں نے خبر دی کہ فتح دی جائے گی ہر اس لشکر اسلام کو جس میں ایک صحابی بھی ہو گا

وَاَخْبَرَ صَفِیَّۃَ رضی بِمَا رَاَتْ فِی الْمَنَامِ اَنَّ فِیْ حُجْرِھَا الْقَمَرَ اَللّٰھُمَّ

اور خبر دی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو جو اس نے خواب میں دیکھا کہ ان کی گود میں چاند ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ

صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ

الْبَیْتَ الْحَرَامَ یُرْمٰی بِمَنْجَنِیْقٍ وَاَخْبَرَ ھٰٓؤُلَآءِ الْیَھُوْدَ اَنَّھُمْ طَرَحُوْا

بیت اللہ الحرام پر پتھر پھینکے جائیں گے منجنیق کے ساتھ اور یہود خیبر کو بتلایا کہ انہوں نے

فِی الشَّاۃِ السَّمَّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اس بھنی ہوئی بکری میں زہر ملائی ہوئی ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِاِمَارَۃِ مُعَاوِیَۃَ رض بْنِ سُفْیَانَ وَاَخْبَرَ الْیَھُوْدَ

پر جنہوں نے خبر دی حضرت معاویہ بن ابو سفیان کے امیر المسلمین بننے کی اور خبر دی ان یہودیوں کو

الَّتِیْ طَرَحُوا السَّمَّ فِی الشَّاۃِ اَنَّ اَبَاکُمْ فُلَانٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جنہوں نے بکری کو زہر آلود کیا تھا کہ تمہارا باپ فلاں ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ الْمَقْتُوْلَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ مقتول

فِی الْجَنَّۃِ مَعَ الْقَاتِلِ یَعْنِیْ عِکْرِمَۃَ بْنَ اَبِیْ جَھْلٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

جنت میں ہو گا اپنے قاتل کے ساتھ یعنی حضرت عکرمہ بن ابی جہل۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اُمَّ سَلَمَۃَ رض

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا

Marfat.com

حِيْنَ اَهْدٰى لِلنَّجَاشِيِّ اَوَانِيَ مِنَ الْمِسْكِ اَنَّ النَّجَاشِيَّ يَمُوْتُ وَ

کو جب بطور ہدیہ نجاشی کی طرف کستوری کے کئی اوقیے بھیجے کہ نجاشی فوت ہو جائے گا اور

تُرَدُّ اِلَيْهِ الْهَدِيَّةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

یہ ہدیہ واپس کر دیا جائے گا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَنْ قَتْلِ زَيْدٍؓ وَابْنِ رَوَاحَةَؓ وَجَعْفَرٍؓ

کی آل پر جنہوں نے خبر دیدی حضرت زید۔ حضرت ابن رواحہ اور حضرت جعفر کے شہید ہو جانے

وَاَخْبَرَ عَنِ السَّاعَةِ الَّتِيْ قُتِلُوْا فِيْهَا قَبْلَ اِتْيَانِ الْخَبَرِ اَللّٰهُمَّ

کی۔ اور خبر دی اس گھڑی کی جس میں شہید کئے گئے ان کی خبر آنے سے قبل۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

حُذَيْفَةَؓ بِمَا اَسَرَّ فِيْ نَفْسِهٖ مِنْ قَوْلِهٖ اَللّٰهُمَّ اَرِنِيْ اٰيَةً اَللّٰهُمَّ

حضرت حذیفہ کو اس قول کی جو انہوں نے چھپا رکھا تھا کہ اے اللہ مجھے آیت و نشانی دکھلا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

تَمِيْمَ الدَّارِيَّ بِقِصَّتِهٖ وَاَخْبَرَ اَبَا قَتَادَةَؓ بِاَنْ تَكُوْنَ مُعْجِزَةٌ فِيْ بَيْضَائِهٖ

تمیم داری کو انہیں پیش آنے والے واقعہ کی اور خبر دی حضرت ابو قتادہ کو کہ ان کے پاس موجود آپ کے وضوء کے برتن کی وجہ معجزہ ظاہر ہوگا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

اَخْبَرَ عُمَيْرًاؓ بِقَتْلِهٖ عَصْمَآءَ بِنْتَ مَرْوَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

حضرت عمیر کو ان کے عصماء بنت مروان گستاخ نبی کے قتل کرنے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ مُنَافِقًا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ ایک منافق نے

Marfat.com

قَالَ اِنَّ مُحَمَّدًا یَزْعَمُ اَنَّہٗ نَبِیٌّ یُّخْبِرُ عَنِ السَّمَآءِ وَلَا یَدْرِیْ اَیْنَ

کہا ہے کہ محمدؐ کا دعویٰ نبی ہونے کا ہے جو آسمانی خبریں دیتا ہے حالانکہ انہیں معلوم نہیں کہ کہاں ہے

نَاقَتُہٗ عَلَی الْاَرْضِ الْاٰنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ان کی اونٹنی اس وقت زمین کے قطعات میں سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِالشَّھَادَۃِ لِنُعْمَانَ بْنِ بَشِیْرٍ رضؓ

اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کو شہادت کی

وَاَخْبَرَ فَضَالَۃَ بِمَا زَادَ مِنْ قِبَلِہٖ لِطَوَافِ الْکَعْبَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

اور خبر دی فضالہ کو جو اس نے اپنی طرف سے اضافہ کیا تھا طواف کعبہ میں۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ مُعَاذَ بْنَ رضؓ

سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت معاذ بن جبل

جَبَلٍ بِالْاَسِیْرِ وَاَخْبَرَ زَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ رضؓ بِالْعَمٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

رضی اللہ عنہ کو قیدی کی اور خبر دی حضرت زید بن ارقم کو نابینا ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِالذِّئْبِ عَمَّہٗ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اپنے چچے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ان کے چھپائے

الْعَبَّاسَ رضؓ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

ہوئے سونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِاَنْ یَّظْھَرَ فِیْ ثَقِیْفٍ کَذَّابٌ وَّمُبِیْرٌ وَاَخْبَرَ اَبَآ اَیُّوْبَ رضؓ

جنہوں نے خبر دی کہ ظاہر ہوگا قبیلہ ثقیف میں ایک کذاب (مختار) اور دوسرا ظالم (حجاج) اور خبر دی حضرت ابوایوب کو

بِالْاَسِیْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

قیدی کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ رضؓ بِظُھُوْرِ الْاَعْمَالِ الصَّالِحَۃِ

پر جنہوں نے خبر دی حضرت سعد بن ابی وقاص کو ان سے اعمال صالحہ کے ظاہر ہونے کی

Marfat.com

مِنْهُ وَاِصَابَةِ نَفْعِهٖ قَوْمًا وَّضَرَرِهٖ اٰخَرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور ان کی طرف سے ایک قوم کو نفع پہنچنے کی اور دوسرے فریق کو نقصان وضرر پہنچنے کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِقَتْلِ كِسْرٰى

فرما سیدنا محمد پر وآل محمد پر جنہوں نے خبر دی کسریٰ (شاہ فارس) کے قتل ہو جانے کی

وَاَخْبَرَ بِمَآ اَسَرَّ اِلَيْهِ ابْنُ الزُّبَعْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور خبر دی اس کی جو ابن زبعریٰ نے بطور راز اسے کہا تھا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِالْقَتْلِ زُبَيْرَ بْنَ

محمد و آل محمد پر جنہوں نے خبر دی قتل ہو جانے کی حضرت زبیر بن

الْعَوَامِ وَاَخْبَرَ بِالْمَرَامِ وَابِصَةَ رضؓ بْنَ مَعْبَدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

العوام کو اور خبر دی وابصہ بن معبد کو ان کے قلبی مقصود کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ عَنْ فَتْحِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی جنگ

غَزْوَةِ الْاَحْزَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

خندق میں فتح کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ هٰذَا السَّحَابَ يُمْطِرُ وَادِيًا فِى الْيَمَنِ

محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ یہ بادل بارش برسائے گا یمن کی ایک وادی میں

وَاَخْبَرَ بِاَنْ تُقْسَمَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُنُوْزُ كِسْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور خبر دی کہ اللہ کی راہ میں تقسیم ہوں گے کسریٰ کے خزانے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ اُمَّتِىْ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ میری اُمت کے لیے

سَتَكُوْنُ لَهُمْ اَنْمَاطٌ يَغْدُوْ وَاحِدُهُمْ فِىْ حُلَّةٍ وَّيَرُوْحُ فِىْ اُخْرٰى

پردے تنے ہوں گے ان کے در و دیوار پر۔ ان میں ایک شخص صبح کرے گا ایک پوشاک میں اور شام کرے گا دوسری میں

Marfat.com

وَتُوْضَعُ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ وَتُرْفَعُ اُخْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور رکھا جائے گا اس کے سامنے ایک پیالہ اور اٹھایا جائے گا دوسرا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِالَّذِیْ غَلَّ خَرَزَ الْيَهُوْدِ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی اس شخص کے متعلق جس نے بطور خیانت لے لیے تھے

بِخَيْبَرَ وَاَخْبَرَ بِمَا رَامَ الْاَعْرَابِیُّ لِقَتْلِ اَبُوْسُفْيَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خرز الیہود خیبر میں۔ اور خبر دی اعرابی کے ابوسفیان کو قتل کرنے کے عزم وارادہ کی۔ اے اللہ صلواۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِالْقَتْلِ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے شہادت کی خبر دی عمار بن یاسر

عَمَّارَ رض بْنَ يَاسِرٍ وَاَخْبَرَ اَنَّ قَاتِلَ الْحُسَيْنِ رض شِمْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

رضی اللہ عنہ کو اور بتلایا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے والا شمر ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِفَتْحِ مِصْرٍ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے مصر فتح ہونے کی خبر دی

وَاَخْبَرَ اَنَّ قُزْمَانَ فِی النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور قزمان کے دوزخی ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِحُدُوْثِ اَمْرٍ فِیْ خُزَاعَةَ

اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی بنی خزاعہ میں حادثہ رونما ہونے کی

وَاَخْبَرَ سُبَيْعًا اَنْ تَاْخُذَهُ الْاَكِلَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور خبر دی سبیع کو کہ اسے آکلہ (اعضاء کا گوشت کھانے والی بیماری) گرفت میں لے گی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ وُقُوْعِ الْفِتْنَةِ خِلَالَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی فتنہ کے واقع ہونے کی مدینہ منورہ کے

بُيُوْتِ الْمَدِيْنَةِ كَوَقْعِ الْمَطَرِ وَاَخْبَرَ عَنْ غُسْلِ الْمَلَآئِكَةِ حَنْظَلَةَ رض اَللّٰهُمَّ

گھروں میں مانند گرنے بارش کے قطرات کے اور خبر دی ملائکہ کے حضرت حنظلہ کو غسل دینے کی۔ اے اللہ

Marfat.com

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ

صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

بِفَتْحِ یَوْمِ الْفُرْقَانِ وَاَخْبَرَ بِاَسْمَآءِ مَنْ مَّاتَ یَوْمَ بَدْرٍ مِّنَ الْاَعْدَآءِ

فتح کی بدر کے دن اور خبر دی بدر کے دن مرنے والے اعداء کے ناموں کی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جنہوں نے

اَخْبَرَ بَعْضَ اَصْحَابِہٖ یَوْمَ بَدْرٍ بِاَنْ یَّظْفَرُوْا عَلٰی رَاْسِ بِئْرٍ وَکَذَا

خبر دی اپنے بعض صحابہ کرام کو بدر کے دن کہ وہ غالب آئیں گے کنوئیں کے اوپر اور ایسے ہی

بِخَبَرِ الْاَعْدَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

دشمنوں کے متعلق اطلاع دی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِفَتْحِ الرُّوْمِ وَاَخْبَرَ اَنَّ مَلَکًا نَصَرَ اَبَا الْیَسَرِ اِذْ اَ

پر جس محبوب نے خبر دی روم کے فتح ہونے کی اور خبر دی کہ ایک فرشتے نے ابو الیسر کو امداد دی جبکہ

اَسَرَ الْعَبَّاسَ رضی اللہ عنہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

انہوں نے (بدر میں) قید کیا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِاِتْیَانِ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ رضی اللہ عنہ الْبَجَلِیِّ وَاَخْبَرَ

پر جنہوں نے خبر دی حضرت جریر بن عبد اللہ بجلی کی آمد کی اور خبر دی

بِمَوْتِ ھَوْذَۃَ الْحَنَفِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہوذہ حنفی کی موت کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ الْیَھُوْدِیَّۃَ بِمَا رَاَتْ فِی الْمَنَامِ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی یہودی عورت کو اس کے خواب سے متعلق

وَاَخْبَرَ بِقُدُوْمِ وَآئِلِ رضی اللہ عنہ بْنِ حُجْرٍ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور خبر دی وائل بن حجر کے (قبول اسلام کے لیے) آنے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

Marfat.com

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَلِیًّا رضی بِاَنْ یَّسْتَقْبِلَهٗ اَهْلُ الْیَمَنِ

اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اہل یمن کے انکار استقبال کرنے کی

لِلصُّعُوْدِ عَلَی الْعَقَبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

پہاڑی راستہ پر چڑھتے وقت ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ عَمَّارًا رضی یَّطْلُبُ الْمَآءَ عِنْدَ الْقَتْلِ وَیُعْطَی

کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ عمار پانی طلب کریں گے قتل ہونے کے وقت اور دیا جائے گا

الْمَآءُ الْمَخْلُوْطُ بِاللَّبَنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

انہیں دودھ جس میں پانی ملا ہو گا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُلْبِسُ عُثْمَانَ رضی قَمِیْصًا وَّاَنَّهُمْ

کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ قمیص پہنائے گا اور بعض لوگ

یُرِیْدُوْنَ خَلْعَهٗ مِنْهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اس قمیص کے ان پر سے اتارنے کا ارادہ کریں گے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِشَهَادَةِ عُثْمَانَ رضی وَاَنَّ عُثْمَانَ رضی یُقْتَلُ

کی آل اطہار پر جس محبوب نے خبر دی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے کی اور ان کے شہید ہونے کی

عِنْدَ قِرَآءَةِ الْقُرْاٰنِ الْكَرِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

قرآن کریم کی تلاوت کے دوران ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ دَمَ عُثْمَانَ رضی یَقْطُرُ عَلٰی قَوْلِهٖ

آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ حضرت عثمان کا خون ٹپکے گا اللہ تعالیٰ کے اس قول

تَعَالٰی فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر پس عنقریب اللہ تعالیٰ کفایت فرمائے گا آپ کی ان سے اور وہی سننے جاننے والا ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ ذِهَابِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے خبر دی کجاوہ نشین عورت کے

Marfat.com

الطَّعِيْنَةِ بِكِتَابٍ حَاطِبٍ اِلٰى اَهْلِ الْبَلْدَةِ الْاَمِيْنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خط لے جانے کی حاطب کی طرف سے بلد امین (مکہ) والوں کی طرف ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنْ كُفِىَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے خبر دی کہ ان پر یہ افترا کرنے والے

اَمْرُ مَنِ افْتَرٰى عَلَيْهِ اَنَّهٗ اَرْسَلَهٗ وَاَخْبَرَ عَنْ وَّقْعَةِ صِفِّيْنَ اَللّٰهُمَّ

کے امر سے کفایت کر دی گئی ہے کہ مجھے آپ نے بھیجا ہے اور خبر دی آپ نے صفین کی جنگ کی ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّ مُعَاوِيَةَ رضی لَا تُغْلَبُ وَاَخْبَرَ اَنَّ التُّرْكَ تُقَاتِلُ الْعَرَبَ اَللّٰهُمَّ

کہ بیشک حضرت معاویہ مغلوب نہیں ہوں گے اور بتلایا کہ ترک عربوں سے قتال کریں گے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے خبر دی حضرت

بِشَهَادَةِ عُمَرَ رضی بْنِ الْخَطَّابِ وَاَخْبَرَ بِاَنَّ عَمَّارًا رضی صَرَعَ الشَّيْطَانَ اَللّٰهُمَّ

عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے کی اور خبر دی کہ حضرت عمار نے شیطان کو پچھاڑ دیا ہے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

عَمَّارًا رضی بِاَنْ يَّمْنَعَهٗ مَانِعٌ مِّنْ اِخْرَاجِ الْمَآءِ مِنَ الْبِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

حضرت عمار کو کہ انہیں رکاوٹ درپیش ہو گی کنوئیں سے پانی نکالنے میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ بِمَا قَالَتْ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اپنے صحابہ کرام کو اس شخص

لَهُمْ زَوْجَةُ الرَّجُلِ الَّذِىْ كَانَ لَا يَتَرَدَّدُ اِلٰى مَجْلِسِهٖ اِلَّا قَلِيْلًا فَمَاتَ

کی زوجہ کے قول کی جو بہت کم آتا تھا آپ کی مجلس شریف کی طرف پس وہ فوت ہو گیا

Marfat.com

وَدَخَلَ الْجِنَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور جنّت میں داخل ہوا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ اَبَا سُفْيَانَ يَاْتِیْ لِتَجْدِيْدِ الْعَهْدِ وَاَخْبَرَ عَنِ

پر جنہوں نے خبر دی کہ ابوسفیان تجدید عہد کے لیے آئے گا اور خبر دی اس عورت کے متعلق

الْمَرْاَةِ مَعَ مُزَادَتَیِ الْمَآءِ عَلَى النَّاقَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو پانی کی دو بڑی مشکیں لیے اونٹنی پر سوار ہو کر جا رہی تھی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ فَتْحِ الْيَمَنِ وَالْمَدَآئِنِ

محمد پر اور آل محمد پر جنہوں نے خبر دی یمن اور مدائن کے فتح ہونے کی

وَاَخْبَرَ عَمَّا هُوَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ كَآئِنٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور خبر دی ہر اس امر کی جو قیامت تک ہونے والا تھا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ الرُّوْمَ ذَاتُ قُرُوْنٍ اِلٰى

محمد پر اور آل محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ اہل روم متعدد جماعتوں والے ہوں گے

اٰخِرِ الدَّهْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمیشہ کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد و آل محمد پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ بِاَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْهِمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

جنہوں نے خبر دی اپنے صحابہ کو کہ داخل ہو گا ان پر جنتی آدمی

مِنْ هٰذَا الْبَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اس دروازہ سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِفَتْحِ اَرْضِ الْعَجَمِ وَاَنَّ فِيْهَا الْحَمَّامَاتِ وَاَخْبَرَ

آل پر جنہوں نے خبر دی عجمی علاقہ کے فتح ہونے کی اور اس میں حماموں کی موجودگی کی اور خبر دی

فَرْقَدًا بِمَا اَلْقَى الْهَاتِفُ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فرقد کو جو کچھ ہاتف غیبی نے اسے بتلایا تھا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

Marfat.com

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ ذُبَابَ بْنَ الْحَارِثِ بِقَوْلِ الْجِنِّیِّ

اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی ذباب بن الحارث کو جن کے قول کی

وَکَسْرِ الصَّنَمِ وَاَخْبَرَ اَنَّ عَلِیًّا یُحَارِبُہُ الزُّبَیْرُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور بت توڑنے کی اور خبر دی کہ حضرت علی کے ساتھ حضرت زبیر جنگ کریں گے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت عبد الرحمٰن

بْنَ عَوْفٍ بِرِسَالَۃِ عَشْکَلَانَ وَقَرَءَ عَلَیْہِ اَبْیَاتَہٗ فَاَسْلَمَ

بن عوف کو عشکلان کے خط کی اور پڑھے ان پر اس کے اشعار پس وہ اسلام لائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْٓ اَخْبَرَ عَلِیًّا وَّھُوَ فِیْ مَجْلِسِہٖ اَنَّہٗ لَا یَمُوْتُ حَتّٰی تَخْتَضِبَ

جنہوں نے خبر دی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جبکہ وہ آپ کی مجلس میں حاضر تھے کہ وہ فوت نہیں ہونگے یہاں تک کہ رنگین

لِحْیَتُہٗ مِنْ دَمِ ھَامَتِہٖ وَاَخْبَرَ بِمَقْتَلِ الْحُسَیْنِ وَمَضْجَعِہٖ وَمَحَلِّ

ہوگی ان کی ڈاڑھی ان کے سر کے خون سے اور خبر دی حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے کی اور ان کی جائے شہادت

مَوْتِہٖ وَمَوْضِعِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور موت کے محل و مقام کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ اُمَّ الْفَضْلِ تَلِدُ اَمِیْرًا یَاْخُذُ بِثَارِ الْحُسَیْنِ

کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ حضرت اُم الفضل جنم دیں گی ایسے امیر کو جو حسین کے قتل کا بدلہ لے گا

وَاَخْبَرَ بِفَتْحِ عُمَّانَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور خبر دی عمان کے فتح ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ عُمَیْرًا بِمَا شَارَطَہٗ صَفْوَانُ وَبِمَا قَصَدَ مِنْ

کی آل پر جنہوں نے خبر دی عمیر کو جو شرط طے کی تھی اس سے صفوان نے اور اس نے جو آپ کے شہید کرنے کا قصد

Marfat.com

قَتْلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
کر رکھا تھا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ رَاكِبَ النَّاقَةِ اَبُوْ خَيْثَمَةَ وَاَخْبَرَ بِاَنْ يَّظْهَرَ فِی
جنہوں نے خبر دی کہ اونٹنی سوار ابو خیثمہ ہے اور خبر دی کہ ظاہر ہو گا
الْيَمَامَةِ كَاذِبٌ يَّدَّعِی النُّبُوَّةَ فَيُقْتَلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
یمامہ میں کاذب جو نبوت کا دعویٰ کرے گا پس قتل کیا جائے گا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ اَبَا مَظْعُوْنٍ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ ابو مظعون
مِّنَ الْاَمْوَاتِ فَمَا بَلَغَ مَنْزِلَهٗ حَتّٰى مَاتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اموات سے ہیں پس وہ نہ پہنچے اپنی منزل تک حتّٰی کہ مر گئے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَسْمَآءَ رضی اللہ عنہا بِنْتَ عُمَيْسٍ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت اسماء بنت عمیس کو
بِاَنْ يَّتَزَوَّجَهَا جَعْفَرٌ رضی اللہ عنہ وَاَبُوْ بَكْرٍ رضی اللہ عنہ وَعَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رضی اللہ عنہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
کہ ان سے شادی کریں گے حضرت جعفر پھر حضرت ابوبکر پھر حضرت علی رضی اللہ عنہم۔ اے اللہ صلواۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ مَلَكًا
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ ایک فرشتہ نے
سَرَّ السَّائِبَ وَاَخْبَرَ سُرَاقَةَ رضی اللہ عنہ بْنَ مَالِكٍ اَنَّهٗ يَلْبَسُ سِوَارَ كِسْرٰى
سائب کو راز کی بات بتلائی اور خبر دی کہ سراقہ بن مالک پہنیں گے کسریٰ کے کنگن۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ وُلْدَ الْعَبَّاسِ رضی اللہ عنہ يَمْلِكُوْنَ اَضْعَافَ مُلْكِ بَنِیْ اُمَيَّةَ
جنہوں نے خبر دی کہ حضرت عباس کی اولاد کئی گنا زیادہ عرصہ حکومت کریں گے بنسبت بنو اُمیّہ

Marfat.com

فِی الْوَرٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

کی مخلوق میں حکمرانی کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ الْمَدِیْنَۃَ سَتُعْرٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

پر جنہوں نے خبر دی کہ مدینہ عنقریب خالی ہو جائے گا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ الدِّمَآءَ تَغْمُرُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ مقتولین کے خون ڈھانپ لیں گے

اَحْجَارَ الزَّیْتِ فَوَقَعَ فِیْ وَقْعَۃِ الْحَرَّۃِ وَاَخْبَرَ عَنْ وُّقُوْعِ الطَّاعُوْنِ

روغنی آلود نظر آنے والے پتھروں کو پس حرہ کے واقعہ میں یہ غیبی خبر پوری ہوگئی اور خبر دی مدینہ میں طاعون کے

فِی الْمَدِیْنَۃِ الْمُطَھَّرَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

وقوع پذیر ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِالْمَرَامِ لِوَاثِلَۃَ ابْنِ الْاَسْقَعِ وَاَخْبَرَ بِمَقَالَۃِ

کی آل پر جنہوں نے خبر دی واثلہ بن اسقع کو اس کے مقصد کی۔ اور خبر دی ابن سلول کے

ابْنِ سَلُوْلٍ قَبْلَ اَنْ سَمِعَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

قول کی سننے سے قبل۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ کِرْکِرَۃَ فِی النَّارِ وَاَخْبَرَ عَنْ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ کرکرہ خادم آگ میں ہے۔ اور خبر دی

فَتْحِ الشَّامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

شام کے فتح ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْ مَّعْشَرِ الْقُرَیْشِ بِمَا قَالَ یَوْمَ

پر جنہوں نے خبر دی قریش کی جماعت میں سے ہر ایک کو اس کے قول کی فتح مکہ کے

فَتْحِ مَکَّۃَ وَاَخْبَرَ رَجُلًا بِمَا حَدَّثَ نَفْسُہٗ اَنْ لَّیْسَ فِیْ ھٰذَا الْجَمْعِ

دن اور خبر دی اس شخص کو جس کے نفس نے اس کو وسوسہ ڈالا کہ اس جماعت میں اس سے بہتر

Marfat.com

اَحَدٌ مِّنِّیْ اَوْلٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

کوئی شخص نہیں ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ بَعْضَ اَصْحَابِہٖ یُدْفَنُ وَمَعَہٗ کَالْمِصْبَاحِ

پر جنہوں نے خبر دی کہ ان کے بعض صحابہ کو اس حال میں دفن کیا جائے گا کہ اس کے ساتھ چراغ کی مانند نور ہوگا

فَاَضَآءَ مَعَہٗ فِیْ قَبْرِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

پس وہ اس کے ساتھ قبر میں روشنی دے گا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِالَّذِیْ حَلَفَ لِامْرَاَتِہٖ فِیْ بَیْتِہٖ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اس شخص کے متعلق جس نے قسم اٹھائی اپنی بیوی کے لیے گھر میں

وَحَنَثَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اور حانث ہو گیا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ ظُھُوْرِ فِتَنِ الْخَوَارِجِ بِالْعِرَاقِ وَاَخْبَرَ طَلْحَۃَ رضی بِالْقَتْلِ

جنہوں نے خبر دی عراق میں خارجیوں کے فتنہ کے ظہور کی اور خبر دی حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے کی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ عُمَرَ رضی یُخْرِجُ الْیَھُوْدَ مِنْ خَیْبَرَ وَاَخْبَرَ نَوْفَلَ بْنَ الْحَارِثِ

خبر دی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نکال دیں گے یہودیوں کو خیبر سے اور خبر دی نوفل بن الحارث کو

بِالرِّمَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

نیزوں کے متعلق۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ بِارْتِدَادِ اَشْعَثَ بْنِ قَیْسٍ وَّمَآ اَلْقَاہُ الْھَاتِفُ اِلَیْہِ وَ

جنہوں نے خبر دی اشعث بن قیس کے مرتد ہو جانے کی اور جو ہاتف غیبی نے اس کو کہا۔ اور

اَخْبَرَ بِاِیْفَآءِ الذِّئْبِ بِمَا کَفَلَ لِاُھْبَانَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

خبر دی بھیڑیئے کے پورا کرنے کی اس عہد کفالت کو جو اہبان سے کیا تھا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

Marfat.com

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عُمَرَ رضؓ اَنَّ فِيْهِمْ مَّنْ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جنہوں نے خبر دی حضرت عمر رضی اللہ کو کہ ان میں ایسے شخص

تَجْمَعُ عَلَيْهِ الْاَحْزَابُ يَعْنِيْ اَبَا سُفْيَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہیں جن پر تمام عساکر کفار جمع ہو جائیں گے یعنی ابو سفیان پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ رَافِعَ رضؓ بْنَ عُمَيْرٍ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جنہوں نے خبر دی رافع بن عمیر کو

بِمَا رَاٰى فِي الْمَنَامِ وَاَخْبَرَ بِفَتْحِ مَكَّةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو کچھ اس نے دیکھا تھا خواب میں اور خبر دی فتح مکہ کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِالْقَتْلِ فِي الْعِرَاقِ عَلِيًّا رضؓ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عراق میں شہید کئے جانے کی

وَاَخْبَرَ خُزَيْمَ ابْنَ يَعْلٰى بِمَا اَخْبَرَتْهُ الْجِنُّ فِي الدَّيْجُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور خبر دی خزیم بن یعلیٰ کو جو کچھ انہیں بتلایا تھا جن نے شب تاریک میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَبَا هُرَيْرَةَ رضؓ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت ابو ہریرہ کو

بِقُدُوْمِ غُلَامِهٖ وَاَخْبَرَ بَعْضَ جَارِهٖ بِمَا اَسَرَّ مِنْ اِسْلَامِهٖ اَللّٰهُمَّ

ان کے غلام کی آمد کی اور خبر دی بعض پڑوسیوں کو جو اس نے چھپایا یعنی اپنے اسلام کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَنْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت

نَّخْلِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رضؓ بْنِ عَوْفٍ وَاَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عبدالرحمٰن بن عوف کی کھجوروں سے اور اپنی ازواج مطہرات (کو بطور ہدیہ دئے جانے) سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَدِيَّ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی عدی

Marfat.com

بْنَ حَاتِمٍ اَنَّكَ كُنْتَ مِرْبَاعًا مِّنْ قَوْمِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

بن حاتم طائی کو کہ تو تھا اپنی قوم سے چہارمی وصول کرنے والا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِاتِّخَاذِ بَنِیْٓ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی بنو امیہ کے بنا لینے سے

اُمَيَّةَ مَالَ اللّٰهِ دُوْلًا وَّاَخْبَرَ بِفَتْحِ اَيْلَةَ اَصْحَابَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اللہ کے مال کو ذاتی دولت و ملکیت اور خبر دی اپنے صحابہ کو ایلہ کے فتح ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ مِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت مقداد بن الاسود کو

بِالَّذِیْ اَرَادَ اَنْ يَّشْرَبَ شَرَابَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اس شخص سے متعلق جس نے ارادہ کیا ان کا شراب پینے کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ رَسُوْلَ اَهْلِ الْيَمَنِ وَالطَّآئِفِ

اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اہل یمن اور طائف کے ایلچی کو

بِمَا سَمِعُوْا مِنَ الْهَاتِفِ فِیْ شَاْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو سنا اس نے ہاتف سے آپ کی شان میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ ابْنَ الزُّبَعْرٰى اَتٰى وَفِیْ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ ابن زبعریٰ آیا ہے اور اس کے

وَجْهِهٖ نُوْرُ الْاِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

چہرے میں نور الاسلام ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

طبعی تقاضے۔ جھگڑالو۔ کھجور کی ٹوکری۔ ظلم۔ سخت آواز اور نرم و نازک کے سمندر کے گہرے حصے۔ گہرائی

وَّغَرْشٍ وَّعَرَضٍ وَّغَطْمَطَةٍ وَّغَوْغَآءٍ وَّغَرَفٍ وَّغَدَقٍ وَّغَيْطَلَةٍ

یمنی نبات۔ دونی کے سکے۔ نشانہ و ہدف۔ جوش و تموج اور تمام شریر لوگوں کے چلو بھرنے۔ سرسبز و شاداب ہونے۔ امن کی فرحت

Marfat.com

وَّعِظَمٍ وَّغَصَارَةٍ وَّغَدَوَةٍ وَّغَالِيَةٍ يَا نُوْرَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدَاهُ اَنْتَ الَّذِيْ

وسیع سمندر۔ تروتازگی۔ صبح کی سیر اور خوشبو کے اے نور ہر شئ کے اور ہدایت ہر شئ کی تو

فَلَقْتَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ الَّتِيْ كَتَفْتَهَا بِنُوْرِكَ الْجَامِدَةِ

ہی نے پھاڑا ہے ظلمتوں کو اپنے نور کے ساتھ۔ تو ہی روشن کرنے والا ہے تمام آسمانوں کو جنہیں تو نے لباس سپنا یا اپنے نور کے ساتھ

بِتَخْلِيْطِ الْاَنْجِزَةِ الْجَلَالِيَّةِ وَالْجَمَالِيَّةِ وَاَشْرَقَتِ الشَّمْسُ بِتَخْلِيْقِكَ

جو آسمان کہ ٹھوس ہیں بسبب ملانے جلالی اور جمالی بخارات کے اور چمکایا سورج کو بسبب پیدا کرنے تیرے

قُرْصَهَا مِنْ نُوْرِ الْجَلَالِ الْغَالِبِ حَتّٰى عَكَسَتْ عَلَى التَّنُّوْرِ وَصَارَتِ

اس کی ٹکیہ کو غالب نور جلال سے یہاں تک کہ اس نے عکس و پرتو ڈالا اور ہر تنور کے اور ہوا

الْهَوَآءُ حَارَّةً بِتَحَرِّ الشُّعَاعَاتِ طَبَّاخَةً وَّخَلَقْتَ الْقَمَرَ مُضِيًّا بَارِدَةً

گرم ہو گئی بسبب شعاعوں کی حرارت کے درآنحالیکہ وہ پزو پخت کا کام دیتی ہیں اور پیدا کیا تو نے چاند کو درآنحالیکہ روشن ہے اس

شُعَاعَاتُهٗ وَكَوَّنْتَ الْكَوَاكِبَ بَرَّاقَةً هَادِيَةً رَاجِمَةً اِنْفَصَلَتْ شُعَاعَاتُهَا

کی شعاعیں ٹھنڈی ہیں۔ اور بنایا تو نے ستاروں کو چمکدار۔ رہنمائی کرنے والے اور سبب ہلاکت (شیاطین کے لیے) جدا ہوتی ہیں ان سے شعاعیں

مِنْهَا ثُمَّ تَتَّصِلُ بِمَقَارِهَا وَمَرَاكِزِهَا حَتّٰى صَارَتِ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ مُزَيَّنَةً

پھر متصل ہوتی ہیں اپنی قرار گاہوں اور مرکزوں کے ساتھ حتی کہ ہو گئے ساتوں آسمان

بِاَحْسَنِ زِيْنَةٍ ثُمَّ اَبْدَعْتَ اَشْخَاصَ الْمَلٰٓئِكَةِ مِنْ غَيْرِ تَامُوْرٍ وَّتَامُوْرَةٍ

خوبترین زینت کے ساتھ مزین پھر تو نے از سرنو پیدا فرمایا ملائکہ کے اشخاص کو بغیر مذکر و مونث (کے ملاپ) کے

مِّنْ اِهَابٍ وَّلَحْمٍ وَّعِظَامٍ مَّسْكُوَّةٍ بَلْ اَوْجَدْتَّهَا مِنْ صِرْفِ نُوْرٍ لَطِيْفٍ

بغیر چمڑے۔ گوشت اور باہم مرتب ہڈیوں کے بلکہ تو نے انہیں ایجاد فرمایا خالص لطیف نور سے

قَابِلِ الشَّكْلِ اللَّطِيْفِ اَوِ الْكَثِيْفِ مَعَ بَقَآءِ الْهَيْئَةِ الْمَلَكِيَّةِ النُّوْرَانِيَّةِ

جو قبول کرنے والا ہے لطیف و کثیف شکل کو بمع باقی رہنے نورانی ملکی ہیئت کے ان

فِيْ هَيْئَاتِهَا الْجِبِلِّيَّةِ حَتّٰى تَيَسَّرَ عَلَيْهِمُ الْهُبُوْطُ وَالصُّعُوْدُ فِيْ اَدْنٰى لَمْحَةٍ

کی جبلی اور خلقی ہیئات میں حتی کہ آسان ہو گیا ان پر اترنا اور چڑھنا ادنیٰ لمحہ میں

Marfat.com

وَالْجِهَاتُ طُوِيَتْ فِيْ لَطَافَةِ بَرَّاقَتِهَا وَصَارَتْ جِهَةً وَّحْدَانِيَّةً وَّعَيْنًا

اور تمام جہات سمیٹ دی گئیں ان کی لطیف چمک اور نورانیت کے سامنے اور وہ مانند ایک جیت کے ہوگئیں اور ملائکہ

سَوَاسِيَةً يُلَاحِظْنَ بِهَا اَحْوَالَ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ غَيْرِ تَوَقُّفٍ عَلٰى كَسْبٍ

ہوگئے سراپا آنکھ کہ ملاحظہ کرتے ہیں تمام موجودات کے احوال کا بغیر کسب و حیلہ گری کے

بَلْ هُمْ ذَوَاتٌ بِالْفِعْلِ نَفَّاذَةٌ مُخْلَخِلَةٌ مُجَلْجِلَةٌ تَتَرَشَّحُ مِنْهَا الْاَنْوَارُ

بلکہ وہ بالفعل نفوذ و سرایت کرنے والی ذاتیں ہیں۔ اشیاء کے اندر حلول کرنے والے ہیں، قوی آواز والے ہیں جن سے انوار منعکس

عَلٰى قُلُوْبِ الْعَارِفِيْنَ بِهَا يُهْتَدُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَتَشْرَحُ صُدُوْرُهُمْ بِالَّتِيْ

ہوتے ہیں عارفوں کے دلوں پر جن کے ذریعے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف راہ پاتے ہیں اور ان کے سینے کشادہ ہوتے ہیں ان معارف

سَمَّيْتَ بِاِلْهَامَاتِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَخَلَقْتَ الْاَرْوَاحَ مِنْ نُّوْرِهِ الْمُقَرَّبِ الْمُهْدِيْ

کے ساتھ جنہیں الہام ملائکہ کہا جاتا ہے اور تو نے پیدا فرمایا ارواح کو اپنے (حبیب) کے مقرب اور ہادی نور سے

وَفَلَقْتَ الْبَيْضَآءَ الْفَرْقَآءَ مِنَ السَّوْدَآءِ الْقَمْصَآءِ اَللّٰهُمَّ نُوْرَكَ فَوْقَ كُلِّ

اور پھاڑا تو نے سپیدۂ سحر کو جو جدا ہونے والا ہے رات کے سیاہ قمیص سے۔ اے اللہ تیرا نور فائق و بلند تر ہے ہر

نُوْرٍ وَّنَارٍ وَّكُلٌّ مِّنْ فُرُوْعِ اَنْوَارِكَ وَسَمَآئِكَ فَنَوِّرْ قَلْبِيْ لِاسْتِعْدَادِ

نور و نار سے اور سبھی فروعات ہیں تیرے انوار کے اور آسمان کے پس منور فرما میرے دل کو انوار کے کرات کے مشاہدہ

مُشَاهَدَةِ كُرَّاتِ الْاَنْوَارِ مِنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا تَغَيُّبٍ وَاَعِدْ نَفْسِيْ لِحُلُوْلِ

کی اہلیت و استعداد کے لیے بغیر تھکان اور غیبت کے اور مستعد فرما میرے روح و نفس کو فیوض اور

الْاَفْيَاضِ وَاَنْوَارِ الْحَقَآئِقِ الَّتِيْ هِيَ عُلُوْمٌ بِالنِّسْبَةِ وَخَوَارِقُ بِالْقُدْرَةِ وَ

انوارِ حقائق کے نزول کے لیے جو کہ ایک لحاظ سے علوم ہیں اور قدرت کی رو سے کرامات ہیں۔ اور پیدا

اجْعَلْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّمُحِيْطًا حَتّٰى لَآ اَرٰى بِالْبَصَرِ وَالْبَصِيْرَةِ اِلَّا نُوْرَكَ

فرما میرے اوپر نور اور نیچے نور محیط حتی کہ نہ دیکھوں میں سر کی آنکھ اور دل کی آنکھ سے مگر تیرے رہنما نور کو

الْهَادِيْ بِنُوْرِكَ الْقَاضِيْ وَجَمِّلْ رُوْحِيْ بِحَيْثُ تَتَهَافَتُ الْاَنْوَارُ عَلَيْهِ

بمع تیرے نور قضاء و حکم ازل کے اور میری روح کو جمیل بنا اس انداز سے کہ انوار برسیں

Marfat.com

وَتَسْرِیْ مِنْهُ الْمُسْتَرْشِدِیْنَ وَالْمُتَوَجِّهِیْنَ اِلٰی هٰذَا الدَّاعِیْ وَاِلٰی

اس پر اور پھر اس سے مریدین کی طرف سرایت کریں اور ہر اس شخص کی طرف جو متوجہ ہو اس دُعاگو کی طرف اور ہر

مَنْ اَرَادَ بِهٖ نَفْعًا یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِكَ عَزِیْزٌ سُلْطَانُهٗ

اس شخص کی طرف جو نفع حاصل کرنے کا ارادہ کرے۔ اے ذلیل کرنے والے ہر سرکش و معاند کو ساتھ اپنے قہر کے

ذَلِّلْ اَیَّ عَدُوٍّ وَعَدُوًّا اَحِبَّائِیْ وَذَلِّلْ اَبَا مُرَّةَ حَیْثُ یَشَآءُ

غالب ہے تیرا تصرف و تسلّط۔ ذلیل فرما میرے اور میرے احباب کے ہر دشمن کو اور ذلیل فرما شیطان کو جب بھی وہ

اللّٰهُمَّ سَلِّطْ عَلَیَّ بِالْجَبْرِ وَالْقَهْرِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُذِلُّ لِکُلِّ جَبَّارٍ قَهَّارٍ

مجھ پر تسلط اور غلبہ چاہے ساتھ جبر و قہر کے۔ اے اللہ تو ہی ذلیل کرنے والا ہے ہر جبار و قہار کو

کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ وَمَنْ مَّعَهٗ بِیَدِ مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ

جیسے کہ تو نے ذلیل کیا فرعون اور اس کے لشکریوں کو موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں۔ اے اللہ

اَنْتَ قَهْرٌ مَنِیْعٌ ذُوْ سُلْطَانٍ وَّغَلَبَةٍ وَّسَلَاطِیْنُ الْاَرْضِ مُذَلَّلَةٌ

تو قاہر۔ بلند شان۔ مالک ملک اور غالب ہے اور سلاطین عالم مغلوب ہیں

تَحْتَ سُلْطَنَتِكَ فَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تُجِیْبُ دَعْوَتَهٗ یَا ذَلَّالَ لِکُلِّ جَبَّارٍ

تیری سلطنت کے سامنے پس بنا مجھے مستجاب اور عورت لوگوں سے۔ اے مغلوب کرنے والے ہر جبار و

عَنِیْدٍ مُّفْرِطٍ اَیًّا کَانَ بَرِیًّا اَوْ بَحْرِیًّا اَوْ جِنِّیًّا اَوْ مَلَکِیًّا کَمَا ذَلَّلْتَ

سرکش اور قصور وار کے خواہ خشکی کا ہو یا تری کا اور جن ہو یا فرشتہ (بالفرض والتقدیر) جیسے مغلوب اور مطیع

الطُّیُوْرَ وَالْجِنَّ وَالرِّیْحَ تَحْتَ اَمْرِ سُلَیْمٰنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَلٰکِنَّ الْوِلَایَةَ

فرمایا پرندوں کو اور جنوں اور ہوا کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے لیکن نبوت کا سلسلہ باقی

بَاقِیَةٌ اِلٰی یَوْمِ الْفَجَآءِ فَاجْعَلْنِیْ مِنَ الرُّءُوْسَآءِ الْمُتَصَرِّفِیْنَ فِی الْاِعْزَازِ

نہیں رہا تو سلسلۂ ولایت باقی ہے قیامت تک پس مجھے بنا رؤساءِ اولیاء سے جو ارباب تصرف ہیں عزت دینے

وَالْاِذْلَالِ بِحَقِّ قَوْلِكَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ

اور ذلیل بنانے میں بطفیل اپنے اس قول کے "تو عزت دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور ذلت دیتا ہے جسے ذلیل کرنا چاہے تیرے

Marfat.com

الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۚ يَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ

دست کرم میں خیر ہے۔ بیشک تو ہی ہر چیز پر کامل دسترس والا ہے۔ اے ہر نقص سے مقدس و طاہر

فَلَا شَيْءَ يُعَانُ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ قَدِّسْنِيْ مِنْ هٰذِهِ الدَّنِيَّةِ

تمام مخلوقات میں سے کوئی شئی ایسی نہیں جس سے تعاون لیا جاسکے تیرے لطف و کرم کے بدلے۔ مجھے پاک فرما اس رذالت

الْمُبَالَةِ اِلَيْهَا طَبْعِيْ وَنَفْسِيْ وَهُوَ نُقْصٌ عِنْدَ الْقُدُّوْسِ وَطَهِّرْنِيْ عَنْ كُلِّ

و کمینگی سے جس کی طرف میری طبیعت اور نفس راغب ہے جبکہ وہ عیب و نقص ہے تجھ قدوس کے نزدیک۔ اور مجھے پاک فرما ہر

نَقْصٍ عَائِقٍ مِّنْ اَسْبَابِ الْوُصُوْلِ ثُمَّ جَرِّدْنِيْ مِنْهَا حَتّٰى لَا تَبْقٰى فِيْ قَلْبِيْ

اس نقص سے جو مانع ہے اسباب وصول سے پھر مجھے خالی اور فارغ فرما اس سے حتی کہ نہ باقی رہے میرے دل میں

اِلَّا هُوِيَّةٌ اَحَدِيَّةٌ هِيَ عَيْنُ وَحْدَةٍ بِوُجُوْدِ كُلِّيٍّ حَقِيْقِيٍّ قُدُّوْسِيٍّ طَاهِرٍ عَنْ

مگر ہویت احدیہ جو کہ عین وحدت ہے ساتھ کلی حقیقی کے وجود کے جو مقدس و طاہر ہے تمام

جَمِيْعِ النَّقَائِصِ فَلَا يُغَالِبُهٗ اَحَدٌ مِّنْ جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْفِعْلِيَّةِ وَلَا

نقائص سے پس غلبہ نہیں پا سکتا اس پر کوئی موجودات فعلیہ اور

الْاِمْكَانِيَّةِ الْمَحْضَةِ الْقَرِيْبَةِ اَوِ الْبَعِيْدَةِ مِنَ الْفِعْلِ فَاَنْتَ قُدُّوْسٌ مِّنْ

امکانیہ محضہ سے جو تحقق کے قریب ہیں یا اس سے بعید ہیں۔ پس تو پاک ہے ہر

جَمِيْعِ مَا تُنْسَبُ اِلَيْهِ كَيْفِيَّةٌ وَّكَمِّيَّةٌ وَّخَلَقْتَ الْمُجَدَّدَاتِ مُتَنَزِّهَةً

کیفیت و کمیت سے جو تیری طرف نسبت کی جاتی ہے۔ اور تو نے پیدا فرمایا اس نئی مخلوق کو اس حال میں کہ منزہ

عَنِ الشَّهَوَاتِ وَالْكُفْوِ وَسَائِرِ مَا لَا يَنْبَغِيْ فَقُدِّسْتَ وَطُهِّرْتَ

ہیں خواہشاتِ نفسانیہ سے اور کفیہ و برادری سے اور تمام نا مناسب امور سے پس وہ مقدس و مطہر ہو گئے

بِظُهُوْرِ قُدْسِيَّتِكَ حَتّٰى بَرِءَتْ عَنِ الْمَعَاصِيْ فَلَا يَعْصُوْنَ وَ

تیرے ظہورِ قدوسیت کے طفیل حتی کہ میرا و منزہ ہو گئے تمامتر معاصی سے لہذا نافرمانی نہیں کرتے اور

يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ فَطَهِّرْ قَلْبِيْ وَقَدِّسْ سِرِّيْ لِاقْتِبَاسِ مَا فِيْ

وہی کرتے ہیں جس کا حکم دئے جاتے ہیں۔ پاک فرما میرے دل کو اور مقدس فرما میرے اندرون کو واسطے حاصل کرنے

Marfat.com

عَالَمِ الْمُجَرَّدَاتِ الْمُسَمّٰی بِعَالَمِ الْمَلَکُوْتِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ تَرُبُّ

عالم مجردات کے انوار کے جس عالم کو ملکوت کہا جاتا ہے۔ اے اللہ تو رب العالمین ہے پرورش فرماتا ہے

مَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَلِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَجِبْ اٰمِیْنَ دَعْوَۃَ ھٰذَا الْاِسْمِ فِیْ

ہر اس شئی کی جسے چاہے اور تو ہی دائمی علم والا ہے۔ اے اللہ قبول فرما آمین دعوت اس اسم کی اس اسم

مَفْھُوْمِ ھٰذَا الْاِسْمِ الَّذِیْ شَرَحْتَہٗ عَلَیَّ فِیْ قَضَآئِکَ وَقَدْرِکَ وَ

کے مفہوم میں جس کی شرح فرمائی مجھ پر اپنی قضاء و قدر میں اور تمام

سَآئِرِ الْخَوَاصِ الَّتِیْ لَمْ نَطَّلِعْ عَلَیْھَا اٰمِیْنَ مَعَ کُلِّ رُوْحِیٍّ قُدْسِیٍّ وَّ

تمام خواص میں جن پر ہم مطلع نہیں ہیں آمین ساتھ ہر روحانی قدسی کے اور

نَبِیٍّ وَّوَلِیٍّ یَا مُبْدِئَ الْبَرَایَا وَمُعِیْدَھَا بَعْدَ فَنَآئِھَا بِقُدْرَتِہٖ قَدْ اَوْجَدْتَّ

ہر نبی اور ولی کے۔ اے پیدا کرنے والے مخلوقات کے پہلی دفعہ اور دوبارہ پیدا کرنے والے فناء کے بعد اپنی قدرت کاملہ سے۔ البتہ ایجاد

اَجْنَاسًا وَّاَنْوَاعًا ثُمَّ فَصَّلْتَھَا فَنَوْعٌ تَنْحَصِرُ الْاَشْخَاصُ فِیْہِ وَنَوْعٌ مِّنْہُ

فرمایا تو نے اجناس و انواع کو پھر انہیں ممتاز فرمایا، کوئی نوع ایسی ہے کہ مخصوص اشخاص میں منحصر ہے اور کوئی ایسی ہے کہ اس میں

تَوَالُدٌ وَتَنَاسُلٌ حَتّٰی امْتَلَاَتِ الْاَرْضُ ثُمَّ تُھْلِکُھَا وَتُقَدِّسُھَا فَتَحْشُرُھَا

توالد و تناسل ہے حتی کہ بھر دیا تو نے اس سے زمین کو، پھر تو انہیں ہلاک فرماتا ہے اور مقدس ٹھہراتا ہے پھر ان کا حشر فرمائے

بِقُدْرَتِہٖ وَقُوَّتِہٖ فَلَا یُعَارِضُکَ اَحَدٌ فِیْہِ وَلَا یَتَکَلَّمُ اَحَدٌ اِلَّا مَنْ تَاْذَنُ

گا اپنی قدرت غالبہ سے اور نہیں معارضہ و مقابلہ کر سکے گا تیرے ساتھ کوئی بھی اس معاملہ میں اور نہ کلام کر سکے گا مگر وہی جسے تو اجازت

لَہٗ وَتَقْدِرُ اَنْ تُخْرِجَ الْمَوْتٰی مِنَ الْاَرْضِ وَالْمَرْقَدِ عَلٰی ھَیْئَۃٍ جَمِیْلَۃٍ

دے گا اور تو قادر ہے اس پر کہ نکالے مردوں کو زمین اور قبروں سے خوبصورت حالت پر

وَّاِنْ کَانَتْ عَلٰی ھَیْئَۃٍ قَبِیْحَۃٍ وَّکَذٰلِکَ الْمُذْنِبِیْنَ تَسْتُرُھُمْ تَحْتَ سِتْرِ

اگرچہ ہوں (بذاتِ خود) قبیح حالت پر اور ایسے ہی پردہ ڈالے گا گناہگاروں پر اپنی

رَحْمَتِکَ وَغُفْرَانِکَ وَلَا تَفْضَحُ بَیْنَ یَدَیِ الْخَلْقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

رحمت اور مغفرت کا اور نہیں رسوا کرے گا انہیں مخلوق کے سامنے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

Marfat.com

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ فَرْعٍ وَّفَرْدٍ وَّفَطِیْعٍ وَّ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر فرع اور فرد کے اور سخت قبیح امر کے

فَوْلَفٍ وَّفِسْقٍ وَّفَوْقٍ وَّفَبَاۃٍ وَّفَنَآءٍ وَّفَلَجٍ وَّفَرْحٍ وَّفَرْسَحٍ وَّفَصِیْحٍ وَّ

اور ہر غلاف و پردہ اور فسق و فجور اور فوقیت و بلندی کے۔ موسلا دھار بارش۔ فناء۔ کشادگی۔ فرحت فراخی وضاحت

فَدِیْدٍ وَّفَوْجٍ وَّفَاخِرٍ وَّفَقْرٍ وَّفَسْحٍ وَّفَوْزٍ وَّفَدْمٍ وَّفِکْرٍ وَّفَرْزٍ وَّفَقْرٍ وَّ

بلندئ آواز۔ فوج۔ صاحب فخر۔ فقر۔ کشادگی۔ کامیابی۔ سربلند۔ فکر۔ جدائی۔ موت و ہلاکت اور ہر

رَکَازٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

دفینہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

کُلِّ فَاحِشَۃٍ وَّفَارِضٍ وَّفَیْضٍ وَّفَرَطٍ وَّفَلْقَطٍ وَّفَلَطٍ وَّفَلَاطٍ وَّفَرْعٍ

ہر فاحشہ اور بوڑھی کے اور ہر فیض اور سبقت کے اور حیرانگی اور اچانک آمد کے اور چوٹی کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ قَصِیْرٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر کوتاہ قامت کے

وَّقَاعِدٍ وَّقَآئِمٍ وَّقَدِیْمٍ وَّقَلِیْلٍ وَّکَثِیْرٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور بیٹھے اور کھڑے اور قدیم کے اور ہر قلیل و کثیر کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ فَشَّاحٍ وَّفَصِیْحٍ وَّمَلِیْحٍ وَّفَلِیْحٍ وَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر کفتار۔ فصیح۔ خوبصورت۔ کشادہ اور

قَبِیْحٍ وَّعَجِیْجٍ وَّعَجٍّ وَّعُرُوْجٍ وَّعُمُوْجٍ وَّکَنْجٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

بدصورت کے ہر چلانے والے اور ہر چیخ کے اور بلندی پر چڑھنے اور دوڑنے کے اور میٹھی گوند کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ قَنَآءٍ وَّقَابَۃٍ وَّقَثِیْبٍ وَّقَصْلَبٍ وَّ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر خضاب والی اور خشک شئ کے اور عطیہ و ہدیہ اور قوی و شدید

قُطْرُبٍ وَّعَکَبٍ وَّعَاکِبٍ وَّعُکُوْبٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور ہر چور یا بھیڑیا اور غبار اور بھیڑ اور اژدہاموں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

Marfat.com

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ قَعْثَبٍ وَّ قَعَاسِبَ وَ قَهْزَبٍ وَّ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر کثیر و وافر اور طویل و دراز اور کوتاہ قامت اور

قُنُوْتٍ وَّ قُرْزُحٍ وَّ فَسْحٍ وَّ فَوْحٍ وَّ فَیَاحٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

عجز و انکسار۔ گھوڑے۔ فراخی۔ مہک اور مہکنے والے کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ قَزْدٍ وَّ قَفْعَدٍ وَّ قَدَارٍ وَّ قَعْرٍ وَّ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر قصد و ارادہ۔ پستہ قد۔ مقدار۔ گہرائی اور بہت بڑے شکاری کے

قَتُوْرٍ بِفَضْلِ قُرْآنٍ عَلٰی قَزِیْزٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی

مطابق پہاڑوں کی برتری کے تمام سمٹی سکڑی اشیاء پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ قُدَاحِسٍ وَّ قُدُّوْسٍ وَّ قُسٍّ وَّ قَسْقَاسٍ وَّ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر شجاع و بہادر۔ مقدس۔ تلاش و جستجو والے اور رہبر و رہنما کے اور

قَمْسٍ وَّ قَدِیْسٍ وَّ قَابُوْسٍ وَّ قُدُّوْسٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

غوطہ خور۔ پاکیزہ۔ حسین و خوبصورت اور منزہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ قَبْضٍ وَّ قَطْقَطٍ وَّ قَفْلٍ وَّ قُلٍّ وَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر تنگی و فقر۔ اولے۔ رجوع۔ قلت کے

قَوْلٍ وَّ قُبُوْلٍ وَّ اسْتِهْسَالٍ وَّ مِفْصَالٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور ہر قول۔ قبول۔ بلا اجازت سوار ہونے اور بہت جدا کرنے والے کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ کَبِیْرٍ وَّ کَلِمَةٍ وَّ کَلَامٍ وَّ قَسْمٍ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر کبیر۔ کلمہ اور کلام کے اور قسم

وَّ قَسَّامٍ وَّ قَسِیْمٍ وَّ قَیَّامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی

تقسیم کرنے والے اور بانٹنے والے اور منتظم کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ کَلَاءٍ وَّ کُبَابٍ وَّ کُتَاتٍ وَّ کُرْبَةٍ وَّ کُوْتِیٍّ وَّ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر سبزہ اور تمام اونٹوں کے۔ اور آہستہ چلنے اور ہر مصیبت کے اور کوتاہ قامت

Marfat.com

قَاضِیٍّ وَّقَفِیٍّ وَّمَرْصِیٍّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

قاضی ۔ مشفق اور مضبوط و مستحکم کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ کَشْکَثٍ وَّکُنَافِجٍ وَّکَدَرٍ وَّکَثِیْرٍ وَّ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر سنگریزے ۔ لاتعداد اشیاء مشقت ۔ بلند کوہان اور

کَثِیْرٍ وَّقَزِیْزٍ وَّقَرَازٍ وَّمُطَرَّزٍ وَّمِزٍّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

بہتاب اور سکڑنے سمٹنے والے اور مٹی وغیرہ کی مٹھی بھرنے والے اور نقش و نگار والے اور ہر مرتبہ و فضیلت کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ کَوْثَرٍ وَّکَفِیْرٍ وَّکُفْرٍ وَّکَصٍّ وَّکَعْصٍ فِیْ کُلِّ شَحُوْصٍ

نازل فرما سیدنا محمد پر مطابق تعداد ہر کثرت ۔ بلند پہاڑ ۔ کفر و بے دینی ۔ لوگوں کے اجتماع ۔ طعام کے ہر دفعہ خارج ہوتے

وَّشَاحِصٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

اور برآمد ہوتے کی مقدار ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

کُلِّ کَضْکَضَۃٍ وَّکَرْتَعٍ وَّکَرْعٍ وَّکُرَّاعٍ وَّکَثْفٍ وَّقَاحِفٍ وَّقُحَافٍ وَّ

ہر تیز رفتاری اور پچھاڑنے ۔ منہ لگا کر پینے ۔ گھوڑوں ۔ اونٹوں ۔ جماعت ۔ شدید آندھی ۔

قُعَافٍ وَّشَرِیْفٍ وَّاَشْرَافٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

زبردست سیلاب ۔ زور دار بارش اور ہر شریف اور تمام اشراف کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ کَدِفٍ وَّکِسْفَۃٍ وَّکَنَفٍ وَّکُحْلٍ وَّغَسُوْلٍ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر آوازِ پا ۔ ہر ٹکڑے ۔ پہلو و جانب ۔ سرمہ ۔ صابون اور غسل

وَّغَسِیْلٍ وَّغَزَالٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

دئے ہوئے اور ہر ہرن کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ لَیْلٍ وَّلَیْنٍ وَّلُبٍّ وَّلَجَبٍ وَّلَسُوْبٍ وَّلَثٍّ وَّلَطْثٍ وَّ

آل پر مطابق تعداد ہر رات ۔ نرمی ۔ خالص عقل ہنہنانے کے شور ۔ بہت مارنے والے ۔ نمی ۔

غَنْبٍ وَّغَمْبٍ وَّغُتْبٍ وَّغَمْدٍ وَّغَانِدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

چوڑی چیز سے پٹائی ۔ نازو نخرہ ۔ گھونٹ بھرنے اور تلوار میان میں ڈالنے اور بھرپور کشتی کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

Marfat.com

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ لَوْثٍ وَّلَیْثٍ وَّلِیَاحٍ وَّلَدِیْدَانٍ وَ

اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر آلودگی اور تمام بہادروں اور ہر سفید و روشن چیز اور وادی کے دو پہلوؤں

لَیَادٍ کُرَّاثٍ وَّکُثٍّ وَّکَشُوْثٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور سرکش و باغی اور گندنے اور گھنے بالوں والے کے اور افتیموں کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ لَجٍ وَّلَذَّۃٍ وَّلَمْزٍ وَّلَعْسٍ وَّلِیْفَسٍ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر چاٹ اور لذت۔ عیب جوئی۔ کاٹنے یا گنجان ہونے۔

وَّسُوْسٍ وَّسَآئِسٍ وَّقَلَّاسٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

شجاع و بہادر۔ گھن۔ نگران اور ہر بجز خار کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ لِصٍّ وَّلَعَضٍ وَّلَمُوْصٍ وَّلَفُطٍ وَّلُعَاعٍ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر چور اور سخت و دشوار اور جھوٹے۔ فریبی۔ کلام کے شور۔ ابتدائی روئیدگی

وَّدِفَاعٍ وَّدَفْعٍ وَّدِرْعٍ وَّدَارِعٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دور کرنے دفع کرتے اور ہر زرہ اور زرہ پوش کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ لَعْلَعَۃٍ وَّلَمْقٍ وَّلَمْلُوْمٍ وَّلَدِیْنٍ وَّلَسِنٍ

اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر شکستگی کے اور نگھنے یا مٹانے اور جماعت اور نرم و ملائم اور فصیح زبان

وَّحُسْنٍ وَّحَسَنٍ وَّحَسَّانٍ وَّجَدْنٍ وَّخِدْیْنٍ وَّخَزْنٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور حسن اور حسین اور بہت خوبصورت اور دوست اور پیارے دوست اور ہر ذخیرہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَاشٍ وَّمُسْتَیْقِظٍ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر پیادہ اور بیدار

وَّمُرٍّ وَّمَوْجُوْدٍ وَّمَعْدُوْمٍ وَّحُرَمٍ وَّحَرِیْمٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور کڑوے اور ہر موجود اور معدوم اور تمامتر عزتوں اور عزت والے مقام کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مُوَحِّدٍ وَّمُشْرِکٍ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر موحد اور مشرک کے

Marfat.com

وَّمُذَكِّرٍ وَّمُؤَنَّثٍ وَّمُخَنَّثٍ وَّدَيُّوثٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور ہر مذکر و مؤنث کے اور ہیجڑے اور دیوث کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَوَاتٍ وَّمَغْثٍ وَّمَوْجٍ وَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر پردہ اور لڑائی اور موج و

مَهْجَةٍ وَّمُجٍّ وَّصَبِيْجٍ وَّصَبَّاجٍ وَّصَحِيْجٍ وَّصَحَّاجٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

لہر اور روح و حیات اور بوسیدہ کپڑے کے اور حسین اور روشن ترین اور تندرست اور موزون و درست کے۔ اے اللہ صلواۃ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَرٍّ وَّمَسٍّ وَّمَصُوْرٍ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر ناز و ادا اور حسن کرنے اور سرور اور مغز اور تر و تازگی اور ٹکڑے

وَّمُخٍّ وَّمَادٍ وَّفُلْذٍ وَّفَوْرٍ وَّقَزِيْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور پیوند کے اور مصاحب و ساتھی کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَدٍّ وَّمُدَّةٍ وَّمَصٍّ وَّمَلٍّ وَّمَمْهَدٍ

اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر مد اور مدت کے اور گرمی کی شدت اور معتدل کیفیت کے اور سامان رکھنے

وَّمَنْضَدٍ وَّمَلَاذٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کے ٹیبل اور جائے پناہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَيْدٍ وَّمَيْدٍ وَّمَذْ مَاذٍ وَّمَجْرٍ وَّمَطَرٍ وَّزَيْزَدٍ وَّسَرَجٍ

آل پر مطابق تعداد ہر جنبش کے اور جھوٹے کے اور بہت باتونی اور بڑی فوج اور بارش اور حد سے متجاوز اور جمال رخ

وَّسِرَاجٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

اور ہر چراغ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد

كُلِّ مَوْرٍ وَّمَاتِعٍ وَّمَتَاعٍ وَّمَلَكٍ وَّمَقْيِلٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہر گردش۔ ہر نفع رساں۔ سامان اور فرشتہ اور دیکھنے کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ نَامٍ وَّنَائِمٍ وَّنَهَارٍ وَّنَبَاةٍ وَّنَشَاءٍ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر نشو و نما کے اور سوتے والے اور دن اور خبر دینے اور پیدائش

Marfat.com

وَّنُحْبٍ وَّنُحْبَةٍ وَّنُخُرُوْبٍ وَّنَيْرَبٍ وَّنَقْبٍ وَّنَقِيْبَةٍ وَّنُقْبَةٍ وَّنُوْبٍ وَّ

اور شدید گریہ وزاری اور قرعہ اور سوراخ اور چغلی و فساد اور سوراخ اور نگرانی اور دراڑ اور حادثہ پیش آنے اور

نَبْتٍ وَّنَعْتٍ وَّنَكِيْثَةٍ وَّنُوْرَجَةٍ وَّنَشْرٍ وَّنَدْرٍ وَّنَطْحٍ وَّنَقَاحٍ وَّنَجْدٍ وَّ

اگنے اور نعت گوئی اور بازگشت اور نکتہ چینی اور سیرابی اور فراخی و کشادگی اور مقابلہ و لڑائی اور مغز و حقیقت تک رسائی اور

نِشْدَةٍ وَّنَفَاذٍ وَّنَزٍّ وَّنَذَةٍ وَّنَفْسٍ وَّانْبِتَاشٍ وَّانْكِمَاشٍ وَّانْتِعَاشٍ

قوت و توانائی اور آواز و اعلان اور نافذ کرنے اور چشموں والی جگہ اور کھنگھار و اینٹ اور سانس اور پکڑنے اور سکڑنے اور سستی کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ

بعد جتنی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد ہر

وُجُوْبٍ وَّذُوْبٍ وَّوِسْبٍ وَّوَصَبٍ وَّوَظُوْبٍ وَّوَكُوْبٍ وَّوَلُوْبٍ وَّوَقْتٍ

ثبوت و تحقق اور پگھلنے اور گھاس اور بیماری اور دائمی عمل اور آہستگی سے چلنے اور جلدی سے داخل ہونے اور زمانہ کے

وَّوَلَتٍ وَّوَارِثٍ وَّوَاسِعٍ وَّوُدٍّ وَّوَلْثٍ وَّوَجٍّ وَّوَشِيْجَةٍ وَّلُوْجٍ وَّوَجَّاجٍ وَّ

تعین اور حق میں کمی کرنے اور وارث اور وسیع اور محبت و الفت اور پکے وعدہ اور تیزی اور باطنی تعلق اور جلدی سے داخل ہونے اور بہت تیز و جلد باز

وَخٍّ وَّوَادٍ وَّوَطِدٍ وَّوَذُوْذَةٍ وَّوَلُدٍ وَّوَبَدٍّ وَّوِتِدٍ وَّوَطِرٍ وَّوَسْوَسَةٍ وَّ

اور دردناک اور زندہ درگور کرنے اور مضبوط کرنے اور جلدی کرنے اور جنم دینے اور بدحالی اور میخ اور حاجت اور وسوسہ اور

اِخْتِصَاصٍ وَّاَتْرَاصٍ وَّاِخْلَاصٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

مخصوص ٹھہرانے اور ہموار اور خالص کرنے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ هَبٍّ وَّهَبْهَابٍ وَّهَجْبٍ وَّهَذْلَبَةٍ وَّهَلْبٍ

آل محمد پر مطابق تعداد ہر قوی اٹھان اور اٹھان والے اور سرعت اور ہلکا پن اور بہت بالوں والے

وَّهَنْقَبٍ وَّهَوْبٍ وَّهَمْرَجَةٍ وَّهَجُوْدٍ وَّهُوْهُوْ وَّهَجْسٍ وَّهَلْسٍ وَّهَمْسٍ وَّ

اور کوتاہ قامت اور دوری والے اور خیر میں گڑبڑ کرنے والے اور شب بیدار اور مخلوق اور اندیشہ اور لاغر کرنے اور دھیمی آواز اور

هَنْشَنٍ وَّهُمُوْدٍ وَّهَمَاذِيٍّ وَّهَبْنَرٍ وَّهَثْرٍ وَّهَزْيَزٍ وَّهَوْشٍ وَّهَيْشٍ وَّهَلْنَفْصٍ

ہلکے پھلکے اور بے آب و گیاہ اور تیز رفتار اونٹ اور کوتاہ قد اور ہتک کرنے اور جنبش دیئے ہوئے اور خالی پیٹ اور تخریب کار اور

Marfat.com

وَّهَرَمَّعٍ وَّهَوْعٍ وَّاَسْبَاغٍ وَّاِضَاغٍ وَّاِسْتِفْرَاغٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کوتاہ قامت اور تیز رفتار اور سخت بری حرص اور کامل و مکمل کرنے کے خوشحالی و شادابی اور خالی کرنے کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ يَاجُوْجٍ وَّمَاجُوْجٍ وَّبَارِجٍ وَّيَئِنَ بْنِ وَّيَرِمَ وَّيَسِرَّ

پر اور آل محمد پر مطابق تعداد یاجوج و ماجوج کے ہر ہر فرد کے اور قلب اور بردبار اور شدت اور آسانی اور تونگری

يَسَارٍ وَّيَسْتَعُوْرَ وَّيَعِرَّ وَّيَهِرَّ وَّيَاْسٍ وَّيُئْسٍ وَّيَشٍّ وَّيَتُوْعَ وَّيَرَاعَةٍ وَّيَرُوْعَ وَّيَفَعٍ وَّ

اور باطل و ناحق اور بکری کے بچہ کے جو شکار پھنسانے کیلئے باندھا جائے اور وسیع جگہ اور نامیدی اور خشکی اور مسرت و خوشی اور شیر دار پودے اور جگنو اور

يَانِعَاتٍ وَّيَانِعٍ وَّيَلَقٍ وَّيَتِيْمٍ وَّيَوْمٍ وَّيَمِيْنٍ وَّيُمْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بزدل اور جوان اور پختہ پھل اور تیار پھل اور سفید بکری اور یتیم اور دن اور قسم اور ہر برکت کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ اَلِفٍ وَّبَآءٍ وَّتَآءٍ وَّثَآءٍ وَّجِيْمٍ وَّحَآءٍ وَّخَآءٍ وَّدَالٍ وَّذَالٍ

و آل محمد پر مطابق تعداد ہر الف۔ باء۔ تاء۔ ثاء۔ جیم۔ حاء۔ خاء۔ دال اور ذال کے

وَّرَآءٍ وَّزَآءٍ وَّسِيْنٍ وَّشِيْنٍ وَّصَادٍ وَّضَادٍ وَّطَآءٍ وَّظَآءٍ وَّعَيْنٍ وَّغَيْنٍ وَّفَآءٍ

اور راء۔ زاء۔ سین و شین۔ صاد و ضاد۔ طاء و ظاء۔ عین و غین کے اور فاء

وَّقَافٍ وَّكَافٍ وَّلَامٍ وَّمِيْمٍ وَّنُوْنٍ وَّوَاوٍ وَّهَآءٍ وَّلَامٍ وَّهَمْزَةٍ وَّيَآءٍ فِى التَّوْرٰىةِ

وقاف۔ کاف و لام۔ میم و نون۔ واؤ اور ہاء اور لام و ہمزہ اور یاء کے جو تورات

وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْحَمِيْدِ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ وَفِىْ مِائَةِ صَحَآئِفَ اَللّٰهُمَّ

وانجیل اور زبور اور فرقان حمید۔ قرآن مجید اور سو صحیفوں میں ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ اَلِفٍ وَّبَآءٍ وَّتَآءٍ وَّثَآءٍ وَّجِيْمٍ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر الف۔ باء۔ تاء۔ ثاء اور جیم کے

وَّحَآءٍ وَّخَآءٍ وَّدَالٍ وَّذَالٍ وَّرَآءٍ وَّزَآءٍ وَّسِيْنٍ وَّشِيْنٍ وَّصَادٍ وَّضَادٍ وَّطَآءٍ وَّظَآءٍ وَّ

اور حاء۔ خاء۔ دال۔ ذال۔ راء۔ زاء۔ سین۔ شین۔ صاد۔ ضاد۔ طاء اور ظاء کے اور

عَيْنٍ وَّغَيْنٍ وَّفَآءٍ وَّقَافٍ وَّكَافٍ وَّلَامٍ وَّمِيْمٍ وَّنُوْنٍ وَّوَاوٍ وَّهَآءٍ وَّلَامٍ وَّهَمْزَةٍ

عین۔ غین۔ فاء۔ قاف۔ کاف۔ لام۔ میم۔ نون۔ واؤ۔ ہاء اور لام و ہمزہ

Marfat.com

وَّيَاْءٍ فِيْ اَحَادِيْثِ الرُّسُلِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْاِنْسِ وَكُلِّ ذِيْ رُوْحٍ وَّالْجَآنِّ وَغَيْرِهِمْ

اور یاء کے جو رسل کرام اور ملائکہ اور انسانوں اور ہر ذی روح اور جنوں وغیرہ کی کلاموں میں ہے

مِنْ لِّسَانِ الْحَالِ وَالْقَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

خواہ زبانِ حال سے سرزد ہوئی ہوں یا زبان قال سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ تَفْصِيْلٍ وَّجُمَلٍ وَّاِشَارَاتٍ وَّمُعْجَمٍ وَّنُقَطٍ وَّمُحْكَمٍ وَّ

پر مطابق تعداد ہر تفصیل اور تمام جملوں اور اشاروں اور حروف منقوطہ اور نقطوں کے اور ہر محکم اور

مَنْطُوْقٍ وَّمَفْهُوْمٍ وَّخَاصٍّ وَّعَامٍّ وَّاَخْبَارٍ وَّاَحْكَامٍ وَّشَكْلٍ وَّحَرَكَاتٍ وَّ

مدلول صریح اور مدلول غیر صریح اور خاص و عام اور اخبار و احکام اور ہر شکل اور تمام حرکات و

سَكَنَاتٍ وَّمُهْمَلٍ وَّمُفْصَلٍ وَّجُزْئِيَّاتٍ وَّكُلِّيَّاتٍ وَّمُتَشَابِهٰتٍ وَّاَمْرٍ وَّنَهْيٍ

سکنات کے اور مہمل و مفصل اور تمام جزئیات وکلیات اور متشابہات کے اور امر و نہی

وَّنَاسِخٍ وَّمَنْسُوْخٍ وَّعِبَرٍ وَّقَصَصٍ وَّوَعْدٍ وَّوَعِيْدٍ وَّشَدٍّ وَّمَدٍّ وَّحُرُوْفٍ وَّ

اور ناسخ و منسوخ اور تمام عبارات وقصص اور ہر وعدہ و وعید اور ہر شد و مد اور تمام حروف کے اور

حَلْقَةِ الْحُرُوْفِ وَاَنْوَارِ الْحُرُوْفِ فِي الْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

حروف کے حلقہ اور ان حروف کے انوار کے جو قرآن مجید میں ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا فِيْ خَلْفٍ وَّاَمَامٍ وَّغَيْرِهِمْ فِيْ عِلْمِ

محمد و آل محمد پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جو پچھلی اور سامنے والی جہت اور ان کے ماسوا میں ہیں اللہ تعالیٰ کے علم کے

اللّٰهِ يَا مَحْمُوْدُ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ مَدَدْتُّ يَدِيْ وَفِيْمَا عِنْدَكَ عَظُمَتْ رَغْبَتِيْ

مطابق اے محمود۔ اے اللہ میں نے تیری طرف ہی بڑھایا ہے اپنے ہاتھ کو اور جو کچھ تیرے پاس ہے اسی میں عظیم ہوئی میری

فَاقْبَلْ دَعْوَتِيْ وَاَقِلْنِيْ عَثْرَاتِيْ وَارْحَمْ تَضَرُّعِيْ وَجُدْ لِيْ بِمَغْفِرَتِكَ

رغبت پس میری دعا قبول فرما۔ میری لغزشوں سے درگزر فرما۔ میری حالت زار پر رحم فرما اور میرے لیے اپنی رحمت کی سخاوت فرما

وَاَعِذْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ لَكَ حُقُوْقًا فَتَصَدَّقْ بِهَا عَلَيَّ

اور مجھے گمراہ کن فتنوں سے پناہ دے۔ اے اللہ بیشک تیرے حقوق ہیں مجھ پر پس وہ مجھ پر صدقہ فرما دے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّکِّ الْجَلِیِّ وَالشِّرْکِ الْخَفِیِّ وَالْجَلِیِّ وَ

اے اللہ بیشک میں تجھ سے پناہ طلب کرتا ہوں واضح شک سے اور خفی و جلی شرک سے اور

اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا رَحِیْمُ

میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس شی کے شر سے جس سے پناہ طلب کی تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اے رحم فرمانے والے

کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّیَا غِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ سَخِّرْلِیْ کُلَّ شَیْءٍ مِّنْ مَّظَاھِرِہِ

ہر فریادی اور اندوہناک پر اور اس کے فریادرس اور جائے پناہ مسخر فرما میرے لیے مظاہر

الرَّحِیْمِیَّۃِ مِنْ فَلَکِیٍّ وَّنَبِیٍّ مُّرْسَلٍ وَّوَلِیٍّ مُّرْشِدٍ وَّشَہِیْدٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ کَلَامِہٖ

رحیمیت کی ہر شی فلکی ہو یا نبی مرسل اور ولی و مرشد ہو یا شہید جو لکھے ہوئے ہیں کلام

اِلٰھِیْ حَتّٰی یُحِبُّوْنِیْ وَیَنْصُرُوْنِیْ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا بِرَحْمَتِکَ لِلْعِبَادِ

الٰہی میں حتّٰی کہ مجھ سے محبت کریں اور میری مدد کریں دین و دنیا میں بطفیل تیری رحمت کے واسطے ان بندوں کے

الْمُصْرِخِیْنَ فِیْ دَعْوَاتِھِمْ وَاَصْوَاتِھِمْ عِنْدَ نُزُوْلِ الْبَلَآءِ وَالْتِحَاقِ الدَّآءِ

جو فریاد کرنے والے ہیں اپنی دعاؤں اور زاریوں والی آوازوں میں بلاؤں کے نزول اور بیماریوں کے لاحق ہونے پر

اِمَّا لِلْجِسْمِ کَاَنْوَاعِ الْاَمْرَاضِ فَتُعْطِیَ الشِّفَآءَ السَّارِیَ فِیْ سَوَادِ الْاَدْوِیَۃِ

خواہ جسم کے لیے مانند مختلف اقسام کے امراض کے پس تو عطا فرما ایسی شفا جو سرایت کرے مرکب اور مفرد

الْمُرَکَّبَۃِ اَوِ الْبَسِیْطَۃِ وَاِمَّا لِلْبَوَاطِنِ الْحِسِّیَّۃِ حِیْنَ تَسْرِی الْھَوَآءُ فِیْھَا

ادویہ میں اور خواہ باطنی حواس کو لاحق ہوں جبکہ سرایت کرے ان میں ہوا و باد

مُعْتَمِدُ لِلْاَھْوِیَۃِ الْفَاسِدَۃِ الْمُتَمَکِّنَۃِ فِی الْعُرُوْقِ فَتُخْرِجُھَا بِرَحْمَتِکَ وَ

ان فاسد ہواؤں کے بل بوتے پر جو رگوں میں قرار پذیر ہوتی ہیں پس نکال دے تو انہیں اپنی رحمت اور

شَفْقَۃٍ دَاعِیَۃٍ اِلٰی حِکْمَۃٍ نَاجِیَۃٍ وَّتَرَحَّمْ عَلَی السَّالِکِیْنَ الْمُتَوَجِّھِیْنَ اِلَیْکَ

شفقت سے جو داعی ہے نجات دینے والی حکمت کی طرف اور رحم فرما ان اہل سلوک پر جو تیری طرف متوجہ ہیں

حِیْنَ تَسْبِقُ الْخَطَرَاتُ الْمَانِعَاتُ لِلْوُصُوْلِ الْمَدَنِیِّ اِلٰی رُوْحٍ مُّطَھَّرٍ قُدُّوْسِیٍّ

جبکہ سبقت لے جائیں خطرات و خیالات جو وصول سے مانع ہوں طرف ان کے پاکیزہ قدوسی اور سبوحی

Marfat.com

اَوْ سُبُّوْحِیِّ فَتُزَیِّلُهَا مَمْحُوَّةً فَطَهِّرْ مِنَ الْاَدْنٰی اِلَی الْاَعْلٰی فَالْاَعْلٰی حِیْنَ

روحوں کے پس تو نے زائل فرمائے انہیں ملیامیٹ کرتے ہوئے۔ پس پاکیزہ فرما ادنیٰ سے اعلیٰ ترین کی طرف ترقی دیتے

یَقُوْلُ عِنْدَكَ السَّالِكُ وَطَهِّرْنِیْ عَنِ الْخَطَرَاتِ كُلِّهَا صَغِیْرِهَا وَكَبِیْرِهَا

ہوئے جبکہ عرض کرے حضور سالک۔ اور پاک فرما مجھے تمامتر صغیرہ وکبیرہ خطرات وخیالات سے جو

الْمَانِعَةِ لِتَقَرُّبِیْ بِالْاَرْوَاحِ الْقُدُّوْسِیَّةِ وَلَوْلَمْ یَكُنِ الْاِجَابَةُ لِصَرِیْخِنَا سُوْتِیِّ

مانع ہوں میرے تقرب میں ساتھ ارواح قدوسیہ کے اور اگر نہ میسّر ہو قبولیت ناسوتی وہادی

اَوْ مَلَكُوْتِیِّ لَسُدَّ طَرِیْقُ الرَّحْمَةِ وَفَرِحَتِ الشَّیَاطِیْنُ الذَّارِیَةُ الْجَمَادِیَّةُ وَ

اور ملکوتی وروحانی فریادیوں کے لیے تو رحمت کا راستہ بند ہو جائے گا اور خوش ہوں گے جمادی و

الَّذِیْنَ حُجِبُوْا عَنْ رِّعَایَةِ الْحُقُوْقِ الدُّنْیَوِیَّةِ وَالْاُخْرَوِیَّةِ الرَّحْمَانِیَّةِ فَالْجَنَّةُ

ناری شیاطین اور دنیوی واخروی رحمانی حقوق کی رعایت سے محجوب ومحروم لوگ پس جنت

رَحْمَةٌ وَاَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا فَفِیْ رَحْمَةِ اللّٰهِ وَالْمَظَاهِرُ الرَّحْمَانِیَّةُ ذَرَّاتُهَا تَصْرُخُ

رحمت ہے اور جو سعادت مند کئے گئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے مظہر ومحل رحمت میں ہیں اور مظاہر رحمانیہ کے تمام ذرات زاری اور فریاد

وَكُلٌّ یَّصْرُخُ وَیَسْتَغِیْثُ عَلٰی قَابِلِیَّتِهٖ وَتَعَلُّقِهٖ بِمَظْهَرٍ خَاصٍّ دُوْنَ خَاصٍّ حَتّٰی

کرتے ہیں اور مدد طلب کرتے ہیں اپنی قابلیت واستعداد اور تعلق پر ساتھ مظہر مخصوص کے بغیر دوسرے مظہر کے حتیٰ کہ

الْاَشْجَارُ وَالْجَمَادَاتُ عَلٰی حَسْبِ اَجْدَرِیَّتِهٖ حَتّٰی قُلْتَ وَخَاطَبْتَ لِزَكَرِیَّا عَلَیْهِ

نباتات اور جمادات بھی اپنی لیاقت اور صلاحیت کے مطابق۔ حتیٰ کہ تو نے فرمایا اور خطاب کیا حضرت زکریا علیہ

السَّلَامُ عِنْدَ الصَّرَاخِ وَالدَّعْوَةِ اِلَی الرَّحْمَةِ بِعَدَمِ الصَّرَاخِ لِسَبْقَةِ الرَّحْمَةِ

السلام کو ان کی فریاد اور التجاء رحمت کے وقت ساتھ (صبر اور) سکوت کے بسبب سبقت لے جانے رحمت باری کے

اللَّائِقَةِ بِالنُّبُوَّةِ الصَّبْرِیَّةِ السَّابِقَةِ الْجَمَالِیَّةِ الْكَمَالِیَّةِ عِنْدَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَهُوَ

جو لائق ہے مقام نبوت کے جو سبقت لے جانے والے صبر اور جمال وکمال والی ہے قیامت کے دن۔ اور وہ

فِیْ عَیْنِ الرَّحْمَةِ لِتَقْدِیْرِ النُّبُوَّةِ الَّتِیْ هِیَ عَیْنُ ظُهُوْرِ الْمَالِكِیَّةِ وَالسَّلْطَنَةِ

عین رحمت میں ہیں بسبب مقدر ہونے ان کی نبوت کے جو سراپا ظہور ہے مالکیت و سلطنت کا

Marfat.com

الْمُجَرَّدَةِ عَنْ شَوَآئِبِ الظُّلْمَةِ مِنْ تَعَيُّنَاتِ الْمُقَيَّدَةِ وَالشَّهْوِيَّاتِ الْمُتَعَدَّدَةِ

جو مبرا ہے ظلمت اور تاریکی کی آمیزشوں سے یعنی تعینات مقیدہ سے اور مختلف قسم کی خواہشات نفسانیہ سے

وَلَمْ يَكُنْ زَكَرِيَّا مَكْشُوْفَ الْحَالِ فِيْ تِلْكَ الْحَالَةِ وَاِلَّا لَمْ يَقْصُدْ اِلَى

اور حضرت زکریا علیہ السلام مطلع نہ تھے حقیقتِ حال پر اس حالت میں ورنہ قصد نہ کرتے فریاد

الصُّرَاخِ وَالْاِسْتِغَاثَةِ بَلْ مَنَعَ الْقَلْبَ عَنِ الدَّعْوَةِ الْحَقِيْقِيَّةِ لِاِيْصَالِهٖ

اور استغاثہ کا بلکہ روکتے دل کو حقیقی دعا سے بسبب واصل ہوتے ان کے حق

اِلَى الْحَقِّ بِسَبَبِ دَآءٍ شَدِيْدٍ اَلِيْمٍ مُفَرِّقٍ لِلْهَيْئَةِ الْبَدَنِيَّةِ فَيَا اِلٰهِيْ كُلِّ

کی طرف بسبب شدید اور دردناک بیماری کے جو پراگندہ کرنے والی تھی بدنی ہیئت کو پس اے تمام

مَوْجُوْدَاتِ اَنْتَ رَحِيْمٌ اِرْحَمْ بِاسْتِعْدَادِ الْخَاصِّ حَتّٰى اَتَرَقّٰى فِيْ كُلِّ

موجودات کے معبود تو رحیم ہے پس رحم فرما استعداد خاص عطا فرما کر حتی کہ میں ترقی کروں ہر ہر

لَمْحَةٍ وَّبُرْهَةٍ مِّنْ غَيْرِ مَانِعٍ اِلٰى جِسْمِيٍّ اَوْ قَلْبِيٍّ اَوْ غَلَبَةِ نَفْسٍ اَمَّارِيَّةٍ

لمحہ اور ساعت بغیر کسی جسمانی اور قلبی مانع کے اور نفس امارہ کے غلبہ کے

مُلْحَقَةٍ بِنَارِيَّةٍ وَّهَارِيَّةٍ اِلٰهِيْ اٰلَآئُكَ مُتَعَاقِبَةٌ غَيْرُ مُتَنَاهِيَةٍ ظَاهِرَةٌ

جو لاحق کرنے والا ہے دوزخ کی آگ کے ساتھ اور اس میں گرانے والا ہے۔ اے میرے الٰہ تیری نعمتیں مسلسل اور غیر محدود اور ظاہر ہیں

مَحْجُوْبَةٌ عَنْ تَعْدِيْدٍ وَّاِحْصَآءٍ بَلْ مُتَحَيِّرَةٌ فِيْ قُوَّةٍ بَاصِرَةٍ فَحَمْدُكَ طَوِيْلٌ

ان کی گنتی اور احاطہ ناممکن ہے بلکہ وہ نگاہوں کو حیران اور خیرہ کرنے والی ہیں پس تیری حمد (کا سلسلہ) دراز ہے۔

وَّشُكْرُكَ عَسِيْرٌ وَّلُطْفُكَ يَسِيْرٌ وَاِلَّا كَيْنَ اَنَا مُصِيْبٌ اِلٰهِيْ قَدْ تَمَّتِ

اور تیرا شکر مشکل ہے اور تیرا لطف و کرم آسان ہے (از روئے حصول کے) ورنہ میں اسے کس طرح پا سکتا۔ اے میرے الٰہ بیشک تمام

الْحَرَكَاتُ فِي الشَّخْصِيَّاتِ وَالسَّكَنَاتِ فَكَمِّلْنِي الْاٰنَ وَالْاٰتِيْ حَتّٰى اَتَصَرَّفَ

وکامل ہو چکی ہیں حرکات و سکنات کائنات کے اشخاص میں پس اب مجھے کامل فرما اور میرے اعضاء و اجزاء کو حتی کہ میں تصرف

كُلًّا فِيْ مَرْكَزِهٖ وَمَحَلِّهٖ مَعَ بَصِيْرَةٍ عَرَّافَةٍ لِجُزْئِيَّاتٍ لَاحِقَةٍ مُنْدَرِجَةٍ تَحْتَ

کروں ہر فرد کائنات میں اس کے مرکز اور محل میں مع اس بصیرت کے جو پہچان کرنے والی ہو جزئیات لاحقہ کی جو مندرج ہوں

Marfat.com

وِلَايَةٍ كُلِّيَّةٍ بِحَيْثُ يُوَافِقُهَا الْوِلَايَةُ الْاَقْطَابِيَّةُ وَالْاَوْتَادِيَّةُ مَعَ فُنُوْنٍ

ولایت کلیہ کے تحت اس انداز سے کہ موافق ہو ان کے ولایت اقطابیہ اور اوتادیہ بمع اپنے مختلف طریقوں کے

طُرُقِهَا طَاوِيَةً لِّعِلْمَيِ الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ مِنْ ظَاهِرِهِمَا اَللّٰهُمَّ كَمِّلْ اَوْقَاتِيْ

درآنحالیکہ وہ ولایت لپیٹنے والی ہو ظاہری و باطنی علموں کو ان کے ظاہر سے ۔ اے اللہ کامل فرما میرے اوقات

وَتَمِّمْ اَنَاتِيْ بِحَيْثُ تُخَالِصُهٗ عَنْ تَشْوِيْشَاتِ خَطَرَاتِيْ وَوَسَاوِسِ خَنَّاسِيْ

کو اور مکمل فرما میرے لمحات کو اس انداز سے کہ خالص کر دے انہیں میرے اندیشوں کی پراگندگیوں اور خناس کے وسوسوں سے

اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ السَّاطِعِ فِيْ بَدَنِيْ حَتّٰى تَمْلَاَ عُرُوْقِيْ وَاَمْعَآئِيْ وَيَخْرُجَ مِنْ

اے اللہ بسبب اپنے نور کے جو غلبہ پانے والا ہے میرے بدن میں حتی کہ میری رگوں اور انتڑیوں کو بھرپور کر دے اور

حَدَقَةِ بَصَرِيْ شُعَاعٌ مُحِيْطٌ بِكُلِّ شَيْءٍ وَّيَصِيْرُ نَحْوَ الْعَلَثِ غِذَآءً لِّمَنْ

برآمد ہو میری آنکھ کی پتلی سے ایسی شعاع جو ہر شئی کو محیط ہو اور ہو جائے مانند جو ملی گندم کے غذا واسطے ہر اس شخص

يُّقَابِلُ بِهٖ وَيَسْتَرْشِدُ هٰذَا مِنْ اِعْطَآئِكَ وَاِقْدَارِكَ اَللّٰهُمَّ نُوْرُكَ مُعِزٌّ لِّمَنْ

کے جو سامنے آئے اور یہ رشد اور بھلائی تیری عطا اور توفیق سے ہی حاصل کی جا سکتی ہے ۔ اے اللہ تیرا نور عزت بخشنے والا ہے تیری

يَّتَوَجَّهُ اِلَيْكَ وَمُذِلٌّ لِّمَنْ يُّعْرِضُ عَنْكَ فَعَظِّمْنِيْ بِمُشَاهَدَةِ اَنْوَارِكَ وَبِالْعَلَثِ

طرف متوجہ ہونے والے کو اور ذلیل کرنے والا ہے تجھ سے منہ موڑنے والے کو، مجھے عظمت بخش اپنے انوار کے مشاہدہ کے ساتھ اور ساتھ اختلاط

مَعَ هٰذِهِ الْاَمَّارَةِ حَتّٰى تَصِيْرَ مُطْمَئِنَّةً فَاَدْخُلَ يَوْمَ السُّرُوْرِ فِي الْخِطَابِ فَذٰلِكَ

انوار کے ساتھ نفس امارہ کے یہاں تک وہ نفس مطمئنہ بن جائے تاکہ ہو جائے مخاطب دخول جنت کے حکم کا سرور کے دن ۔ یہی ہے

غَايَةُ مَجْدِيْ وَفَخْرِيْ فَاَعْطِنِيْ مِنْهَا اٰمِيْنَ ط يَا عَظِيْمُ ذَا الثَّنَآءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَ

میری انتہائی بزرگی اور سرمایۂ فخر پس مجھے عطا فرما اس سے آمین ۔ اے عظیم ۔ اے قابل فخر ثناء اور عزت و کبریائی

الْكِبْرِيَآءِ عَظِّمْنِيْ بِالثَّنَآءِ لَكَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ وَاجْعَلْنِيْ ذَا فَخْرٍ بِحَيْثُ

کے مالک مجھے عظمت بخش اپنی ثناء کے ساتھ مانند اس ثناء کے جو ذات کے لیے کی ہے اور بنا دے مجھے ایسے فخر و اعزاز والا

لَا يَزَالُ وَلَا يَخْفِضُ وَاجْعَلْنِيْ عَزِيْزًا فِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ اٰمِيْنَ ط يَا قَرِيْبُ

کہ جو نہ زائل ہو اور نہ پست ہو اور بنا مجھے عزت والا اپنے ملک و ملکوت میں آمین ۔ اے قریب

Marfat.com

الْمُجِيْبُ الْمَكْدَانِيُّ دُوْنَ كُلِّ شَيْءٍ قُرْبُهٗ قَرِّبْنِيْ اِلَى الْعَقْلِ الْاَوَّلِ وَالْمَلَكِ

اے قبول کرنے والے۔ اے بہت فیض رساں۔ ہر چیز سے مقدم ہے قرب جس کا مجھے قریب فرما عقل اوّل اور ملک

الْمُقَرَّبِ صَاحِبِ اللَّوْحِ وَالْاُمِّ ثُمَّ مِنْهُ اِلٰى اَنْوَارِهٖ مَيَادِيْنُ الْجَمَالِ وَالْجَلَالِ فَاَجِبْنِيْ

مقرب کے جو لوح محفوظ اور ام الکتاب پر موکل ہے۔ پھر اس سے ان انوار کی طرف جو جمال وجلال کا وسیع میدان ہیں۔ پس قبول

يَا مُجِيْبُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُحِيْطٌ قَرِيْبٌ بِكُلِّ شَيْءٍ بِلَا كَيْفٍ وَّلَا كَمٍّ بَلْ هٰذَا الْوَصْفُ

فرما مجھے۔ اے قبول کرنے والے۔ اے اللہ تو محیط و قریب ہے ہر شئ کے بلا کیف و کم بلکہ یہ توصیف بھی

اَيْضًا كَيْفٌ عِنْدَ التَّنْزِيْهِ الْاِطْلَاقِيِّ وَالتَّعْبِيْرُ لِضَرُوْرَةٍ دَاعِيَةٍ فِي الْعَبْدِ بِوُجُوْدِ

اثبات کیف (کے حکم میں) ہے تنزیہ مطلق کے وقت اور ہماری یہ تعبیر بوجہ مجبوری کے ہے جو داعی ہے عبد کے لیے بسبب پائے

التَّعَذُّرِ فِي الْاَدَآءِ الْمُطْلَقِيِّ وَاَنْتَ مُنَزَّهٌ مِّنْ اَنْ تُعَبَّدَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ مَقَامِ

جانے تعذر واستحالہ کے اداءِ مطلق میں اور تو منزہ ہے اس سے کہ تجھ پر حکم کیا جائے۔ اے اللہ بنا مجھے مقام

الْاِطْلَاقِ بِالْقُرْبِ مِنْكَ اِلٰى اَنْ يَّسْقُطَ غَيْرُكَ ثُمَّ الْعِبَارَةُ اَيَّ عِبَارَةٍ كَانَتْ بَلْ

اطلاق اپنا قرب عطا فرما کر حتی کہ ساقط ہو جائے تیرا ماسوا (میری نظر سے) پھر تعبیر جیسی بھی ہو مضائقہ نہیں بلکہ ہو

مُلَاحِظًا بِعَيْنِ الْقَلْبِ مِنْ غَيْرِ اَنْ تَنْحَصِرَ فِيْ مَقَامٍ دُوْنَهٗ بَلْ تَشْرَعُ اِلٰى وَرَآءَ

جائیں مشاہدہ کرتے والے دل کی آنکھ کے ساتھ بغیر مقید ہوئے ساتھ ایک مقام کے بغیر دوسرے مقام کے بلکہ تیزی سے پہنچے وہ تعبیر

فَلَكِ الْاَفْلَاكِ وَلَا تُقَرِّبْنِيْ مِنَ النَّاسُوْتِيِّ الصَّلْصَالِيِّ الْعُنْصُرِيِّ الْكَثِيْفِيِّ

فلک الافلاک کے پار اور نہ قریب فرمانا مجھے ناسوتی، ارضی، خشک بجنے والی کثیف عنصر والی مادی اشیاء کے

وَقَرِّبْنِيْ اِلٰى اَبِ الْاَرْوَاحِ الْمُحَمَّدِيِّ بِالرُّوْحِ وَالْقَلْبِ حِيْنَ بَقَآءِ

بلکہ قریب فرمانا مجھے ابو الارواح روح محمدی کے روح وقلب کے ساتھ تا وقتیکہ

الشَّخْصِ الْعُنْصُرِيِّ اٰمِيْنَ بِحَقِّ يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّمَعَاذِيْ عِنْدَ

شخص عنصری باقی ہے آمین بطفیل (ان التجاؤں کے) اے میرے فریاد رس ہر غم واندوہ میں اور جائے پناہ

كُلِّ شِدَّةٍ وَّمُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَّرَجَآئِيْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيَلَتِيْ اَجِبْ

ہر شدت اور سختی میں اے قبول فرمانے والے دعا کے وقت ہر سوال و دعا کے۔ اے میری رجاء وامید وقت منقطع ہو جائے حیلہ گری کے

Marfat.com

هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ مِنِّیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ مِّنْ شَبَرِ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الْاِلٰهِيَّةِ اٰمِيْنَ ط

قبول فرما میری ان دعاؤں کو وقت قبول فرمانے کسی بھی دعا کے بطفیل وتصدق ان اسماء الٰہیہ کے آمین

يَا مَوْلَائِیْ وَيَا نَجْوَائِیْ وَيَا شَكْوَائِیْ عَبْدُكَ قَدْ ضَاقَتْ بِهِ الْاَسْبَابُ وَ

اے میرے مولیٰ۔ اے میرے ہمنشین ومشیر۔ اے میری شکایات دور کرنے والے تیرے اس عبد پر اسباب ووسائل

غُلِّقَتْ دُوْنَهُ الْاَبْوَابُ وَتَعَذَّرَ عَلَيْهِ سُلُوْكُ طَرِيْقِ الصَّوَابِ وَزَادَ بِهِ

تنگ ہو چکے ہیں اور اس کے سامنے دروازے بند کر دئے گئے ہیں اور مشکل ہو گیا ہے اس پر راہ راست پر چلنا اور بڑھ گیا

الْهَمُّ وَالْغَمُّ وَالْاِكْتِيَابُ وَانْقَضٰى عُمْرُهٗ وَلَمْ يُفْتَحْ لَهٗ اِلٰى فَسِيْحِ تِلْكَ الْحَضَرَاتِ

ہے اس کا غم واندوہ اور حزن وملال اور ختم ہونے کو ہے عمر اس کی اور ابھی تک نہیں دور ہوئیں اس کے لیے ان بارگاہوں کے وسیع میدانوں

وَمَنَاهِلِ الصَّفْوِ وَرَاعَاتِ بَابِهٖ وَالنَّفْسُ ذَآئِقَةٌ فِیْ مَيْدَانِ الْغَفْلَةِ وَدَنِیٌّ

اور شفاف پانی کے گھاٹوں کی طرف جانے والے راستہ کی رکاوٹیں۔ اور اس کا نفس لذت گیر ہے میدانِ غفلت میں اور اپنائے ہوئے

الْاِكْتِسَابِ وَاَنْتَ الْمَرْجُوُّ لِكَشْفِ هٰذَا الْمُصَابِ هَا هَا هَا هَا هَا هَا هَا

ہے گھٹیا افعال کو اور تجھی سے امید کی جاتی ہے اس آفت کے دور کرنے کی۔ افسوس، افسوس اہ۔اہ

هَا هَا هَا هَا اَقِمْنِیْ بِصِدْقِ الْعُبُوْدِيَّةِ بَيْنَ يَدَيْكَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ

اہ۔ اہ۔ اہ۔ قائم فرما مجھے سچی بندگی کے ساتھ اپنی بارگاہ میں آمین۔ آمین۔ آمین

اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

آمین۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان اسماء کے طفیل کہ صلوٰۃ نازل فرمائے محمد کریم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَرْزُقَنِیْ اِيْمَانًا وَّاَمَانًا مِّنْ عُقُوْبَاتِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور آلِ محمد پر اور مجھے ایمان وامان نصیب فرمائے دنیا وآخرت کی عقوبتوں سے

وَاَنْ تَصْرِفَ عَنِّیْ اَبْصَارَ الظَّلَمَةِ وَالْمُرِيْدِيْنَ بِنَا السُّوْٓءَ وَاَنْ تَصْرِفَ

اور پھیر دے مجھ سے ظالموں کی اور برے ارادہ والوں کی نظروں کو اور پھیر دے

قُلُوْبَهُمْ عَنْ شَرِّ مَا يُضْمِرُوْنَهٗ اِلٰى خَيْرِ مَا لَا يَمْلِكُهٗ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَآءُ

ان کے دلوں کو اس پوشیدہ شر سے طرف اس خیر کے جس کا سوائے تیرے کوئی مالک نہیں ہے۔ اے اللہ یہ دعا والتجا ہے

Marfat.com

مِنِّیْ وَمِنْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ مِنِّیْ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

میری طرف سے اور قبولیت تیری طرف سے ہی ہے۔ اور یہ میری سعی وکوشش ہے اور تجھی پر توکل ہے اور نہیں

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

قوت وطاقت مگر ساتھ اللہ علی عظیم کی توفیق کے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحْیِیْ بِهَا رُوْحِیْ وَتُوَقِّرُ بِهَا فُتُوْحِیْ وَتَرْفَعُ بِهَا حُجُبِیْ وَتُنَوِّرُ بِهَا

جس صلواۃ کے طفیل زندہ کردے میری روح کو اور باوقار بنائے میری فتوحات کو اور اٹھادے میرے حجابات کو اور منور فرمائے

قَلْبِیْ وَتُاَكِّدُ بِهَا حُبِّیْ وَتُحَقِّقُ بِهَا قُرْبِیْ وَتُزَكِّیْ بِهَا لُبِّیْ وَتُفَرِّجُ بِهَا

میرے دل کو اور راسخ فرمائے میری محبت کو اور پائیدار بنائے میرے قرب کو اور پاک فرمائے میری عقل کو اور دور فرمائے

كَرْبِیْ وَتَكْشِفُ بِهَا غَمِّیْ وَتَغْفِرُ بِهَا ذَنْبِیْ وَتَسْتُرُ بِهَا عَيْبِیْ وَتُؤَهِّلُنِیْ

میرے رنج والم کو اور دور کرے غم واندوہ کو اور بخش دے میرے گناہ اور چھپادے میرے عیوب کو اور اہل وقابل بنائے مجھے

بِهَا لِرُؤْيَتِهٖ وَمُشَاهَدَتِهٖ وَرِضَآئِهٖ وَتُعَهِّدُنِیْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَمُشَافَهَتِهٖ

اپنے محبوب کے مشاہدہ ودیدار کے اور ان کی رضامندی کے اور توعہد فرما میرے ساتھ ان سے ہمکلام کرنے اور روبرو بات چیت

وَوَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِتَوَجُّهِ الْعَافَةِ بِالرِّضَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

کرانے کا۔ اور مجھے توفیق دے اپنے محبوب اور پسندیدہ امور کی بسبب متوجہ کرنے عفت ورضا کے میری طرف۔ اے اللہ صلواۃ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ الْاَحَادِیْثِ وَالْاٰثَارِ فِیْ جَمِيْعِ

نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر مطابق تعداد تمام احادیث اور آثار کے جو تمام

كُتُبِ السَّمَاوِیِّ وَكُتُبِ الْاَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

آسمانی کتابوں اور ابرار کی کتابوں میں ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ الدَّلَآئِلِ وَالْاَخْبَارِ فِی الْاِخْفَآءِ وَالْاِظْهَارِ مِنْ

آل محمد پر مطابق تعداد تمام دلائل اور اخبار کے خواہ اخفاء سے متعلق ہیں یا اظہار سے

كُلِّ الدُّنْيَا وَالدُّهُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

ساری دنیا سے اور تمام زمانوں سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

Marfat.com

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ حَرَكَاتِ الْقَآئِمِيْنَ الْقَاعِدِيْنَ وَذَرَّاتِ الْاَرَضِيْنَ وَحَرَكَاتِ

پر مطابق تعداد تمام اہل قیام اور اہل قعود کی تمام حرکات کے اور تمام زمینوں کے تمام ذرات کے اور آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَقَرَارِ الْاَرَضِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

کی حرکات اور زمینوں کے قرار کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ وَالْمَغْفِرَةِ وَالْغُفْرَانِ فِيْ بُحْبُوحَةِ

محمد پر مطابق تعداد ہر رحمت اور رضوان کے اور مغفرت اور غفران کے جنتوں کے وسط اور اعلیٰ مقام

الْجِنَانِ بِفَضْلِ الرَّحْمٰنِ بِالْاِيْقَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

میں ساتھ فضل رحمٰن کے بسبب توفیق ایقان کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مِلْءِ الْمِيْزَانِ وَاَقْرَبِ الصَّنْدَانِ وَشَنْاٰنِ وَّشُبَّانِ وَّ

آل محمد پر مطابق میزان کی پری ۔ بلند ٹیلوں کی مقدار اور عداوت و دشمنی اور تمام جوانوں اور

شُجْعَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا

بہادروں کی مقدار کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد شب و روز

تَكَرَّرَ الْجَدِيْدَانِ وَمَا تَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَمَا اسْتَحَبَّ الْفَرْقَدَانِ وَحُلْوَانِ وَّ

کے تکرار کے اور زمانوں کے تعاقب و تسلسل کے اور فرقدان نامی ستاروں کی باہمی محبت کے اور ہر شیرینی و ہدیہ کے

فَيْضَانِ وَّفُرْقَانِ وَّمُدْهَامَّتَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور فیضان و فرقت اور سرسبز ترین جنتوں کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

بِعَدَدِ الْقَدْرِ وَالْاِمْكَانِ وَالْبِرِّ وَالْاِحْسَانِ وَالْخَيْرِ وَالْاِيْقَانِ وَالْاِسْلَامِ وَ

مطابق تعداد تقدیرات اور ممکنات کے اور برو احسان اور خیر و ایقان اور اسلام

الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

و ایمان کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد

صَآئِمِ شَهْرِ رَمَضَانَ وَقِيَامِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فِيْ اٰخِرِ عَشَرَةِ الرَّمَضَانِ اَللّٰهُمَّ

ماہ رمضان کے روزہ داروں کے اور قیام کرنے والوں کے لیلۃ القدر میں عشرہ اخیر کے اندر ۔ اے اللہ

Marfat.com

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مِلْحِ الْعُيُوْنِ

صلواۃ و سلام نازل سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر مطابق تعداد شور چشموں کے

وَخَيْرٍ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۚ وَالْخَوَاطِرِ وَالظُّنُوْنِ وَفُتُوْنٍ وَّسَيْحُوْنٍ وَّجَيْحُوْنٍ وَّعَوْنٍ

اور جمع کی ہوئی خیر اور بھلائیوں کے اور خیالات و گمانوں کے اور فتون و اقسام اور سیحون و جیحون اور امداد و اعانت کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْاَعْضَاءِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد اعضاء کے

